★★★پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام★★★
ABC CERTIFIED
DAILY QUWAT LAHORE
روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
ایڈیٹر امداد اللہ قریشی
Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com
جلد نمبر 14 | پیر 11 ربیع الاول 1445ھ 16 ستمبر 2024ء 31 بھادوں 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 203

فرمان الٰہی — اللہ ایک ہے
تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

عوام کی خوشحالی کیلئے جمہوریت ناگزیر ہے: مریم نواز

معاشی اور سیاسی استحکام صرف توانا جمہوریت ہی لا سکتی ہے، جمہوریت محض طرزِ حکومت نہیں، بلکہ عوام کی طاقت، حقوق اور انکی خدمت کا نظریہ ہے

جمہوریت زندہ باد، پاکستان پائندہ باد، جمہوریت کے تحفظ کیلئے محمد نواز شریف سمیت تمام جمہور پسند رہنماؤں کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتی ہوں

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کے لئے جمہوریت ناگزیر ہے۔ عالمی یوم جمہوریت پر اپنے پیغام میں مریم نواز کا کہنا تھا کہ جمہوریت زندہ باد، پاکستان پائندہ باد، جمہوریت کے تحفظ کیلئے محمد نواز شریف سمیت تمام جمہور پسند رہنماؤں کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتی ہوں، مسلم لیگ ن نے (صفحہ 7 بقیہ 1)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب اجلاس کی صدارت کررہی ہیں۔

مولانا فضل الرحمان کی اقتداء میں پی ٹی آئی رہنماؤں نے نماز مغرب ادا کی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے وفد کی مولانا فضل الرحمان سے ملاقات ہوئی، مولانا فضل الرحمان کی اقتداء میں پی ٹی آئی رہنماؤں نے نماز مغرب ادا کی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پی ٹی آئی وفد نے مولانا فضل الرحمان سے اپوزیشن اتحاد کو سپورٹ کرنے کی درخواست کی ہے۔ ملاقات میں حکومتی آئینی ترمیم کے مجوزہ مسودے کے (صفحہ 7 بقیہ 3)

2 ہزار لاپتہ افراد کی بازیابی: اختر مینگل نے شرط رکھ دی

ہماری ضرورت تو لاپتہ افراد ہیں، اپنا استعفیٰ کسی صورت واپس نہیں لوں گا

کوئٹہ (ویب ڈیسک) بلوچستان نیشنل پارٹی مینگل (بی این پی مینگل) کے سربراہ اختر مینگل نے مجوزہ آئینی ترمیم کی منظوری کے لیے حمایت کے بدلے بلوچستان کے 2 ہزار لاپتا افراد کی بازیابی کی شرط رکھ دی ہے۔ قومی اسمبلی میں آئینی ترمیم پر درکار ووٹوں کے حصول (صفحہ 7 بقیہ 2)

مہنگائی میں 38 فیصد سے 9.6 فیصد کی تاریخی کمی کسی معجزے سے کم نہیں، مریم اورنگزیب

وزیراعظم شہباز شریف نے معاشی طوفانوں کا رخ موڑ رہے ہیں' سینئر صوبائی وزیر کا بیان

لاہور (این این آئی) سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف کو ملک میں کئی سالوں بعد معاشی استحکام لانے پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں، نوجوانوں کو سمجھنا ہوگا کہ کیا وجہ ہے کہ مسلم لیگ (ن) کی حکومت آتے ہی معاشی اشاریے درست سمت میں جانا شروع ہو جاتے ہیں، مسلم لیگ (ن) کی حکومت آتے ہی مہنگائی میں تاریخی کمی آنا شروع ہوجاتی ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی حکومت آتے ہی عوام کو ریلیف ملنا شروع ہو جاتا ہے، مہنگائی میں 38 فیصد سے 6.9 فیصد کی تاریخی کمی کسی معجزے سے کم نہیں، (صفحہ 7 بقیہ 4)

آئی پی پیز کا کیپیسٹی چارجز میں کمی سے انکار، سرکاری پاور ہاؤسز کے نرخ کم کرنے مطالبہ

آئی پی پیز مالکان نے کسی زبردستی کی صورت میں عالمی ثالثی عدالت سے رجوع کرنے کی دھمکی دے دی

لاہور (این این آئی) انڈیپینڈنٹ پاور پروڈیوسرز (آئی پی پیز) نے کپیسٹی چارجز سمیت بجلی کے نرخوں میں کمی سے انکار کردیا ہے۔ ذرائع پیپکو کا بتانا ہے کہ بجلی کمپنیوں نے حکومت کو پہلے اپنے 52 فیصد پاور ہاؤسز کے نرخ کم کرنے اور بجلی بلوں پر 38 فیصد ناجائز ٹیکسز واپس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق آئی پی پیز مالکان کا کہنا ہے کہ حکومت پہلے ٹیکس ختم کرے اور اپنے پاور پلانٹس کے نرخ کم کرے پھر مذاکرات کرنے آئے۔ ذرائع کا بتانا (صفحہ 7 بقیہ 5)

مجوزہ آئینی ترامیم سامنے آگئیں

چیف جسٹس کی تقرری کا اختیار حکومتی کمیٹی کو دینے کی تجویز

منحرف اراکین کا ووٹ، آرٹیکل 63 میں ترمیم، آئین کے آرٹیکل 181 میں بھی ترمیم کئے جانے کا امکان ہے۔ آئینی عدالت کے فیصلے پر اپیل آئینی عدالت میں سنی جائے گی

ہائیکورٹ کے ججز کو دوسرے صوبوں کی ہائیکورٹس میں ٹرانسفر کرنے کی تجویز ہے۔ چیف جسٹس آف پاکستان کی تقرری سپریم کورٹ کے 5 سینئر ججز کے پینل سے ہوگی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت کی جانب سے کی جانے والی مجوزہ آئینی ترامیم سامنے آگئیں جن میں 20 سے زائد شقیں شامل ہیں۔ ذرائع کے مطابق آئین کی شقیں 51، 63، 175، 187 میں ترمیم شامل ہے۔ بلوچستان اسمبلی کی نمائندگی میں اضافہ، بلوچستان اسمبلی کی سیٹیں 65 سے بڑھا کر 81 کرنے اور آئین کے آرٹیکل 63 میں ترمیم شامل ہیں۔ منحرف اراکین کا ووٹ، آرٹیکل 63 میں ترمیم، آئین کے آرٹیکل 181 میں بھی ترمیم کئے جانے کا امکان ہے۔ آئینی عدالت کے فیصلے پر اپیل آئینی عدالت میں سنی جائے گی۔ آئینی عدالت میں آرٹیکل 184، 185، 186 سے متعلق درخواستوں کی سماعت ہوگی۔ ہائیکورٹ کے ججز کو دوسرے صوبوں کی ہائیکورٹس میں ٹرانسفر کرنے کی تجویز ہے۔ چیف جسٹس آف پاکستان کی تقرری سپریم کورٹ کے 5 سینئر ججز کے پینل سے ہوگی۔ حکومت سپریم کورٹ کے 5 سینئر ججز میں (صفحہ 7 بقیہ 9)

حکومت کی تمام ترامیم صرف فرد واحد کیلئے ہوتی ہیں، رؤف حسن

جو بھی فیصلہ آئے گا قبول کریں گے مگر لڑیں گے نہیں، ہمیں اپنے اراکین سے متعلق کوئی خوف نہیں، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان پاکستان تحریک انصاف رؤف حسن نے کہا ہے کہ حکومت کی تمام ترامیم صرف فرد واحد کیلئے ہوتی ہیں۔ نجی ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے رؤف حسن کا کہنا تھا کہ سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد فائدہ جس کو بھی ہوا ایک دو دن تک معلوم ہو جائے گا۔ قومی اسمبلی میں آئینی ترمیم کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے رؤف حسن نے کہا کہ ہمیں یقین ہے ہمارا کوئی بھی پارٹی ممبر چھوڑ کر نہیں جائے گا، جو بھی فیصلہ آئے گا ہم قبول کریں (صفحہ 7 بقیہ 6)

آئینی اصلاحات سے متعلق خصوصی پارلیمانی کمیٹی میں مزید 12 ارکان شامل

اسلام آباد (این این آئی) آئینی اصلاحات سے متعلق پارلیمنٹ کی خصوصی کمیٹی میں مزید 12 ارکان کو شامل کرتے ہوئے ایوان بالا سینیٹ کے تمام ایک درجن پارلیمانی لیڈرز کو کمیٹی کا حصہ بنادیا گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق آئینی اصلاحات سے متعلق پارلیمنٹ کی خصوصی کمیٹی میں توسیع کردی گئی، سینیٹ سیکریٹریٹ سے جاری نوٹی فکیشن کے مطابق مزید 12 ارکان کو کمیٹی کا حصہ بنایا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق سینیٹ (صفحہ 7 بقیہ 10)

کوشش ہے کہ وہ ترامیم لائیں جن پر ساری جماعتیں متفق ہوں، سید خورشید شاہ

موجودہ قانون سازی کے لیے پی ٹی آئی کو بھی رویہ تبدیل کرنا چاہیے، رہنما پیپلز پارٹی کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) سینئر سیاستدان اور پیپلز پارٹی کے رہنما سید خورشید شاہ نے کہا ہے کہ کوشش ہے کہ وہ ترامیم لائیں جن پر ساری جماعتیں متفق ہوں۔ پارلیمنٹ (صفحہ 7 بقیہ 7)

کراچی: گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری قونصل جنرل بحرین عبداللہ احمد بوقہوس کو اعلیٰ خدمات پر جناح یونیورسٹی برائے خواتین کی جانب سے ڈاکٹریٹ کی اعزازی ڈگری دے رہے ہیں۔

مولانا کو ہم نے کوئی آفر نہیں کی آفر آنا سیاست کا حصہ ہے: بیرسٹر گوہر

یہ بہت اہم قانون سازی ہے، جسے اپنے بجائے قوم اور ملک کے لیے کرنا ہے، پہلے ہم اسے دیکھیں تو سہی، پہلے ڈرافٹ پڑھیں تو سہی

ہم سمجھتے ہیں عدلیہ پر قدغن لگے گی، عدلیہ کمپرومائز ہو جائے گی، جج کو اس کی رائے کے بغیر ٹرانسفر کرنا غیر آئینی ہے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) جے یو آئی کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن سے ملاقات پر چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ مولانا کو ہم نے کوئی آفر نہیں کی، لیکن آفر آنا سیاست کا حصہ ہے۔ میڈیا سے گفتگو میں بیرسٹر گوہر نے کہا کہ میں سمجھتا ہوں مولانا نے اصولی موقف لیا ہے اور وہ اس پر قائم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ بہت اہم قانون سازی (صفحہ 7 بقیہ 8)

فیصل آباد: وزیراطلاعات وثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری جشن عید میلادالنبی کے موقع پر سکیورٹی انتظامات کے سلسلے میں اجلاس کی صدارت کررہی ہیں۔

اکبر ایس بابر کا سپریم کورٹ کے 8 ججوں کا فیصلہ چیلنج کرنے کا اعلان

سپریم کورٹ کیسے کسی غیر منتخب شخص کو پی ٹی آئی کے کارکنوں پر مسلط کرسکتی ہے، بانی رہنما پی ٹی آئی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی رہنما اکبر ایس بابر نے سپریم کورٹ کے 8 ججوں کا فیصلہ چیلنج کرنے کا اعلان کردیا۔ سپریم کورٹ میں مخصوص نشستوں کے کیس میں الیکشن کمیشن اور پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی درخواستوں پر (صفحہ 7 بقیہ 11)

کابینہ ڈویژن کا توشہ خانہ میں موصول تحائف کی قیمتوں کا تخمینہ لگانے کا فیصلہ

توشہ خانہ میں موصول تحائف کی قیمتوں کے لیے بولیاں 30 ستمبر کو ہی کھولی جائیں گی

اسلام آباد (این این آئی) کابینہ ڈویژن نے توشہ خانہ میں موصول تحائف کی قیمتوں کا تخمینہ لگانے کا فیصلہ کیا ہے اور اس کے لیے 30 ستمبر تک نجی تخمینہ کاروں سے بولیاں طلب کی گئیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق توشہ خانہ میں موصول تحائف کی قیمتوں کے لیے بولیاں (صفحہ 7 بقیہ 12)

قائداعظم محمد علی پاکستان میں پارلیمانی جمہوریت چاہتے تھے، شیری رحمان

شہید ذوالفقار علی بھٹو نے 1973 کا آئین دے کر ملک میں جمہوری نظام کو مستحکم کیا

اسلام آباد (این این آئی) نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ پاکستان کے جمہوری سفر میں پیپلز پارٹی کی قربانیاں اور کوششیں قابل قدر ہیں۔ اپنے بیان میں شیری رحمن نے کہا کہ جمہوریت کے دن عالمی دن کے موقع پر دنیا بھر کے جمہوریت پسند لوگوں (صفحہ 7 بقیہ 13)

آئینی ترمیم ہوگی یا نہیں، مولانا فضل الرحمان اہم ہوگئے

حکومت اور اتحادیوں کا سارا زور مولانا فضل الرحمان کو منانے پر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) گزشتہ روز حکومتی اتحادی جماعتوں اور اپوزیشن جماعتوں کی جانب سے مسلسل مولانا فضل الرحمان سے ملاقاتیں جاری رہیں، آخری خبریں آنے تک ابھی کوئی حتمی فیصلہ سامنے نہیں آسکا تھا تاہم اسحاق ڈار، اعظم نذیر تارڑ اور محسن نقوی نے (صفحہ 7 بقیہ 14)

آئینی ترامیم کل کابینہ کو نہیں پتہ مجھے کیسے پتہ ہوگا: اسحاق ڈار

مولانا سے ملاقاتیں ہوتی رہتی ہیں ضرورت پڑنے پر مولانا سے ملاقات کرلیتے ہیں، نائب وزیراعظم

آئینی ترمیم پر کیبنٹ فیصلہ کرے گی، آئینی ترامیم پہلے کابینہ پھر ایوان میں لائیں گے، وزیر قانون

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ آئینی ترامیم کا کابینہ کو نہیں پتہ مجھے (صفحہ 7 بقیہ 15)

لاہور: جی روڈ پر واقع مسجد باب الاسلام پر بارہ ربیع الاول کی مناسبت سے چراغاں کیا گیا ہے۔

عوام کو تیز ترین انصاف کی فراہمی کیلئے اصلاحات ناگزیر ہے: عطا تارڑ

ایسا تاثر دیا جارہا ہے مگر کسی مخصوص انسان کے لیے قانون سازی نہیں ہوگی، جو بھی ہوگا عوام کی بھلائی کیلئے ہوگا

کیسز کو نمٹانے میں کبھی کبھی دہائیاں لگ جاتی ہیں، نمبر گیم کے حوالے سے ہم پازیٹو ہیں، وفاقی وزیراطلاعات ونشریات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ عوام کو تیز ترین انصاف کی (صفحہ 7 بقیہ 16)

لاہور: پنجاب حکومت کی 'سواری سے خودمختاری' پالیسی کے تحت طالبہ کو سکوٹی کی علامتی چابی دی جارہی ہے۔

لاہور: آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور، سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ ودیگر افسران شہید کانسٹیبل ارشد رؤف کی نماز جنازہ کے موقع پر اجتماعی دعا میں شریک ہیں۔

اسحاق ڈار کی بلاول سے ملاقات، آئینی ترمیم پر نمبر گیم کیلئے مشاورت

بلاول بھٹو زرداری نے مولانا فضل الرحمان سے ہونے والی ملاقات پر اتحادی رہنماؤں کو اعتماد میں لیا

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نے چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری سے ملاقات کی جس میں موجودہ سیاسی صورتحال اور مجوزہ آئینی ترامیم سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈپٹی وزیراعظم اسحاق ڈار نے وزیر قانون سینیٹر (صفحہ 7 بقیہ 17)

جمہوریت کا اصل مقصد عوام کو ان کے حقوق فراہم کرنا ہے، ملک محمد احمد خان

سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کا جمہوریت کے عالمی دن کے موقع پر پیغام

لاہور (این این آئی) اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا کہ جمہوریت کا اصل مقصد عوام کو ان کے حقوق فراہم کرنا ہے۔ عوامی فلاح کے منصوبے جمہوریت کی اصل روح ہیں۔ جمہوریت عوام کی فلاح وبہبود کے لیے ہوتی ہے اس کے ثمرات عوام تک (صفحہ 7 بقیہ 18)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں جمہوریت کا عالمی دن منایا گیا

مقصد جمہوریت کو فروغ دینا اور لوگوں میں مضبوط جمہوری اداروں کی اہمیت کے بارے میں شعور پیدا کرنا ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں آج جمہوریت کا عالمی دن منایا جارہا ہے۔ اس دن کو منانے کا مقصد جمہوریت کو فروغ دینا اور لوگوں میں مضبوط جمہوری اداروں کی اہمیت کے بارے میں شعور پیدا کرنا اور لوگوں کے معیار زندگی کو بہتر بنانے میں مدد (صفحہ 7 بقیہ 19)

(ن) لیگ کے تمام ارکان کو آئینی ترمیم کے حق میں ووٹ ڈالنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے قومی اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر خواجہ آصف نے اراکین قومی اسمبلی اور سینیٹ میں (ن) لیگ کے پارلیمانی لیڈر عرفان صدیقی نے (ن) لیگ کے سینیٹرز کو مراسلہ بھیجا ہے۔ مراسلے میں (ن) لیگ کے تمام ارکان کو ایوان میں حاضر رہنے اور آئینی ترمیم کے حق میں (صفحہ 7 بقیہ 21)

پاکستان میں جمہوریت عوام کے حقوق اور آزادی کا ضامن ہے، سلیم مانڈوی والا

مضبوط جمہوری ادارے ملکی ترقی کی کنجی ہیں۔ سینٹ چیف وہپ ورہنما پیپلز پارٹی

اسلام آباد (این این آئی) سینٹ چیف وہپ سینیٹر سلیم مانڈوی والا نے کہا ہے کہ پاکستان میں جمہوریت عوام کے حقوق اور آزادی کا ضامن ہے۔ اپنے بیان میں سلیم مانڈوی والا نے کہا کہ عالمی یوم جمہوریت: مضبوط جمہوری ادارے ملکی ترقی کی کنجی ہیں۔ سلیم مانڈوی والا نے کہا کہ ہمیں

پیپلز پارٹی کے تمام سینیٹرز وارکان قومی اسمبلی کو اجلاس میں موجودگی یقینی بنانے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) پیپلز پارٹی کے سیکرٹری جنرل نیئر بخاری نے پارٹی کے تمام ارکان پارلیمنٹ کو مراسلہ جاری کردیا ہے جس میں تمام سینیٹرز وارکان قومی اسمبلی کو اجلاس میں موجودگی یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی۔ (صفحہ 7 بقیہ 33)

غلط یا نامکمل ٹیکس گوشوارے جمع کرانے والوں کیخلاف سخت کارروائی کا فیصلہ

جرمانہ، جائیداد یا گاڑیاں خریدنے سے روکا جائیگا، کی یوٹیلیٹی سروسز بھی منقطع کردی جائے گی

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی جانب سے ٹیکس دہندگان کے حوالے سے اہم خبر سامنے آئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق ایف بی آر کی جانب سے غلط یا نامکمل ٹیکس گوشوارے جمع کرانے والے ٹیکس دہندگان کیخلاف قانونی کارروائی کا (صفحہ 7 بقیہ 34)

پنجاب' 24 گھنٹوں میں ڈینگی کے 35 نئے کیسز رپورٹ

راولپنڈی سے 33، اٹک اور میانوالی سے ڈینگی کا 1،1 کیس رپورٹ ہوا ہے، محکمہ صحت

لاہور (این این آئی) پنجاب کے محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر کی جانب سے پنجاب بھر سے ڈینگی کے مریضوں کے اعداد وشمار جاری کیے گئے ہیں۔ محکمہ صحت پنجاب کے ترجمان کے مطابق پنجاب میں 24 گھنٹوں میں ڈینگی کے 35 نئے کیسز رپورٹ (صفحہ 7 بقیہ 20)

آئینی ترامیم سپریم کورٹ پر شب خون مارنے کے مترادف ہے: بیرسٹر سیف

جعلی مینڈیٹ والے آئینی ترامیم کے ذریعے ایک بار پھر سپریم کورٹ پر حملہ آور ہورہے ہیں، بیان جاری

پشاور (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبرپختونخوا بیرسٹر ڈاکٹر سیف نے کہا ہے کہ ترامیم سپریم کورٹ پر شب خون مارنے کے مترادف ہے۔ اپنے ایک بیان میں بیرسٹر سیف کا کہنا تھا کہ جعلی حکومت آئینی ترامیم کی ناکام کوشش کررہی ہے، ترامیم سپریم کورٹ پر (صفحہ 7 بقیہ 32)

خیبر پختونخوا میں پولیس افسران اور اہلکاروں پر سوشل میڈیا استعمال کرنے پر پابندی

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں پولیس افسران اور اہلکاروں پر سوشل میڈیا استعمال کرنے پر پابندی لگادی گئی ہے اور آر پی اوز اور ڈی پی اوز کو خلاف ورزی پر کارروائی کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ آر پی او اور ڈی پی اوز کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ سوشل میڈیا پالیسی کی خلاف ورزی پر وہ محکمانہ کارروائیاں کریں۔ خیبر پختونخو (صفحہ 7 بقیہ 30)

اسلام آباد: مولانا فضل الرحمان کی اقتداء میں پی ٹی آئی رہنماؤں نے نماز مغرب ادا کررہے ہیں۔

پشاور میں خیبر روڈ پر ٹریفک اہلکاروں کی جانب سے شہریوں پر تشدد ویڈیو وائرل

پشاور (این این آئی) پشاور میں خیبر روڈ پر ٹریفک اہلکاروں کی جانب سے شہریوں پر تشدد کیا گیا جس ویڈیو وائرل ہوگئی۔ ٹریفک پولیس کی جانب سے بتایا گیا ہے کہ واقعے کا علم ہوتے ہی ایس ایس پی ٹریفک نے رپورٹ طلب کر لی۔ وائرل فوٹیج میں ٹریفک اہلکاروں کو شہریوں پر تشدد کرتے دیکھا جاسکتا ہے (صفحہ 7 بقیہ 22)

ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری سے تیل اور گیس کے ذخائر میں اضافہ

مالی سال 2024ء کے اختتام پر خام تیل کے ذخائر میں 26 فیصد اور گیس کے ذخائر میں 2 فیصد اضافہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں مالی سال 2024ء کے اختتام پر خام تیل کے ذخائر میں 26 فیصد اور گیس کے ذخائر میں 2 فیصد اضافہ ہوا۔ ایس آئی ایف سی کی معاونت سے ''ایکسپلوریشن اور پروڈکشن'' میں نئی دریافتوں کے ذریعے تیل کے ذخائر 10 سال (صفحہ 7 بقیہ 23)

سرکاری بجلی کمپنیوں کی نجکاری پر احتجاج سے کیسے نمٹا جائے گا، پلان تیار

ڈسکوز، این ٹی ڈی سی، اور جنکوز پر لازمی سروس ایکٹ نافذ احتجاج اور ہڑتال پر پابندی ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) سرکاری بجلی کمپنیوں کی نجکاری پر ممکنہ احتجاج سے کیسے نمٹا جائے گا، حکومت نے اس کے لیے پلان تیار کر لیا۔ ذرائع کے مطابق وفاقی حکومت نے ڈسکوز، این ٹی ڈی سی، اور جنکوز پر لازمی سروس ایکٹ نافذ کردیا، حکومت نے 6 ماہ (صفحہ 7 بقیہ 31)

کراچی ایئرپورٹ پر ایک ہی روز میں تیسرا مشتبہ منکی پاکس کیس رپورٹ

تمام مشتبہ مسافروں کو سندھ حکومت کے انفیکشن ڈیزیز اسپتال منتقل کردیا گیا

کراچی (این این آئی) کراچی ایئرپورٹ پر ایک ہی روز میں تیسرا مشتبہ منکی پاکس کیس رپورٹ ہوا ہے۔ ذرائع کے مطابق دبئی سے کراچی آنے والی پرواز کی خاتون مسافر میں منکی پاکس کی علامات پائی گئیں۔ اس سے قبل سعودی عرب سے آنے والے دو (صفحہ 7 بقیہ 29)

افغان حکومت سے براہ راست بات کرنے کا علی امین کا بیان احمقانہ ہے: حنا ربانی کھر

جن کو لگتا ہے کہ بات کرنے سے تبدیلی آئے گی، انہیں کالعدم ٹی ٹی پی کی واپسی کے نتائج دیکھنے چاہئیں: سابق وزیر خارجہ

افغان طالبان کو پتا ہے کہ ٹی ٹی پی پاکستان کی ریڈ لائن ہے لیکن اس چیز کو پڑوسیوں نے اہمیت نہیں دی، پروگرام جرگہ میں گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیر خارجہ حنا ربانی کھر کا کہنا ہے کہ افغان حکومت سے براہ راست بات کرنے کا وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈا پور کا بیان احمقانہ ہے۔ (صفحہ 7 بقیہ 24)

آئینی ترامیم کیلئے ہمارے پاس مطلوبہ ارکان پورے ہیں: خواجہ آصف

چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کو توسیع دینے کی بات درست نہیں، جو بھی جوڈیشل ریفارمز آئیں گے، وہ اجتماعی نوعیت کی ہوں گی، انفرادی نہیں

اگر اپوزیشن یہ کہہ دے کہ ہمیں شکست ہونی ہے، تو پھر تو ان کے پلے کچھ نہیں رہتا، وزیر دفاع کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ ہمارے پاس مطلوبہ ارکان پورے ہیں۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا کہ (صفحہ 7 بقیہ 28)

آئینی ترمیم آج اسمبلی میں آرہی ہے یا نہیں ہمیں معلوم نہیں: کامران مرتضیٰ

آئینی ترمیم پر ہم اب اپنا مائنڈ اپلائی کررہے ہیں، قوم دعا کرے کہ ہم سے کوئی غلطی نہ ہو جائے' بیان جاری

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (جے یو آئی) کے سینیٹر کامران مرتضیٰ نے کہا ہے کہ آئینی ترمیم آج اسمبلی میں آرہی ہے یا نہیں ہمیں معلوم نہیں۔ ایک بیان (صفحہ 7 بقیہ 27)

لاہور: ڈی آئی جی آپریشن محمد فیصل کامران گرجا گھر کی سیکورٹی پر تعینات اہلکار کا اسلحہ چیک کررہے ہیں۔

پی ٹی آئی نے سینیٹ وقومی اسمبلی میں اراکین کے ووٹ روکنے سے متعلق دستاویز جمع کرادیں

پی ٹی آئی کے سینیٹرز نے تحریری طور پر آئینی ترمیمی بل کے حق میں ووٹ کاسٹ نہ کرنے کی یقین دہانی کروائی ہے، دستاویز

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے سینیٹ اور قومی اسمبلی میں اپنے اراکین اسمبلی کے ووٹ روکنے سے متعلق دستاویز جمع کرادیں۔ میڈیا رپورٹ (صفحہ 7 بقیہ 26)

بیوروکریسی کی سستی: کینسر کے مریضوں کے علاج معالجے کا اہم ترین منصوبہ تاخیر کا شکار

2 ارب 87 کروڑ روپے لاگت کے اس منصوبے کیلئے سوئس کمپنی 2 ارب روپے کی ادویات اور فنڈز فراہم کریگی

اسلام آباد (این این آئی) بیوروکریسی کی سستی کے باعث کینسر کے مریضوں کے علاج معالجے کا اہم ترین منصوبہ ایک سال تاخیر کا شکار ہوگیا، 2 ارب 87 کروڑ (صفحہ 7 بقیہ 25)

لاہور: تعطیل کے روز لاہور کے مصروف چوک لکشمی میں ٹریفک نہ ہونے کے باعث لکشمی چوک سنسان پڑا ہے۔

روزنامہ قوت لاہور



سٹی نیوز

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	3:30
فجر	4:20
ظہر	1:30
عصر	5:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	8:30

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال
111-809-809

سروسز ہسپتال لاہور
99203407-25

میو ہسپتال لاہور
9921110-6

جنرل ہسپتال لاہور
99284092-8

پی آئی سی لاہور
111-786-786

صوبائی وزیر پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر خواجہ عمران نذیر رائیونڈ اور غازی آباد ہسپتالوں کے امور کی بہتری کے لیے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور کے ٹی ایچ کیو، ڈی ایچ کیو ہسپتالوں میں ایوننگ او پی ڈی شروع کرنے کا اعلان

تمام ہسپتالوں میں کیو منیجمنٹ سسٹم مرحلہ وار نافذ کیا جائے گا، خواجہ عمران نذیر

رائیونڈ ہسپتال کے پرانے بیڈز تبدیل کر کے فوری نئے بیڈز فراہم کیے جائیں، صوبائی وزیر کی محکمہ صحت کو ہدایت

لاہور (خبرنگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر کی زیر صدارت رائیونڈ اور غازی آباد تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتالوں کے امور کی بہتری کے سلسلے میں اہم اجلاس محکمہ صحت میں منعقد ہوا۔ ... صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر نے کہا کہ تمام ہسپتالوں میں کیو منیجمنٹ سسٹم (QMS) مرحلہ وار نافذ کیا جائے گا۔ ... لاہور کے ٹی ایچ کیو، ڈی ایچ کیو ہسپتالوں میں ایوننگ او پی ڈی شروع کی جائے گی۔ ... رائیونڈ ہسپتال کے پرانے بیڈز تبدیل کر کے فوری نئے بیڈز فراہم کیے جائیں۔ ...

لیسکو اسمائیل نگر سب ڈویژن کا بجلی چوروں کیخلاف کریک ڈاؤن

ایل ٹی لائن سے ڈائریکٹ سپلائی لگا کر بجلی چوری کی جا رہی تھی

لاہور (خبرنگار) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) کے چیف ایگزیکٹو انجینئر شاہد حیدر کی ہدایت کے مطابق لیسکو ریجن میں بجلی چوروں کیخلاف آپریشن جاری ہے۔ اسی سلسلے میں ایس ڈی او اسمائیل نگر کی جانب سے اپنے اسٹاف کے ہمراہ مختلف علاقوں میں سرچ آپریشن کیا گیا۔ دوران آپریشن 10 کوارٹروں میں بجلی چوری پکڑی گئی۔ ...

نجی سیکورٹی کمپنی کا گارڈ منشیات کے دھندے میں ملوث

تمام سیکورٹی گارڈز کے کوائف سپیشل برانچ سے تصدیق کرانے کی ہدایت، پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر

لاہور (خبرنگار) جنرل ہسپتال کے نجی سیکورٹی کمپنی کے گارڈ کے منشیات کے دھندے میں ملوث پائے جانے پر ... پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر نے ہدایت کی ہے کہ تمام سیکورٹی گارڈز کے کوائف سپیشل برانچ سے تصدیق کرائے جائیں۔ ...

دریائے راوی پر تعمیر کیے گئے نئے پل کے نیچے کھدائی کی گئی ہے

دریاؤں اور آبی ذخیروں میں پانی کی صورتحال

لاہور (این این آئی) دریاؤں اور آبی ذخیروں میں پانی کی صورتحال ... (اخراج اور آمد کے اعداد و شمار: 100 کیوسک، 200 کیوسک، 400 کیوسک ...)

لیسکو مریدکے ڈویژن کا بجلی چوروں کیخلاف گرینڈ آپریشن، سینکڑوں بجلی چور گرفتار

لیسکو حکام نے بجلی چوری میں استعمال ہونیوالی تاریں قبضے میں لے لیں

لاہور (خبرنگار) لیسکو مریدکے ڈویژن کی جانب سے بجلی چوروں کیخلاف گرینڈ آپریشن ... 1328000 یونٹس ... جاری رہے گی۔

مولانا عبدالرحیم چترالی کے انتقال پر جے یو آئی (س) کا اظہار افسوس

مولانا عبدالرحیم کے انتقال سے عالم اسلام ایک بلند پایہ عالم دین سے محروم ہو گیا

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (س) کے رہنماؤں نے مولانا عبدالرحیم چترالی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ... اسلام ایک بلند پایہ عالم دین سے محروم ہو گیا۔

انارکلی چوک میں شہری سٹالز پر کتابیں دیکھ رہے ہیں

شکرگڑھ بچوں کیلئے دو وقت کی روٹی کمانے نکلنے والا مزدور چھت پر سریا چڑھاتے ہوئے بجلی کی تاروں سے ٹکرا گیا

شکرگڑھ (نامہ نگار) شکرگڑھ بچوں کے لئے دو وقت کی روٹی کمانے نکلنے والا مزدور ... چھت پر سریا چڑھاتے ہوئے بجلی کی تاروں سے ٹکرا گیا موقع پر جاں بحق ہو گیا پھر زندہ گھر نہ لوٹا۔ اشفاق مزدوری کرنے گھر سے نکلا تو اسے مین بازار کے قریب سریا چھت پر چڑھاتے ہوئے ... سہارا تھا حادثے کے بعد ریسکیو 1122 نے نعش کو ٹی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر دیا اس واقعے کے بعد پورے شہر میں سوگ کا سماں ہے۔

ربیع الاول آقا ﷺ کی سیرت اپنانے کے عزم کا مہینہ ہے، سنی علماء کونسل

عصر حاضر میں سیرت نبی ﷺ کے پیغام کو ہر سطح پر عام کرنے کی ضرورت ہے، مولانا حافظ حسین احمد

لاہور (این این آئی) صدر سنی علماء کونسل لاہور اور صوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ ربیع الاول آقا ﷺ کی سیرت اپنانے کے عزم کا مہینہ ہے، اللہ نے اپنے محبوب کے لئے اس دنیا کو سجایا، آقا ﷺ کی آمد سے دنیا سے جہالت کا اندھیرا ختم ہوا، عصر حاضر میں سیرت نبی ﷺ کے پیغام کو ہر سطح پر عام کرنے کی ضرورت ہے۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ ماہ ربیع الاول کا یہ عظیم مہینہ ہم سے تقاضا کرتا ہے کہ ہم اپنے اعمال کا اپنے اخلاق کا اپنی زندگی کا محاسبہ کریں اور یہ دیکھیں کہ ہماری زندگی میں کس قدر تعلیمات نبوی ﷺ کا اثر ہے حضور پاک ﷺ محسن انسانیت ہیں اور اللہ پاک نے آپ ﷺ کو رحمت للعالمین بنا کر بھیجا ہے حضور ﷺ نے اس دنیا کو ذلالت اور تاریکی سے نکال کر راہ ہدایت کی جانب گامزن کیا اسوہ رسول ﷺ پر عمل پیرا ہو کر کوئی بھی قوم کامیاب بن سکتی ہے اور معاشرہ دنیا کا سب سے مہذب اور بہترین معاشرہ بن سکتا ہے، امت مسلمہ معاملات اخلاقیات میں تعلیمات نبوی ﷺ سے رہنمائی حاصل کریں اپنی تہذیب اور ثقافت میں غیروں کی پیروی کرنے کی بجائے اسلامی اصولوں کو اپنایا جائے۔

پنجاب میں مقامی حکومتوں کی اہمیت اور موجودہ منظر نامے پر مکالمہ

سی پی ڈی آئی اور ایف این ایف کے زیر اہتمام تقریب منعقد ہوگی

ماہرین پنجاب میں بلدیاتی نظام کو بہتر بنانے کے لئے تجاویز فراہم کرسکیں گے

سینٹر فار پیس اینڈ ڈویلپمنٹ انیشیٹوز (سی پی ڈی آئی) اور فریڈرک نومن فاؤنڈیشن پاکستان (ایف این ایف) آپ کو پنجاب میں بلدیاتی نظام کی اہمیت اور موجودہ صورتحال پر مکالمہ کی تقریب مقامی ہوٹل میں منعقد کی جائے گی۔ سیشن کا مقصد پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کے بروقت انعقاد کی وکالت کرنے کے لیے مقامی حکومتی عہدیداروں، سابق منتخب نمائندوں، قانون سازوں، اور سول سوسائٹی کے اراکین کو باخبر بحث میں شامل کرنا ہے۔ ترجمان کے مطابق آپ کی شرکت بیداری بڑھانے اور ایک مضبوط لوکل گورننس فریم ورک کی مانگ پیدا کرنے میں اہم ہوگی جو کمیونٹیز کو بااختیار بناتا ہے اور میونسپل سروسز کی فراہمی کو بہتر بناتا ہے۔ یہ بحث پنجاب میں مقامی حکومتوں کی موجودہ حالت کا جائزہ لینے، انتخابات میں چیلنجز اور تاخیر کی نشاندہی کرنے اور پنجاب لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2022 کے نفاذ کا جائزہ لینے کے لیے ایک پلیٹ فارم فراہم کرے گی۔ موضوع کے ماہرین اور پینلسٹ سفارشات پیش کریں گے جس کا مقصد نہ صرف مقامی حکومتوں کو مضبوط کرنا ہے۔ بلکہ ان کی فعالیت کو یقینی بناتے ہوئے، انہیں نچلی سطح پر ترقی کے لیے اتپریرک کے طور پر کام کرنے کے قابل بنانا ہے۔ یہ تقریب سابق بلدیاتی نمائندوں سے بصیرتیں بھی اکٹھی کرے گی، جس سے وہ اپنے تجربات شیئر کرسکیں گے اور پنجاب میں بلدیاتی نظام کو بہتر بنانے کے لیے حقیقی وقت میں تجاویز فراہم کرسکیں گے۔

پاکستان سنی تحریک چائنہ سکیم لاہور کے زیراہتمام 12 ربیع الاول کی مناسبت سے ریلی کی علامہ ریاض ہزاروی و دیگر علماء قیادت کر رہے ہیں

پاکستان سنی تحریک کے زیراہتمام جشن عید میلاد النبی ﷺ ریلی کا انعقاد

تاجدار ختم نبوت ﷺ کی آمد کی خوشیاں تاقیامت منائی جاتی رہیں گی علامہ ریاض ہزاروی

لاہور (این این آئی) پاکستان سنی تحریک چائنہ سکیم لاہور کے زیراہتمام جشن عید میلاد النبی ﷺ ریلی کا انعقاد کیا گیا جس میں صدر سنی تحریک ضلع لاہور علامہ ریاض ہزاروی، سرپرست اعلیٰ مفتی شفاقت جھدی، علامہ پیر سیف اللہ نقشبندی، علامہ رب نواز جلالی، علامہ عبدالرزاق، صاحبزادہ نعمان شاکر، حافظ شاہد قادری، سلیم قادری، علامہ امجد سعیدی، پیر اسلم ایاز سلطانی، علامہ صابر سعیدی، علامہ مفتی عمر مجید بسرا، علامہ طارق محمد قادری، علامہ عرفات قادری، حافظ طیب یوسفی سمیت دیگر علماء ومشائخ کی کثیر تعداد نے شرکت کی، ریلی کے شرکاء نے آقا ﷺ کی آمد مرحبا کے نعروں سے فضا کو معطر کر دیا۔ ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے صدر سنی تحریک ضلع لاہور علامہ ریاض ہزاروی نے کہا کہ نبی پاک ﷺ پوری انسانیت کے لئے رحمت بن کر آئے، آپ ﷺ کی آمد کی خوشیاں منا کر مسلمان دلی سکون حاصل کرتے ہیں، آپ ﷺ کی آمد سے کفر کے اندھیرے چھٹ گئے اور دنیا میں ہر طرف نور چھا گیا، حق کا بول بالا ہوا، تاجدار ختم نبوت ﷺ کی آمد کی خوشیاں تاقیامت منائی جاتی رہیں گی۔

ڈوگر ویلفیئر ٹرسٹ کے زیر انتظام سہالہ میں لگائے گئے تین روزہ فری آئی کیمپ کا گزشتہ روز اختتام ہوگیا

فری آئی کیمپ میں ان تین دنوں میں چھ سو مریضوں کا چیک اپ کیا گیا اور چالیس آپریشن کیے گئے

اسلام آباد (سی این پی) ڈوگر ویلفیئر ٹرسٹ کے زیر انتظام سہالہ میں لگائے گئے تین روزہ فری آئی کیمپ کا گزشتہ روز اختتام ہوگیا۔ اس فری آئی کیمپ میں ان تین دنوں میں چھ سو مریضوں کا چیک اپ کیا گیا اور چالیس آپریشن کیے گئے۔ جبکہ مریضوں کو فری ادویات اور عینکیں مہیا کی گئیں۔ ڈوگر ویلفیئر ٹرسٹ کے چیئرمین جاوید اقبال ڈوگر نے بتایا کہ آئندہ فری آئی کیمپ کے انعقاد کی تاریخوں اور مقام کا جلد اعلان کر دیا جائے گا۔ یہ تین روزہ فری آئی کیمپ چیئرمین یوسی عظیم ٹاؤن ... تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کے مضافاتی علاقہ سہالہ میں فری آئی کیمپ عظیم ٹاؤن نزد یونیورسٹی سہالہ میں ڈوگر ویلفیئر ٹرسٹ کے زیر انتظام لگا گیا جہاں پرچی، ادویات و آپریشن کی مد میں کوئی فیس وصول نہیں کی گئی۔ آئی سپیشلسٹ ڈاکٹر خالد ڈوگر وائس چیئرمین ڈوگر ویلفیئر ٹرسٹ کی زیر نگرانی میڈیکل سٹاف نے اعزازی خدمات سرانجام دیں۔ اس حوالے سے چیئرمین ڈوگر ویلفیئر ٹرسٹ جاوید اقبال ڈوگر نے کیمپ کے لیے اعلیٰ انتظامات کیے۔ ڈوگر ویلفیئر ٹرسٹ اب تک ملک بھر میں ... جات کے دیہی علاقوں میں تین ہزار پانچ سو فری آئی کیمپ لگا چکا ہے جہاں مریضوں کو نہ صرف فری ادویات اور عینکیں مہیا کی گئیں بلکہ سینکڑوں مریضوں کے فری آپریشن بھی کیے گئے۔ فری آئی کیمپوں میں آئی سپیشلسٹ ڈاکٹر خالد ڈوگر، ڈاکٹر کرنل ریٹائرڈ مناف ڈوگر اور ڈاکٹر شاہد ڈوگر نے ہمیشہ اعزازی طور پر خدمات سرانجام دیں۔ چیئرمین ڈوگر ویلفیئر ٹرسٹ سردار جاوید اقبال ڈوگر نے بتایا کہ بہت جلد کسی دوسرے مقام پہ ایسا ہی فری آئی کیمپ لگایا جائے گا جس کے لیے تاریخ و مقام کا جلد ہی اعلان کر دیا جائے گا۔

ڈوگر ویلفیئر ٹرسٹ کے زیر اہتمام لگائے گئے فری آئی کیمپ میں ڈاکٹر خالد ڈوگر مریضوں کی آنکھوں کا معائنہ جبکہ چیئرمین جاوید اقبال ڈوگر مریضوں کو عینکیں پیش کر رہے ہیں

مرکزی مسلم لیگ کا ملک بھر میں ریسکیو ٹریننگ ورکشاپس منعقد کرنے کا اعلان

تربیتی پروگرامز کا مقصد لوگوں میں شعور پیدا کرنا ہے

لاہور (خبر نگار) مرکزی مسلم لیگ کا ملک بھر میں ریسکیو ٹریننگ ورکشاپس کروانے کا اعلان۔ محمد سرور چوہدری چیئرمین شعبہ خدمت خلق پاکستان مرکزی مسلم لیگ نے ذمہ داران کے اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا مقصد ایسے نوجوان تیار کرنا ہے۔ جو کسی حادثے، سانحے کی صورت میں امداد کا انتظار کرنے کی بجائے خود آگے بڑھ کر مدد کریں۔ اس مقصد کے لیے ملک بھر میں ریسکیو ٹریننگ ورکشاپس کا انعقاد کرنے جا رہے ہیں جس میں کمیونٹی ڈویلپمنٹ، ریسکیو اینڈ سیفٹی ٹریننگ ورکشاپس میں فائر ریسکیو، فرسٹ ایڈ، ڈیڈ باڈی مینجمنٹ، ٹائم مینجمنٹ، شارٹ کورس آف ٹراما، فریکچر مینجمنٹ کے تربیتی سیشنز شامل ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ تربیتی پروگرامز کا مقصد لوگوں میں شعور پیدا کرنا ہے کہ وہ اپنے گھر، دفاتر، محلوں اور سڑکوں پر ہر قسم کے حادثات پر قابو پا سکیں اور کم سے کم وقت میں لوگوں کی زندگی بچانے میں کردار ادا کرسکیں۔ محمد سرور چوہدری نے کہا کہ اس سے قبل مون سون میں بھی شعبہ خدمت خلق پاکستان مرکزی مسلم لیگ کی جانب سے ملک بھر میں تیراکی کے کورسز کروائے گئے جس میں ہزاروں نوجوانوں نے حصہ لیا۔ اسی طرح شعبہ خدمت خلق پاکستان مرکزی مسلم لیگ ملک بھر میں نوجوانوں کو مشغول رکھنے اور باوقار شہری بنانے کے لیے تربیتی ورکشاپس کا سلسلہ جاری رکھے گی۔ یاد رہے شعبہ خدمت خلق پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے تحت پہلی ریسکیو ٹریننگ ورکشاپ 22 ستمبر کو گوجرانوالہ میں ہوگی۔

پیر سید اشرف کشفی شاہ نظامی رحمۃ اللہ علیہ کے عرس مبارک منانے کی تیاریاں عروج پر

11 ربیع الاول کی رات کو محفل حمد و نعت اور محفل سماع ہوگی

شکرگڑھ (نامہ نگار) نواحی گاؤں چک قاضیاں میں جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شایان شان منانے اور پیر سید اشرف کشفی شاہ نظامی رحمۃ اللہ علیہ (بانی سیرت کمیٹی و یوم عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے عرس مبارک منانے کی تیاریاں عروج پر پہنچ گئیں۔ درود پاک اور صلوت وسلام کی صداؤں سے فضا گونج اٹھی۔ چیف کوآرڈینیٹر دیہاتی فلاحی فاؤنڈیشن سید سخاوت علی گیلانی نے بتایا کہ اس گاؤں کو انسان دوستوں اور اولیاء اللہ کی سر زمین بھی سمجھا جاتا ہے۔ اسے نارووال کا ملتان بھی کہا جاتا ہے۔ اس گاؤں کی وجہ شہرت جسے عالمی سطح پر پہچانا جاتا ہے وہ یہ ہے کہ اس گاؤں کی ایک بزرگ روحانی ہستی پیر سید محمد اشرف کشفی شاہ نظامی رحمۃ اللہ علیہ کو یہ شرف حاصل ہوا کہ انہوں نے امت کو بارہ وفات منانے کی بجائے عوام کو جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منانے کا ایک خوبصورت نام دیا۔ انہوں نے اس دن کے موقع پر جلوس نکالنے کا آغاز 1912 عیسوی میں رنگون (برما) سے کیا۔ آپ بانی سیرت کمیٹی ہیں۔ 11 ربیع الاول کی رات کو محفل حمد و نعت اور محفل سماع ہوگی جس کی صدارت سجادہ نشین آستانہ عالیہ کشفیہ نظامیہ سید وحید حسین گیلانی نظامی کریں گے چیف جسٹس ریٹائرڈ سید زاہد حسین گیلانی مہمان خصوصی ہوں گے۔ 12 ربیع الاول کو صبح 7 بجے آستانہ عالیہ کشفیہ نظامیہ سے جلوس نکالا جائے گا۔ جو دربار سید فیروز الدین گیلانی (ابوالمکارم) دربار سید عیسیٰ گیلانی دربار سید موسیٰ گیلانی دربار سید شمشیر علی نظامی دربار سید شیخ جلال الدین گیلانی سے ہوتا ہوا دربار حضرت بی بی مریم صاحبہ گیلانی القادری رحمۃ اللہ علیہ پہنچے گا وہاں حمد و نعت کے بعد محفل سماع ہوگی۔ وہاں سے جلوس دربار سید مالک علی شاہ اور دربار سید عطا محی الدین گیلانی سے ہوتا ہوا دربار پیر سید اشرف کشفی شاہ نظامی جائے گا وہاں محفل حمد و نعت ہوگی اور ختم پاک ہوگا اور چیف جسٹس ریٹائرڈ سید زاہد حسین گیلانی زائرین سے خصوصی خطاب فرمائیں گے اس کے بعد دعا ہوگی اور لنگر تقسیم کیا جائے گا۔

مرکزی مسلم لیگ کے زیراہتمام چیمبر آف کامرس کے انتخابی جلسے سے پیٹرن انچیف انجم نثار، فہیم سہگل، خالد نیک گجر اور ڈاکٹر مزمل ہاشمی سمیت دیگر رہنما خطاب کر رہے ہیں

مرکزی مسلم لیگ کا تاجر برادری کے اعزاز میں ظہرانہ کا اہتمام

مرکزی مسلم لیگ کا لاہور چیمبر آف کامرس کے الیکشن میں "پیاف، پی بی جی اور پروگریسو الائنس کی حمایت اعلان

لاہور (خبرنگار) مرکزی مسلم لیگ نے لاہور چیمبر آف کامرس کے الیکشن میں "پیاف، پی بی جی اور پروگریسو الائنس کی حمایت اعلان کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق مرکزی مسلم لیگ کے زیر اہتمام نجی ہوٹل میں تاجر برادری کے اعزاز میں ظہرانہ کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں لاہور بھر کی تاجر برادری نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ لاہور چیمبر آف کامرس کے الیکشن کے حوالے ظہرانے میں پیٹرن انچیف میاں انجم نثار، فہیم سہگل الرحمن، چیئرمین پیاف، خالد عثمان صدر پروگریسو گروپ، علی حسام چیئرمین پی بی جی، خالد نیک گجر، ڈاکٹر مزمل اقبال ہاشمی، رانا شعبان اختر سمیت دیگر رہنماؤں نے اظہار خیال کیا۔ پیٹرن انچیف میاں انجم نثار نے مرکزی مسلم لیگ کی تاجر برادری سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بزنس کمیونٹی کے حقوق کے لیے ہر حد تک جائیں گے حکومت تاجر برادری کے ساتھ جو ناروا سلوک کر رہی ہے اس کی پرزور مذمت کرتے ہیں۔ ناجائز ٹیکسز کی بھرمار سے ملک کے چھوٹے تاجر کو زندہ درگور کیا جا رہا ہے۔ بزنس کمیونٹی کی عزت کو کسی صورت پامال نہیں ہونے دینگے۔ مرکزی مسلم لیگ کے لیڈران کا شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے پیاف پروگریسو الائنس پر اعتماد کرتے ہوئے ہماری حمایت کا اعلان کیا۔ چیئرمین پیاف فہیم الرحمن سہگل نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مرکزی مسلم لیگ نے لاہور چیمبر آف کامرس کے الیکشن کے حوالے سے بزنس کمیونٹی کے بھرپور جوش خروش پیدا کیا ہے۔ لاہور کی بزنس کمیونٹی موروثی سیاست کا خاتمہ کرے گی، مرکزی مسلم لیگ لاہور کے جنرل سیکرٹری ڈاکٹر مزمل اقبال ہاشمی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مرکزی مسلم لیگ لاہور کی تاجر برادری کے ساتھ کھڑی ہے۔ پاکستان کے لیے سب سے بڑا چیلنج معیشت کی بحالی ہے۔ جب تک تاجر برادری کو بنیادی حقوق فراہم نہیں کیے جائیں گے کاروبار زندگی اپنے معمول پر نہیں آئے گا ملک سے معاشی مسائل کا حل ممکن نہیں ہے۔

ڈوگر ویلفیئر ٹرسٹ کے زیر انتظام تین روزہ فری آئی کیمپ کا انعقاد کیا گیا ہے

تین روزہ فری آئی کیمپ چیئرمین یوسی عظیم ٹاؤن سہالہ چوہدری قیصر عظیم کے ڈیرہ پہ لگایا گیا ہے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) ڈوگر ویلفیئر ٹرسٹ کے زیر انتظام تین روزہ فری آئی کیمپ کا انعقاد کیا گیا ہے۔ 13 ستمبر سے شروع ہونے والے فری آئی کیمپ کا آج آخری روز ہوگا۔ ہفتہ کی شام تک چار سو مریضوں کو چیک کیا گیا جبکہ پچیس مریضوں کے آپریشن کیے گئے۔ تین روزہ فری آئی کیمپ چیئرمین یوسی عظیم ٹاؤن سہالہ چوہدری قیصر عظیم کے ڈیرہ پہ لگایا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد ... کیمپ میں صبح سات سے گیارہ بجے تک مریضوں کا چیک اپ کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد آپریشن کیے جاتے ہیں۔ پرچی، آپریشن کی مد میں کوئی فیس وصول نہیں کی جاتی۔ آئی سپیشلسٹ ڈاکٹر خالد ڈوگر وائس چیئرمین ڈوگر ٹرسٹ کی زیر نگرانی میڈیکل سٹاف اعزازی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ اس حوالے سے چیئرمین ڈوگر ویلفیئر ٹرسٹ جاوید اقبال ڈوگر نے کیمپ کے لیے اعلیٰ انتظامات ... فری آئی کیمپ لگا چکا ہے جہاں مریضوں کو نہ صرف فری ادویات اور عینکیں مہیا کی گئیں بلکہ سینکڑوں مریضوں کے فری آپریشن بھی کیے گئے۔ فری آئی کیمپوں میں آئی سپیشلسٹ ڈاکٹر خالد ڈوگر، ڈاکٹر کرنل ریٹائرڈ مناف ڈوگر اور ڈاکٹر شاہد ڈوگر نے ہمیشہ اعزازی طور پر خدمات سرانجام دیں۔ چیئرمین ڈوگر ویلفیئر ٹرسٹ سردار جاوید اقبال ڈوگر نے بتایا کہ لڑکیوں کے لیے دیپالپور شاہ یکہ کے مقام پہ ...

ڈوگر ویلفیئر ٹرسٹ کے زیر اہتمام فری آئی کیمپ میں ڈاکٹر خالد ڈوگر آپریشن میں مصروف

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

اسسٹنٹ کمشنرز ریونیو افسران/عملہ ریکوری کیلئے فیلڈ میں نکالیں، ڈپٹی کمشنر

وزیر اعلی پنجاب کے ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت ضلع بھر کے تمام دیہاتوں میں صفائی ستھرائی کو یقینی بنا کر ریکوری کرنا ہماری ذمہ داری ہے، محمد تسلیم راؤ کی اجلاس میں ہدایات

ننکانہ صاحب: (رانا اسامہ) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو کی زیرصدارت بورڈ آف ریونیو انیشیٹوز اور ریونیو ریکوری کے ٹارگٹ کو مکمل کرنے کے حوالے سے اجلاس ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو مزمل الیاس، تینوں تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز سمیت ضلع بھر کی ریونیو حرارکی بھی اجلاس میں شریک تھی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو مزمل الیاس نے ریونیو ریکوری کے ٹارگٹ اور ابتک کی وصولی بارے ڈپٹی کمشنر کو بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر نے ریونیو ریکوری بارے افسران کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ تمام اسسٹنٹ کمشنرز اپنی نگرانی میں ریونیو افسران اور دیگر عملے کو ریونیو ریکوری کے حصول کے لیے فیلڈ میں نکالیں اور ان کی نگرانی کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا اچھا کام کرنے والے افسران وعملے کو شاباش ملے گی اور سستی ولاپرواہی کرنے والوں کی سرزنش کی جائے گی۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ وزیر اعلی پنجاب کے ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت ضلع بھر کے تمام دیہاتوں میں صفائی ستھرائی کو یقینی بنا کر ریکوری کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ بورڈ آف ریونیو انیشیٹوز پرمن وعن عملدرآمد کیا جائے، اراضی ریکارڈ سنٹرز اور دیہی مراکز مال میں عوامی سہولیات کے پیش نظر انتظامات کو مزید بہتر کیا جائے اور عوام الناس کو انکے گھر کی دہلیز پر ریونیو سروسز کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ تمام اسسٹنٹ کمشنرز اور ریونیو افسران زیر سماعت کیسز کے جلد از جلد انصاف پر مبنی فیصلے کریں اور کھیوٹ ایشوز کو ترجیحی بنیادوں پر حل کر کے رپورٹ پیش کریں۔ ڈپٹی کمشنر نے تمام ریونیو افسران کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ پینڈنگ انتقالات کو فی الفور پاس کیا جائے اور فیسز کو 30 ستمبر تک خزانے میں جمع کروایا جائے

ننکانہ صاحب: ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راؤ اور ریونیو ریکوری کے ٹارگٹ اور وصولی کا جائزہ لینے کیلئے ڈی سی کمیٹی روم میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

ظفروال ہائی وے ڈیپارٹمنٹ کی ملی بھگت، کہیں چشم پوشی تو کہیں تھانیداری، ڈرینج سکڑ گیا

مکانات ودکانیں مسمار۔ ایک ملک میں دو قانون نہیں چل سکتے، عمران شاہ نامی اہلکار صفائیاں دینے لگا

ظفروال (زاہد چوہدری سے) تفصیلات کے مطابق:- محکمہ ہائی وے نارووال کا ظفروال تا کنگرہ روڈ کے دیہات پنڈی منہاساں، جی آر ڈی (وڈھالہ) سمیت دیگر دیہات پر مشتمل نالہ کی تعمیر کا منصوبہ زیر تعمیر ہے۔ جو کہ محکمہ ہائی وے نارووال کے اہلکاروں نے ملی بھگت سے اپنی دوستیاں یاریاں نبھانے کے لیے نالے کے پلین کا حلیہ ہی بگاڑ دیا ہے۔ ایکسیئن کے مطابق یہ نالہ سڑک کے 66 فٹ کا درمیانی فاصلے پر بنایا جانا ہے لیکن جب مقامی میڈیا نے شہریوں کی شکایات پر موقع ملاحظہ کیا تو پرانی جی آر ڈی کے مقام پر نالہ 66 فٹ کی بجائے کہیں 64 اور کہیں 63 اور کہیں 62 فٹ پر تعمیر کیا گیا ہے۔ ایکسیئن نارووال کے ساتھ رابطہ نہ ہونے پر جب عمران شاہ نامی اہلکار جس نے خود کو اوورسیئر ہائی وے ڈیپارٹمنٹ بتایا کے ساتھ بات ہوئی تو عمران شاہ نالہ کی پیمائش کی کمی اور ڈیپارٹمنٹ ڈاکومنٹری کی وائلیشن پر صفائیاں پیش کرنے لگا لیکن پھر بھی وائلیشن اور ناانصافی کی کوئی معقول وجہ پیش نہ کر سکا۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ یہاں پر ہائی وے ڈیپارٹمنٹ اور ٹھیکیدار نے اس لیئے پوری پیمائش نہیں لی تاکہ یہاں پر موجود دکاندار و رتز دیک سے ان کے تعلق واسطے والے ہیں اور ان دکانداروں سے اپنی دوستیاں یاریاں نبھانے کے لیے ہائی وے ڈیپارٹمنٹ کے عمران شاہ نامی اہلکار و دیگر نے نالے کو بناتے وقت ڈاکومنٹری کی وائلیشن کی ہے۔ جبکہ دوسری طرف پنڈی منہاساں میں 66 فٹ کے اندر آنے والے مکانات اور دوکانات کو محکمانہ اختیارات استعمال کرتے ہوئے مسمار کر دیا گیا۔

ڈاکٹر اکرام الہی/ جاوید اسماعیل منڈا کی علمائے اہلحدیث کو پرتکلف ناشتے کی دعوت

ڈاکٹر اکرام الہی نے منڈا ٹاؤن میں 16 کنال پر مشتمل ایک فارم ہاؤس خریدا جس کی خوشی میں اس پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا

ڈاکٹر اکرام الہی صاحب جو کہ معروف عالم دین علامہ احسان الہی ظہیر صاحب کے داماد ہیں

شرقپور شریف (نامہ نگار) منڈا ٹاؤن میں ڈاکٹر اکرام الہی اور جاوید اسماعیل منڈا کی جانب سے تحصیل شرقپور کے تمام علمائے کرام اہل حدیث کو پر تکلف ناشتے کی دعوت دی گئی علمائے کرام کی قیادت کرتے ہوئے پروفیسر محمود الحسن بزمی اور قاری عثمان منیب صاحب سید طاہر بخاری قاری محمد یحیی، قاری بلال اور دیگر علماء کرام نے بھرپور شرکت کی۔ ناشتے میں تحریک انصاف کے رہنما چوہدری ارشد محمود منڈا صاحب نے بھی خصوصی شرکت کی صحافیوں میں عامر مجید نوشاہی، محمد اقبال شاکر، ملک جاوید اقبال، ڈاکٹر شہباز احمد، مرزا محمد صدیق طاہر، ذیشان احمد بلا شامل ہوئے یہ امر قابل ذکر ہے کہ ڈاکٹر اکرام الہی صاحب جو کہ معروف عالم دین علامہ احسان الہی ظہیر صاحب کے داماد ہیں انہوں نے منڈا ٹاؤن میں 16 کنال پر مشتمل ایک فارم ہاؤس خریدا ہے، جس کی خوشی میں اس پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا

جامع مسجد رفیق میں محفل ذکر حبیب خدا ﷺ کا انعقاد

بین الاقوامی شہرت یافتہ نعت خواں مولانا شاہد عمران عارفی نے ہدیہ عقیدت پیش کیا

علامہ حکیم خالد زبیر، پیر مفتی محمد حسن نے خصوصی خطاب کیا

سمندری (تحصیل رپورٹر) محفل ذکر حبیب خدا جامع مسجد رفیق میں منعقد ہوئی، مولانا پیر مفتی محمد حسن امیر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت نے محفل میں خصوصی خطاب کیا، تفصیلات کے مطابق جامع مسجد رفیق 137 روڈ میں محفل ذکر حبیب خدا کا انعقاد کیا گیا جس کی صدارت قاری احمد رضا شاہ رحیمی نے کی محفل کا آغاز قاری ارباب سکندر کی تلاوت سے ہوا، بین الاقوامی شہرت یافتہ نعت خواں مولانا شاہد عمران عارفی نے ہدیہ عقیدت پیش کیا، علامہ حکیم خالد زبیر، پیر مفتی محمد حسن نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دین اسلام پر عمل کرنا دنیا اور آخرت دونوں میں کامیابی کی روشن دلیل ہے آج کا مسلمان دنیا داری میں اس قدر مگن ہو چکا ہے کہ وہ اللہ اور اس کے رسول کے ذکر کو بھول چکا ہے جس کی وجہ سے ہم معاشی پستی کا شکار ہو رہے ہیں ہمیں اپنی زندگیوں میں قرآن وسنت کو لاگو کرنا ہوگا، اس موقع پر مولانا محمد نذیر خطیب جامع مسجد ہذا، رانا محمد اشرف حمزہ جیولرز، حافظ محمد حسنین معاویہ، علامہ ریحان ضیاء فاروقی، علامہ عامر اشرف، قاری شعیب بخاری، حاجی رانا عارف جاوید، مولانا یاسر علوی، مولانا عثمان اسلم، مولانا زبیر اسلم و دیگر موجود تھے

حافظ آباد: ڈکیتی مزاحمت پر قتل کرنے اور بعد ازاں اس سے 15 لاکھ روپے لوٹ کر فرار ہو جانے والے تین ملزمان کو پولیس نے مری ہاؤس سے گرفتار کر لیا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد میں پانچ روز قبل دوران ڈکیتی معمر شخص کو مزاحمت پر فائرنگ کر کے قتل کرنے اور بعد ازاں اس سے 15 لاکھ روپے لوٹ کر فرار ہو جانے والے تین ملزمان کو پولیس نے مری ہاؤس سے گرفتار کر لیا جبکہ مذکورہ ڈکیت گینگ کا ماسٹر مائنڈ ایک سرکاری سکول کا ٹیچر رائے شعیب جو کہ پی ٹی آئی ایس ایف کا عہدیدار بتایا جاتا ہے وہ نکلا جسے پولیس نے گرفتار کر لیا تفصیلات کے مطابق پانچ روز قبل [illegible]

ٹک ٹاک ویڈیو نے 4 بچوں کی ماں کی جان لے لی

ٹک ٹاک اپ لوڈ کرنے پر ہونے والی لڑائی میں 10 مسلح ملزمان کی اندھا دھند فائرنگ سے 70 سالہ 4 بچوں کی ماں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جان بحق ہو گئی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) [illegible]

جامعہ سلفیہ فیصل آباد کسی تعارف کا محتاج نہیں مولانا ناصر رحمانی

عرصہ 69 سال سے دینی تعلیم کے فروغ میں مثالی کردار ادا کر رہا ہے



فیصل آباد: جامعہ سلفیہ میں نئے تدریسی بلاک کی سنگ بنیاد [illegible]

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) [illegible] اٹھانے اور جدید خطوط پر تعمیر کرنے کی ضرورت محسوس ہوئی تھی۔ لہٰذا جامعہ سلفیہ کی فہیم انتظامیہ نے نئے تدریسی بلاک کی تعمیر کا فیصلہ کیا۔ انہوں [illegible] تعلیم کا قدیم ترین ادارہ ہے جہاں سے بڑے بڑے قد آور علما نے سند فراغت حاصل کی اور پوری دنیا میں خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔

کل حافظ آباد شہر میں تین بڑے جلوس نکالے جائیں گے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) [illegible]

شیخوپورہ: پولیس کے تبادلے بھی جرائم کو نہ روک سکے

وارداتوں نے شہریوں کا جینا حرام کر دیا پولیس کی سب اچھا کی رپورٹیں

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) [illegible]

گڈز ٹرانسپورٹ ڈیلرز کے خلاف پیٹرولنگ پولیس کا کریک ڈاؤن

36 مقدمات درج کرا دیئے گئے۔ لاکھوں روپے مالیت کے ای چالان بھی کیے گئے

[illegible]

جھنگ: نوشین افضل پہلی خاتون ایس ڈی او بن گئیں

اپنے عہدوں کا چارج سنبھال کر فرائض کی ادائیگی شروع کر دی

جھنگ (بیورو رپورٹ) [illegible]

گوجرانوالہ ڈویژن میں عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر اتحاد بین المسلمین برقرار رکھنے محافل نعت اور جلوسوں کی سکیورٹی کیلئے انتظامات کو حتمی شکل دیدی گئی

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر خاں نے کہا ہے کہ گوجرانوالہ ڈویژن میں عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر اتحاد بین المسلمین برقرار رکھنے، محافل نعت اور جلوسوں کی سکیورٹی کیلئے انتظامات کو حتمی شکل دیدی گئی ہے، وزیراعلی پنجاب مریم نواز کی ہدایات کے مطابق جلوسوں کے راستے میں سبیلیں لگائی جائیں گی اور شرکاء میں مٹھائی بھی تقسیم کی جائے گی، ان خیالات کا اظہار انہوں نے کمشنر گوجرانوالہ سید نوید حیدر شیرازی، آر پی او طیب حفیظ چیمہ، سی پی او ایاز سلیم کے ہمراہ اعلی سطحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا، ایڈیشنل کمشنر محمد شفیق، اے سی جی تنویر یاسین، اے سی ریونیو محسن علی، ایم ڈی گوجرانوالہ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی شاہد عباس، سی او ضلع کونسل خرم محمود، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر معیذ و دیگر افسران بھی شریک تھے جبکہ سیالکوٹ اور نارووال کے ڈپٹی کمشنرز اور ڈی پی اوز بذریعہ ویڈیو لنک شریک ہوئے۔

مصطفی آباد: ہمارا مقصد ملک کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کرنا ہے: سید راشد حسین بخاری

حکومتی دعوؤں کے باوجود قوم مہنگائی کی دلدل میں نا صرف دھنسی ہوئی ہے

مصطفی آباد (نامہ نگار) [illegible] معیشت واقعی سنبھل گئی ہے تو شرح سود میں 2 نہیں 8 تک فیصد کمی کی جائے تاکہ سرمایہ کار جو اپنا سب کچھ داؤ پر لگا چکے ہیں ان کا اعتماد بحال ہو اور وہ ملکی ترقی وخوشحالی میں اپنا کردار ادا کر سکیں، معیشت ترقی کی جانب تب گامزن ہوگی جب عوام کو درپیش معاشی مسائل کم ہوں گے، حکومتی دعوؤں کے باوجود قوم مہنگائی کی دلدل میں نا صرف دھنسی ہوئی ہے بلکہ گراں فروش و ذخیرہ اندوز مافیا انہیں دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں، ان خیالات کا اظہار نائب صدر مستقبل پاکستان سید راشد حسین بخاری نے اپنے ایک بیان میں کیا، انہوں نے مزید کہا کہ مستقبل پاکستان عوام کی نمائندہ جماعت چیئرمین [illegible] مسائل کے حل کے لیے ہر فورم پر آواز بلند کی جا رہی ہے کیونکہ ہمارا مقصد عوام کا معیار زندگی بلند کرتے ہوئے ملک کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کرنا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ نااہل و بدنیت حکمرانوں کی وجہ سے ملک وقوم کو مسائل کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے ورنہ پاکستان کا شمار دنیا کے ان چند ممالک میں ہوتا ہے جو قدرتی وسائل سے مالا مال ہیں، سید راشد حسین بخاری نے کہا کہ زبانی کلامی دعوؤں اور باتوں سے مسائل حل نہیں بلکہ مزید بڑھ رہے ہیں اگر اتحادی حکومت ملک وعوام کے ساتھ مخلص ہے تو پسند و ناپسند کی فرسودہ روایات کو ایک طرف رکھتے ہوئے وسائل کی غیر منصفانہ تقسیم کو یقینی بنائے۔

اوکاڑہ میں خفیہ ایجنسیوں کی نشاندہی پر 2 کروڑ روپے سے زائد مالیت کے سگریٹ پکڑے گئے

اوکاڑہ (راؤ اکرام خاں / قوت) [illegible] تفصیلات کے مطابق، کرتے ہوئے، اسسٹنٹ کمشنر رینالہ نے ایف بی آر اور پولیس کے ہمراہ رات کے اندھیرے میں چھاپہ مار کر ایک گودام سے لوڈ ٹرک کو تحویل میں لے لیا جس پر سگریٹ لوڈ کیے جا رہے تھے۔ چھاپہ مار ٹیم نے سگریٹ کے اسمگلروں کو حراست میں لے کر قانونی کارروائی شروع کر دی گئی ہے جن سے مزید تحقیقات کی جا رہی ہے۔ خفیہ ایجنسیوں کی رپورٹ پر اسسٹنٹ کمشنر کے فوری ایکشن نے ایسی غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث افراد کو سخت پیغام دیا ہے کہ ایسا گھناؤنا دھندہ کرنے والے قانون کے شکنجے سے بچ نہیں پائیں گے۔ ملزمان کے خلاف مزید کارروائی کا حکم دیتے ہوئے اے سی رینالہ نے کہا انہیں قانون کی پوری طاقت کا سامنا کرنا پڑے گا۔

روزنامہ قوت ڈسٹرکٹ بیورو چیف سیالکوٹ خواجہ عامر جاوید پاکستان میڈیا ڈویلپمنٹ ٹیم

ملک اعجاز (واپڈا والے) آبائی قبرستان میں سپرد خاک

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) [illegible] سی ایس ملک منور اقبال اور ملک اعجاز کے بھائی ملک امتیاز (واپڈا والے) کو سینکڑوں سوگواران کی موجودگی میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد اقبال، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سید اسد رضا کاظمی، سپرنٹنڈنٹ انور علی کاہلو، سعید بٹ، زاہد حسین خالدی، کوآرڈینیٹر امن کمیٹی حافظ اصغر علی چیمہ، چیئرمین روئت ہلال کمیٹی پیر غلام حسین سلطانی سمیت مختلف شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے کثیر تعداد میں شرکت اور سوگوار خاندان سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے مرحوم کے درجات کی بلندی کیلئے دعا کی۔ مرحوم کو ان کے آبائی گاؤں چک سدیو (مرالیوال) کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے رسم قل 15 ستمبر 2024 بروز اتوار چک سدیو نزد مرالیوال ربانشگاہ پر ادا کر دی گئی۔ سرکاری افسران و ملازمین، وکلاء صحافیوں سمیت عمائدین علاقہ وشہر اقبال کے مختلف مکاتب فکر کے شہریوں کی سینکڑوں کی تعداد میں شرکت۔

انجمن طلباء اسلام ATI کے زیراہتمام تاجدار ختم نبوت ﷺ فلیگ مارچ

مارچ میں ATI کے ذمہ دران اور کارکنان کی کثیر تعداد میں شرکت

عارفوالا (نامہ نگار نصر اللہ سے) انجمن طلباء اسلام ATI کے زیراہتمام تاجدار ختم نبوت ﷺ فلیگ مارچ مرلے چوک تا قبولہ شریف کیا گیا فلیگ مارچ میں ATI کے ذمہ دران اور کارکنان کے ساتھ عاشق رسول ﷺ اور جماعت اہلسنت کے عہدیداران چوک مرلے حلقہ کے علماء نے کثیر تعداد میں شرکت کی شرکاء نے تاجدار ختم نبوت ﷺ کے عنوان سے فلیکس بینر اور سیدی یارسول اللہ ﷺ کے پرچم اٹھائے ہوئے تاجدار ختم نبوت ﷺ زندہ باد کے نعروں کی گونج میں رواں دواں تھے۔ مارچ میں خصوصی شرکت وصدارت سالار طلبہ مبشر منظور سلطانی ناظم ATI پنجاب جنوبی نے کی۔ مارچ کے مہمان خصوصی صابر حسین جوئیہ صوبائی پریس سیکرٹری ATI پنجاب جنوبی تھے

ریسٹ ہاؤس چنیوٹ میں جشن عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلہ میں محفل میلاد کا انعقاد

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ریسٹ ہاؤس چنیوٹ میں جشن عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلہ میں محفل میلاد کا انعقاد ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج ملک ظفر اقبال سمیت تمام ججز اور ملازمین کی شرکت تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز نظارت برانچ چنیوٹ کے زیر اہتمام پانچویں سالانہ محفل میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انعقاد ریسٹ ہاؤس چنیوٹ میں کیا گیا جس میں ملک ظفر اقبال ایڈیشنل سیشن جج، جاوید اقبال ایڈیشنل سیشن جج، ملک عظمت اللہ اعوان سنئیر سول جج محمد عثمان غنی سنئیر سول جج کریمنل ڈویژن، سید عدنان مہدی سنئیر سول جج، ملک فضل حسین کالرو صدر بار ایسوسی ایشن چنیوٹ، مہر غلام سرور ہرل ایڈووکیٹ، قاری محمد رمضان سول ناظر، حامد علی بیلف، سول اور سیشن کورٹس کے تمام سٹاف وملازمین نے شرکت کی اس موقع پر معروف نعت خواں احسن عدیل رانجھا و دیگر نے بارگاہ رسالت میں نذرانہ عقیدت پیش کیا اور ڈاکٹر علامہ آصف حجازی نے خصوصی خطاب کیا اختتام پر امیر سلطان ہرل نے تمام شرکاء کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔

دیپالپور فائرنگ شیر گڑھ روڈ پر فائرنگ خاتون شدید زخمی

پولیس دیپالپور۔ پولیس تھانہ حجرہ شاہ مقیم موقع پر پہنچ گئی

دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ قوت) دیپالپور فائرنگ شیر گڑھ روڈ پر فائرنگ خاتون شدید زخمی۔ پولیس دیپالپور۔ معمولی جھگڑے پر ملزم علی رضا نے فائرنگ کر دی۔ پولیس دیپالپور۔ پولیس تھانہ حجرہ شاہ مقیم موقع پر پہنچ گئی۔ پولیس دیپالپور۔ ملزم علی رضا متعدد سنگین وارداتوں میں ملوث ہے۔ پولیس دیپالپور۔ زخمی خاتون کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس دیپالپور۔ ملزم کی گرفتاری کے لئے چھاپے جاری ہیں

عید میلاد النبی کے حوالے سے 86 ویں قدیمی مرکزی سالانہ جلوس کے روٹ کا وزٹ

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) اسسٹنٹ کمشنر شمس الرحمن اور ڈی ایس پی سٹی شعیب خان کا عید میلاد النبی کے حوالے سے 86 ویں قدیمی مرکزی سالانہ جلوس کے روٹ کا وزٹ، سی او ایم سی مرزا مظفر بیگ و دیگر اہلکار بھی ہمراہ تھے، منتظمین مرکزی انجمن رضائے مصطفے کے رہنماؤں نعیم الدین کھوکھر گولڑوی اور مصعب الحق رجوکہ ایڈووکیٹ نے جلوس کے حوالے سے افسران کو بریفنگ دی جبکہ افسران نے منتظمین سے میٹنگ کی سیکورٹی و دیگر انتظامات کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔ افسران نے 12 ربیع الاول کے مرکزی جلوس کے روٹ، سجاوٹ ماڈل گلی جامعہ مسجد کھوکھرانوالی اور جامعہ مسجد کھوکھرانوالی کا تفصیلی وزٹ کیا۔

محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ عاشق رسول اللہ ہیں۔ علماء کونسل ماڈل ٹاؤن

بسلسلہ جشن میلاد النبی تمام عشاق انشاء اللہ ریلی نکالیں گے۔ سجاول علی وسیم

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو شایان شان انداز میں منانے کے لیے ماڈل ٹاؤن سوسائٹی میں تیاریاں عروج پر ہیں مین گیٹ کو سجایا جا رہا ہے جبکہ سڑکوں کو خوبصورت بنایا جا رہا ہے اور صفائی کے نظام کو بہتر سے بہتر بنانے کے لیے ملازمین اپنی ذمہ داریوں کو احسن طریقے سے نبھا رہے ہیں۔ اس موقع پر معروف عالم دین مولانا قاری خالد محمود کیلانی نقشبندی وعلماء مشائخ کونسل اگوکی ماڈل ٹاؤن نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ صدر ماڈل ٹاؤن کوآپریٹو سوسائٹی محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ عاشق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں اور احیائے دین کیلئے انکی عملی خدمات قابل قدر ہیں۔ مرکزی جامع مسجد ماڈل ٹاؤن وگنہ فیزلو ہو یا پھر سیالکوٹ میں مساجد کی تعمیر و دین کی خدمت معاملات ثبوت سیالکوٹ ہمیشہ پیش پیش رہے ہیں۔ دوسری جانب سابق صدر ماڈل ٹاؤن کوآپریٹو سوسائٹی سجاول علی وسیم

اوکاڑہ تھانہ گوگیرہ پولیس کی بڑی کاروائی، منشیات فروش گرفتار

بشیر احمد قوم شیخ سکنہ نواں کھوہ تحصیل وضلع اوکاڑہ سے 10 کلو سے زائد چرس برآمد

دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ قوت) اوکاڑہ تھانہ گوگیرہ پولیس کی بڑی کاروائی ڈی پی او صاحب اوکاڑہ جناب محمد راشد ہدایت کے احکامات کی روشنی میں اور ڈی ایس پی صدر سرکل رانا اجمل سعید صاحب کی ہدایات پر منشیات فروشی میں ملوث ملزمان کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ایس ایچ او تھانہ گوگیرہ چوہدری ناصر جاوید اور انکی ٹیم سب انسپکٹر رؤف اسماعیل انچارج انویسٹی گیشن نے کاروائی کرتے ہوئے ملزم محمد آصف ولد بشیر احمد قوم شیخ سکنہ نواں کھوہ تحصیل وضلع اوکاڑہ سے 10 کلو سے زائد چرس برآمد کر کے مقدمہ نمبر 1120/24 مورخہ 2024.09.13 جرم 9(1)CNSA3E درج رجسٹر کر کے ملزم کو پابند سلاسل کروا دیا

چک قاضیاں میں جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

شایان شان طریقے سے منانے کی تیاریاں عروج پر

شکر گڑھ (نامہ نگار) نواحی گاؤں چک قاضیاں میں جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شایان شان منانے اور پیر سید اشرف کشفی شاہ نظامی رحمۃ اللہ علیہ (بانی سیرت کمیٹی و یوم عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم) کے عرس مبارک منانے کی تیاریاں عروج پر پہنچ گئیں۔ درود پاک اور صلوت وسلام کی صداؤں سے فضا گونج اٹھی۔ چیف کوآرڈینیٹر دیہاتی فلاحی فاؤنڈیشن سید سخاوت علی گیلانی نے بتایا کہ اس گاؤں کو انسان دوستوں اور اولیاء اللہ کی سرزمین بھی سمجھا جاتا ہے۔ اسے نارووال کا ملتان بھی کہا جاتا ہے۔ اس گاؤں کی وجہ شہرت جسے عالمی سطح پر پہچانا جاتا ہے وہ یہ ہے کہ اس گاؤں کی ایک بزرگ روحانی ہستی پیر سید محمد اشرف کشفی شاہ نظامی رحمۃ اللہ علیہ کو یہ شرف حاصل ہوا کہ انہوں نے امت کو بارہ وفات منانے کی بجائے عوام کو جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منانے کا ایک خوبصورت نام دیا۔ انہوں نے اس دن کے موقع پر جلوس نکالنے کا آغاز 1912 عیسوی میں رنگون (برما) سے کیا۔ آپ بانی سیرت کمیٹی ہیں۔ 11 ربیع الاول کی رات کو محفل حمد ونعت اور محفل سماع ہو گی جس کی صدارت سجادہ نشین آستانہ عالیہ کشفیہ نظامیہ سید وحید حسین گیلانی نظامی کریں گے چیف جسٹس ریٹائرڈ سید زاہد حسین گیلانی مہمان خصوصی ہوں گے۔ 12 ربیع الاول کو صبح 7 بجے آستانہ عالیہ کشفیہ نظامیہ سے جلوس نکالا جائے گا جو دربار سید فیروز الدین گیلانی (ابوالمکارم) دربار سید عیسی گیلانی دربار سید موسی گیلانی دربار سید شمشیر علی نظامی دربار سید شیخ جلال الدین گیلانی سے ہوتا ہوا دربار حضرت بی بی مریم صاحبہ گیلانی القادری رحمۃ اللہ علیہ پہنچے گا وہاں حمد ونعت کے بعد محفل سماع ہو گی۔ وہاں سے جلوس دربار سید مالک علی شاہ اور دربار سید عطا محی الدین گیلانی سے ہوتا ہوا دربار پیر سید اشرف کشفی شاہ نظامی جا* گا وہاں محفل حمد ونعت ہو گی اور ختم پاک ہو گا اور چیف جسٹس ریٹائرڈ سید زاہد حسین گیلانی زائرین سے خصوصی خطاب فرمائیں گے اس کے بعد دعا ہو گی اور لنگر تقسیم کیا جائے گا۔

چنیوٹ ضلع کے وی ایل جی والنٹیئر کارکنوں میں سرٹیفکیٹس جیکٹس اور کارڈ تقسیم کی تقریب

امید ہے ضلع چنیوٹ میں اپنی خدمات احسن طریقے سے سرانجام دیں گے، ممبران کا تقریب سے خطاب

چنیوٹ: وی ایل جی کے زیراہتمام منعقدہ تقریب کے دوران ضلعی صدر عبدالباسط اور چیئرمین پرنٹ میڈیا کلب اقبال حسین، پیرزادہ ممبران میں اسناد تقسیم کرتے ہوئے۔

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) صوبائی وزیر پنجاب ابراہیم حسن مراد اور فوکل پرسن وی ایل جی پنجاب صدف زبیر کی ہدایت پر چنیوٹ ضلع کے وی ایل جی والنٹیئر کارکنوں میں سرٹیفکیٹس جیکٹس اور کارڈ تقسیم کرنے کی ایک پروقار تقریب ڈسٹرکٹ پرنٹ میڈیا کلب رجسٹرڈ چنیوٹ میں منعقد ہوئی جس میں وی ایل جی چنیوٹ کے صدر عبدالباسط اور چیئرمین ڈسٹرکٹ پرنٹ میڈیا کلب رجسٹرڈ چنیوٹ پیرزادہ اقبال حسین نے وی ایل جی کے والنٹیئر ممبران میں سرٹیفکیٹس اور کارڈ تقسیم کیے تقریب میں والنٹیئر لیڈنگ گورننس کے منتخب والنٹیئر ممبران سلیمان خان ثقلین سیالوی بلال حسن سیال اسامہ خان وادیگر ممبران نے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر پنجاب ابراہیم حسن مراد اور فوکل پرسن صدف زبیر کا شکریہ ادا کیا اور اس بات کا عزم کیا کہ وہ ضلع چنیوٹ میں اپنی خدمات احسن طریقے سے سرانجام دیں گے۔

فرنٹ ڈیسک سٹاف شہریوں کی شکایات کا بروقت اندراج کریں، بلال افتخار کیانی

تھانوں میں آنیوالے شہریوں کے ساتھ برتاؤ میں خوش اخلاق رہیں بدتمیزی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی

جھنگ: ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی ضلع بھر کے فرنٹ ڈیسک سٹاف سے میٹنگ کر رہے ہیں۔

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے کہا کہ فرنٹ ڈیسک سٹاف شہریوں کی شکایات کا بروقت اندراج کریں تاکہ شہریوں اور پولیس کے مابین اعتماد کی فضا پیدا ہو سکے گزشتہ روز فرنٹ ڈیسک سٹاف سے میٹنگ کے دوران خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ فرنٹ ڈیسک سٹاف کی تعیناتی کا مقصد متاثرین کی فوری داد رسی کو یقینی بنانا ہے تھانوں میں آنیوالے شہریوں کے ساتھ برتاؤ میں خوش اخلاق رہیں بدتمیزی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی تمام درخواستوں کو ای ٹیگ لگایا جائے تاکہ کسی سائل کو شکایت درج کروانے میں دقت محسوس نہ ہو انہوں نے کہا کہ تمام ریکارڈ اپ ڈیٹ رکھیں غفلت، کوتاہی اور لاپرواہی پر محاسبہ ہوگا ڈی پی او نے واضح کیا کہ فرنٹ ڈیسک روم ہرگز خالی نہ چھوڑیں وقت کی پابندی اور صفائی کا خاص خیال رکھیں ہر ماہ کے آخر میں کارکردگی کے لحاظ سے ٹاپ تین پوزیشن ہولڈرز کو تعریفی سرٹیفکیٹ جبکہ آخری تین سے جوابدہی ہوگی

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

آرمی چیف کا قوم کی قربانیوں سے حاصل کیا گیا امن ہر صورت برقرار رکھنے کا عزم

چیف آف آرمی سٹاف جنرل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ قوم کی قربانیوں سے حاصل کیا گیا امن ہر صورت برقرار رکھا جائیگا۔ اس سلسلہ میں آئی ایس پی آر کی جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق آرمی چیف نے گزشتہ روز اورکزئی ایجنسی کا دورہ کیا جہاں کور کمانڈر پشاور نے ان کا استقبال کیا۔ آرمی چیف نے یادگار شہداء پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور دہشت گردوں کے گٹھ جوڑ کو شکست دینے اور غیر قانونی سرگرمیوں کو ختم کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ اس موقع پر آرمی چیف کو سکیورٹی کی مجموعی صورتحال اور انسداد دہشت گردی کی کارروائیوں پر بریفنگ دی گئی۔ جنرل سید عاصم منیر نے اس دورے کے دوران وادی تیراہ اور گردونواح میں انسداد دہشت گردی کی کارروائیوں میں حصہ لینے والے جوانوں سے ملاقات کی اور انکے بلند حوصلے اور ہر قسم کے خطرے کیخلاف موثر جواب دینے کی تیاری کو سراہا۔ آرمی چیف نے افسران اور جوانوں سے بات چیت بھی کی اور سیکورٹی فورسز کیلئے مقامی آبادی کی حمایت کو سراہتے ہوئے کہا کہ علاقے میں امن کو برقرار رکھنے میں مقامی آبادی کا مثبت کردار ضروری ہے۔ قوم کی قربانیوں سے حاصل کیا گیا امن ہر قیمت پر برقرار رکھا جائیگا۔

یہ حقیقت اظہر من الشمس ہے کہ مختلف سازشوں بالخصوص دہشت گردی کے ذریعے پاکستان کی آزادی و خودمختاری پر ضرب لگانا اور اسکی سلامتی کمزور کرنا بھارت سمیت پاکستان کے تمام بیرونی بدخواہوں کا مذموم ایجنڈا ہے جسے وہ بالخصوص امریکی نائن الیون کے بعد سے اب تک بروئے کار لائے ہوئے ہیں۔ بدقسمتی سے ملک کے اندر بھی ایسے عناصر موجود ہیں جو پاکستان کے ساتھ خیر سگالی کے جذبے سے محروم ہیں جبکہ بعض سیاسی عناصر خالصتاً اپنی سیاست کے تناظر میں ملک کو پھلتا پھولتا اور اسکی معیشت و معاشرت کو مستحکم ہوتا نہیں دیکھ سکتے چنانچہ ملک کے بیرونی دشمنوں کو پاکستان کی سلامتی کیخلاف ان اندرونی عناصر کو استعمال کرنے کا موقع مل جاتا ہے۔ یہ اندرونی عناصر کبھی علاقائیت، کبھی قوم پرستی، کبھی لسانی اور کبھی مذہبی بنیادوں پر وفاق اور اسکی اکائیوں میں منافرت کی فضا اور غلط فہمیاں پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں جس کیلئے وہ اپنے بیرونی سرپرستوں کے پاکستان دشمن ایجنڈے کی انکے مقاصد کے عین مطابق تکمیل کی کوشش کرتے نظر آتے ہیں۔ پاکستان کیخلاف ان گھناؤنی بیرونی سازشوں سے ہی دہشت گردی کے ناسور کو پھلنے پھولنے کا موقع ملتا ہے۔

یہ امر واقع ہے کہ امریکی نائن الیون سے پہلے پاکستان کی سرزمین مجموعی طور پر دہشت گردی کی سازشوں سے محفوظ تھی اور لسانی اور مذہبی بنیادوں پر ملک کے کسی نہ کسی حصے بالخصوص بلوچستان میں کبھی کبھار دہشت گردی کی وارداتیں ہو جاتی تھیں تاہم نائن الیون کے بعد جب امریکہ نے نیٹو فورسز کے ذریعے افغانستان میں دہشت گردی کے خاتمے کے نام پر جنگ کا آغاز کیا تو امریکی دھمکی کی بنیاد پر اس وقت کے صدر مملکت جنرل پرویز مشرف نے اس جنگ میں امریکی فرنٹ لائن اتحادی کا کردار قبول کر لیا اور افغان جنگ میں اسکی لاجسٹک سپورٹ کا آغاز کر دیا چنانچہ اسکے ردعمل میں طالبان اور افغانستان کے دوسرے انتہاء پسند گروپوں نے پاکستان میں بھی خودکش حملوں اور دہشت گردی کی دوسری وارداتوں کا سلسلہ شروع کر دیا۔

یہ حقیقت ہے کہ افغان جنگ کے دوران امریکی حمایت کے ردعمل میں جتنا جانی اور مالی نقصان پاکستان کو اٹھانا پڑا اتنا نقصان امریکہ سمیت نیٹو کے رکن 45،50 ممالک کا بھی نہیں ہوا۔ اسکے باوجود امریکہ کی جانب سے پاکستان سے ڈومور کے تقاضے تسلسل کے ساتھ جاری رہے۔ اس طرح پاکستان اور امریکہ کے مابین سفارتی سطح پر کشیدگی اور سرد مہری کی فضا بھی مستحکم ہوتی رہی جس کا ہمارے شروع دن کے دشمن بھارت نے بھرپور فائدہ اٹھانے کیلئے اپنے سازشی منصوبے تیار کئے۔ اس نے ایک جانب تو اپنی ایجنسی ''را'' کا نیٹ ورک افغانستان اور ایران کی سرزمین سے منسلک کر کے پاکستان کے اندر بلوچستان اور خیبر پی کے تک پھیلایا اور اسکے ساتھ ساتھ اس نے بلوچستان کے علیحدگی پسند عناصر کی سرپرستی اور فنڈنگ بھی شروع کر دی۔ اسی طرح بھارت نے خیبر پی کے میں افغانستان کے مفادات سے وابستہ قبائلی عناصر کو جو ڈیورنڈ لائن کے 100 سالہ معاہدے کی تکمیل کے بعد خود کو پاکستان کی سرحدوں کا پابند نہیں سمجھ رہے تھے بلا شیری دیکر پاک افغان سرحد ختم کرنے کی ترغیبات دینا شروع کر دیں۔ یہ بھارتی مقاصد درحقیقت اسکی وہ بدنیتی ہے جو وہ پاکستان کی سلامتی تاراج کرنے کے معاملہ میں شروع دن سے رکھتا ہے اور 1971ء کی پاک بھارت جنگ کے دوران بھارت کو اپنی عسکری تنظیم مکتی باہنی کے ذریعے پاکستان کو سانحہ سقوط ڈھاکہ سے دوچار کرنے کا موقع مل گیا تو اب وہ باقیماندہ پاکستان کو بھی سقوط ڈھاکہ جیسے کسی دوسرے سانحہ سے دوچار کرنے کی تگ ودو میں ہے اور بدقسمتی سے ان بھارتی سازشوں میں بلوچستان کے علیحدگی پسند عناصر اور کالعدم تحریک طالبان کے برگشتہ عناصر بطور چارہ استعمال ہو رہے ہیں جن کی بھارت اسلحہ اور فنڈنگ سمیت پوری سہولت کاری کرتا ہے۔

عام آدمی کہاں جائے!!!!

ایک سوال ذہن میں ہر وقت رہتا ہے، ہر وقت یہ خیال تنگ کرتا ہے، ہر وقت یہ سوچ ستاتی ہے کہ میرے ملک کا عام آدمی یا سفید پوش کہاں جائے۔ روزانہ کی بنیاد پر مختلف لوگوں سے ملنے کا اتفاق ہوتا ہے، لوگوں کے مسائل جاننے کا موقع ملتا ہے۔ تکلیف میں ڈوبے انسانوں سے ملنا ہوتا ہے، کچھ کامیاب لوگوں سے ملنا ہوتا ہے، کچھ کامیابی کے لیے تگ و دو کر رہے ہیں ان سے گفتگو کا موقع میسر آتا ہے۔ کچھ خود سے بے زار افراد بھی ہوتے ہیں، کچھ ایسے ہیں جنہیں کوئی پرواہ نہیں وہ جو ہو رہا ہے ویسے ہی چلتے رہنے دینا چاہتے ہیں۔ ہر کوئی پریشان ہے، جس کے پاس کچھ ہے وہ بھی پریشان ہے اس کا اضافہ کیسے ہو اور جس کے پاس کچھ نہیں وہ بھی پریشان ہے۔ چلیں جن کے پاس کچھ ہے وہ تو اضافے کے لیے پریشان ہیں اور جن کے پاس کچھ نہیں وہ کچھ حاصل کرنا چاہتے ہیں لیکن ملک میں بہت بڑی تعداد یعنی کروڑوں میں ایسے افراد بھی ہیں جو اس کے درمیان میں رہے ہیں۔ ان کے لیے زندگی گذارنا مشکل ہوتا جا رہا ہے، اخراجات بڑھتے چلے جا رہے ہیں جب کہ آمدن میں کوئی واضح اضافہ نہیں ہوتا اور نہ ہی وہ کسی سے مانگ سکتے ہیں، نہ کسی سے شکوہ کر سکتے ہیں، نہ مدمقابلے کا حوصلہ ہے، نہ رونے، چیخنے چلانے کا راستہ بچا ہے۔ ان حالات میں یہ طبقہ مہنگائی کے دباؤ میں پستا ہی چلا جا رہا ہے۔ ویسے تو ہر سطح پر مہنگائی ہوئی ہے لیکن کھانے پینے کی اشیائے ضروریہ پر زیادہ اثرات چھوڑے ہیں۔ لوگوں کو ملنا جلنا کم ہو گیا ہے۔

ادارہ شماریات کے مطابق مہنگائی کی مجموعی شرح 36.14 فیصد ہو گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق ایک ہفتے میں پندرہ اشیا کی قیمتوں میں اضافہ ایک ہفتے چودہ اشیا کی قیمتوں میں کمی اور بائیس اشیا کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ ٹماٹر کی فی کلو قیمت میں سات روپے چالیس پیسے کا اضافہ، زندہ مرغی کی فی کلو قیمت میں ... اضافہ، ایک ہفتے میں بجلی کی فی یونٹ قیمت میں ... پیسے مہنگی ہوئی۔ دال چنا، لہسن، ... گیارہ روپے ... چودہ روپے ... کا اضافہ ہوا۔ اس کے علاوہ تازہ دودھ، دہی، گھی، ٹوٹا باسمتی چاول مہنگی ہونے والی اشیاء میں شامل ہیں۔ کیا کوئی اس طرف بھی توجہ دیتا ہے یا نہیں۔ پاکستان ایک زرعی ملک ہے اور یہاں گندم اور آٹے کی قیمت ہی قابو میں نہیں آ رہی۔ سبزیوں اور پھلوں کی قیمتیں بھی عام آدمی کی پہنچ سے باہر ہیں۔

بہرحال سب سے تکلیف دہ امر یہ ہے کہ کروڑوں لوگوں کی اس ملک میں حکومت چلانے والوں نے اس کا اثر نہیں لیا، نہ تو انہیں بڑھتی ہوئی مہنگائی سے فرق پڑتا ہے نہ انہیں عوام کی حالت زار پر رحم آتا ہے۔ امراء کا طبقہ یا حکمران طبقہ یا فیصلہ سازی میں شریک اہم شخصیات کو ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی و بے روزگاری سے چونکہ متاثر ہی نہیں ہوتے اس لیے انہیں کوئی فرق نہیں پڑتا، غریب کا بچہ سکول جائے یا نہ جائے، بیمار

ہونے پر اس کا علاج ہو نہ ہو کسی کو پرواہ نہیں۔

اگر حکمران طبقے کو فکر ہوتی تو آج ملک میں دو کروڑ باسٹھ لاکھ سے زائد بچے سکولوں سے باہر نہ ہوتے۔ یاد رکھیں، خبر سرکاری ہے یعنی حکومت خود تسلیم کرتی ہے کہ پاکستان میں دو کروڑ باسٹھ لاکھ سے زائد بچے سکول جانے سے محروم ہیں یا سکولوں سے باہر ہیں۔ پانچ سے نو سال تک کے ایک کروڑ سات لاکھ ... آٹھ سو ... بچے سکول سے باہر ہیں۔ دس سے بارہ سال تک کی عمر کے انچاس لاکھ سے زائد بچے مڈل تعلیم سے محروم ہیں جن میں 21 لاکھ 6 ہزار 672 بچے اور 28 لاکھ 28 ہزار 812 بچیاں مڈل تعلیم سے محروم ہیں۔

وزارت تعلیم کا بتانا ہے کہ پینتالیس لاکھ سے زائد طلبہ و طالبات ہائی سکول کی تعلیم سے محروم ہیں۔ کیا یہ اعداد و شمار ہماری تمام سیاسی جماعتوں اور قیادت کو یہ سوچنے پر مجبور نہیں کرتے۔ تعلیم جیسی بنیادی اور اہم ترین چیز سے کروڑوں بچے محروم ہیں اور ہم سیاسی جماعتیں ہر وقت کسی نہ کسی آئینی ترمیم میں مصروف ہیں۔ ... یہ صرف تعلیم کی بات ہے اگر صحت اور غذا کی بات ہو تو اعداد و شمار اس سے بھی زیادہ تکلیف دہ اور پریشان کن ہوں لیکن کوئی پارلیمنٹ کوئی ادارہ اس پر ایکشن نہیں لیتا۔ حیران کن ہے کیونکہ بچے ہمارا مستقبل ہیں اور ہم اپنے مستقبل کو تعلیم سے محروم رکھے ہوئے ہیں ان، اچھی غذا اور صحت کی سہولیات سے محروم رکھے ہوئے ہیں۔ یاد رکھیں ان بچے بچیوں کو جو ہم نے دینا ہے یہ ہمیں واپس کریں گے۔ اتنی بھی بے حسی کیوں ہے۔ یہ بے حسی کب ختم ہو گی؟؟؟

آخر میں ندا فاضلی کا کلام

تمہاری قبر پر
میں فاتحہ پڑھنے نہیں آیا
مجھے معلوم تھا
تم مر نہیں سکتے
تمہاری موت کی سچی خبر
جس نے اڑائی تھی
وہ جھوٹا تھا
وہ تم کب تھے
کوئی سوکھا ہوا پتا
ہوا سے ہل کے ٹوٹا تھا
میری آنکھیں
تمہارے منظروں میں
قید ہیں اب تک
میں جو بھی دیکھتا ہوں
سوچتا ہوں، وہ وہی ہے
جو تمہاری نیک نامی
اور بدنامی کی دنیا تھی
کہیں کچھ بھی نہیں بدلا
تمہارے ہاتھ
میری انگلیوں میں
سانس لیتے ہیں
میں لکھنے کیلئے
جب بھی قلم کاغذ اٹھاتا ہوں
تمہیں بیٹھا ہوا میں
اپنی ہی کرسی میں پاتا ہوں
بدن میں میرے
جتنا بھی لہو ہے
وہ تمہاری لغزشوں
ناکامیوں کے ساتھ رہتا ہے
میری آواز میں چھپ کر
تمہارا ذہن رہتا ہے
میری بیماریوں میں تم
میری لاچاریوں میں تم
تمہاری قبر پر
جس نے تمہارا نام لکھا تھا
وہ جھوٹا تھا
تمہاری قبر میں تو
میں دفن ہوں
تم مجھ میں زندہ ہو
کبھی فرصت ملے تو
فاتحہ پڑھنے چلے آنا

ضمیر کی اجازت اور صدائے شکم

قومی اسمبلی کے حلقے 171 (رحیم یار خاں) میں ضمنی انتخابات کا نتیجہ بتاتا ہے کہ قومی اسمبلی میں پی ٹی آئی کی ایک اور نشست کم ہو گئی، حکمران اتحاد کی ایک سیٹ اور بڑھ گئی۔ 8 فروری کے الیکشن میں یہ سیٹ پی ٹی آئی کے ممتاز مصطفیٰ نے ایک لاکھ چار پانچ ہزار ووٹوں سے جیتی تھی، پی ٹی آئی نے ان کی وفات پر ٹکٹ انہی کے صاحبزادے حسان مصطفیٰ کو دیا۔ عمومی روایت ہمارے ملک کی یہ ہے کہ کوئی امیدوار وفات پا جائے تو نیا امیدوار اگر اسی مرحوم کا بھائی یا بیٹا ہو تو اسے ہمدردی کا اضافی ووٹ بھی ملتا ہے اور یوں وہ پارٹی ضمنی الیکشن، اصل الیکشن سے بھی زیادہ ووٹوں کے ساتھ جیت جاتی ہے لیکن رحیم یار خان میں تو گنگا نے الٹی چال چلی۔ پی ٹی آئی 8 فروری کو ایک لاکھ چار ہزار ووٹوں سے جیتی تھی، ضمنی الیکشن میں حسان مصطفیٰ کو 58 ہزار ووٹ ملے۔ یعنی سات ماہ میں پی ٹی آئی کے 46 ہزار ووٹ جھڑ گئے۔ یہ خبر ہمارے لئے ''شاکنگ نیوز'' تھی کیونکہ ہمارا خیال تو یہ تھا کہ پی ٹی آئی کو 95 فیصد سے زیادہ (شاید 98 فیصد) عوام کی حمایت حاصل ہے، باقی سب جماعتوں کے ووٹ مل ملا کر بھی دو تین فیصد ہیں۔ اور ہمارے اس یقین کی بنیاد ٹی وی پر بیٹھے ہوئے درجنوں در درجنوں، انبوہ در انبوہ اینکر پرسنز کے ہر روز کے تین تین شوز میں کئے گئے ''غیر جانبدارانہ'' تبصرے اور جائزے ہیں۔

خیر، جب یقین آ گیا کہ ضمنی الیکشن کے نتیجے کی خبر صحیح ہے اور پی ٹی آئی سچ مچ ہار گئی ہے تو خان صاحب کے ایک عاشق صادق سے رابطہ کیا جن سے دعا سلام کا سلسلہ ابھی تک جاری ہے اگرچہ گاہے گاہے۔ ان سے پوچھا کہ یہ کیا ماجرا ہو گیا تو انہوں نے ایک آہ سرد بھری اور روتے ہوئے یہ قوالی گانے لگے (اب ٹھیک سے یاد نہیں کہ پہلے قوالی گائی اور پھر روئے یا پہلے روئے پھر قوالی گائی:

کسے دا ''فیض'' نہ بچھڑے۔

چنانچہ مزید نتیجہ یہ برآمد ہوا کہ 8 فروری کے انتخابات میں پی ٹی آئی کی پُر رونق کامیابی کا عنوان دراصل یہ شعر ہے

تھی وہ اک شخص کے تصور سے
اب وہ رعنائی خیال کہاں۔

شعر میں ''تصور'' کی جگہ وجود پڑھیے اور رعنائی خیال کو ووٹوں کا وفور مان لیجئے، مطلب سمجھ میں آ جائے گا۔

پختونخواہ اسمبلی کے ارکان، وہاں کی حکومت اور حکومتی حلقے اور صوبے بھر کی پی ٹی آئی کے رہنما یہ مطالبہ کر رہے ہیں کہ پاک فوج صوبے سے نکل جائے۔ سوشل میڈیا پر تو اس مطالبے کے متن والے بعض دھمکی آمیز پیغامات بھی چل رہے ہیں اور کچھ گالم گلوچ کا تڑکا بھی ہے۔

اس مطالبے سے دو دن پہلے یہ خبر وہاں کے صحافیوں نے دی تھی کہ صوبے کے دو تہائی رقبے پر دہشت گردوں اور بھتہ خوروں کا قبضہ ہے۔ جا بجا ان کے اڈے، کیمپ، ناکے، جیل خانے اور عدالتیں ہیں اور ان سب کا تعلق ٹی ٹی پی سے ہے۔ مولانا فضل الرحمن صاحب بھی کہہ چکے ہیں کہ آدھے سے زیادہ صوبے پر ریاستی رٹ ختم ہو چکی ہے۔ اور پاک فوج صوبے سے واپس آ گئی تو دو تہائی رقبہ تین تہائی ہو جائے گا یعنی کہ ٹی ٹی پی کا راج سو فیصد صوبے پر ہو جائے گا۔ ان

دونوں خبروں کو ایک تیسری خبر سے ملا کر پڑھیے، تصویر زیادہ واضح ہو جائے گی اور یہ تیسری خبر کچھ یوں ہے کہ جس روز سنگ جانی کی منڈی مویشیاں میں حقیقی آزادی کا جلسہ ہوا اسی روز افغان طالبان نے پاکستان پر ایک منظم حملے کی شروعات کیں اور یہ جنگ ٹینکوں سے لڑی گئی۔ یعنی طالبان لشکر ٹینک لے کر آیا تھا۔ حملہ ناکام بنا دیا گیا۔ 2 ٹینک تباہ اور 16 طالبان بھی اکھنڈ بھارت واصل ہوئے۔ لیکن حملہ ابھی جاری ہے اور افغان طالبان، سرحد پار ایک قسم کی لام بندی کر رہے ہیں یعنی بڑی جنگ کے ارادے ہیں۔

تصویر واضح ہوئی؟۔ اب آپ کو وہ چوتھی خبر بھی سمجھ میں آ گئی ہو گی جو تین سال سے بھی زیادہ پرانی ہے۔ یعنی وہ خبر جس میں بتایا گیا تھا کہ فیض عمران جوڑی نے افغانستان سے ٹی ٹی پی کے چالیس ہزار دہشت گرد ''امپورٹ'' کئے ہیں (تاکہ بوقت ضرورت حقیقی آزادی کیلئے بروئے کار لائے جا سکیں اور اب وہ بروئے کار آ رہے ہیں)۔ اور ساتھ ہی پانچویں خبر بھی یاد کر لیجئے جس میں یہ تھا کہ مشہور دندان ساز اور ٹی وی کے ہیڈکوارٹر پر ''فاتحانہ قبضہ'' کرنے والے عارف علوی نے بطور صدر ٹی ٹی پی کے سینکڑوں ہارڈکور دہشت گردوں کو عام معافی دینے کا حکم نامہ جاری کیا ہے۔

کہانی کا عنوان ایک سو ایک فیصد کرسٹل کلیئر ہے لیکن خوف فساد خلق اور خیال خاطر احباب کے پیش نظر یہ عنوان بتانے سے گریز کرنا ہی بہتر ہے، قارئین خود ہی عنوان دے ڈالیں۔

پختونخواہ کی حکومت نے ایک جج ہمایوں دلاور اور ان کے اہلخانہ کے وارنٹ گرفتاری جاری کر دیئے کیونکہ حضرت اڈیالوی ان سے بوجوہ ناراض تھے۔ بعدازاں پشاور ہائیکورٹ سے یہ وارنٹ معطل کر دیئے گئے۔

حضرت اڈیالوی نے اڈیالہ کے ''دارالطعام'' میں ایک عدد دیسی بکرا اور دو عدد دیسی مرغے تناول فرمانے کے بعد ایک عدد بیان جاری فرمایا جس میں انہوں نے جج ہمایوں دلاور کے وارنٹ گرفتاری جاری کرنے کا کامیاب دفاع کیا۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ حکومت نے جج دلاور کو سرکاری زمین الاٹ کی تھی تاکہ وہ میرے خلاف توشہ خانہ کا فیصلہ سنائیں۔ اس لئے وارنٹ جاری کئے۔

یہ زمین جس کی الاٹمنٹ کا ذکر حضرت اڈیالوی نے فرمایا، 1976ء میں اس وقت کے حکمران ذوالفقار علی بھٹو مرحوم نے ہمایوں دلاور کو نہیں، ان کے والد کو الاٹ کی تھی۔ اور اگر ''حکمران'' سے مراد حضرت اڈیالوی کی حافظ عاصم منیر (آرمی چیف) سے ہے کیونکہ وہ اپنے ہر بیان میں اصل حکمران انہی کو قرار دیتے ہیں تو پھر ملاحظہ فرمایئے کہ حافظ صاحب کی عمر 1976ء میں سات یا آٹھ سال کی تھی، یعنی تب وہ پرائمری سکول میں پڑھتے ہوں گے۔ اور جج ہمایوں دلاور کی عمر تب کتنی تھی؟۔ منفی دو سال۔ یعنی وہ زمین کی الاٹ منٹ کے دو سال بعد 1978ء میں پیدا ہوئے تھے۔

تو معلوم ہوا، ہر دو حضرات بالترتیب 7 اور 8 سال کی عمر ہی میں ولی اور اصحاب کشف تھے۔ انہیں پتہ تھا کہ 48 سال بعد ہم نے ایک جج ہمایوں دلاور سے، جو ابھی پیدا ہی نہیں ہوا، حضرت اڈیالوی کو سزا دلوانی ہے چنانچہ انہیں ابھی سے سرکاری زمین الاٹ کروا دی جائے۔ انہوں نے اپنے موکلات کی مدد سے مرحوم بھٹو کو اپنے سحر میں لیا اور زمین الاٹ کروا دی۔ دو سال بعد ہمایوں دلاور پیدا ہوئے اور جب وہ پانچ سال کے ہوئے تو ان کے والد نے بتایا کہ بیٹا، یہ زمین ہمیں اس مقصد کیلئے ملی ہے چنانچہ وعدہ کرو کہ جب آج سے چالیس سال بعد توشہ خانہ کا کیس تمہارے سامنے آئے تو تم نے یہ فیصلہ دینا ہے، سعادت مند بیٹے نے وعدہ یاد رکھا اور وقت آنے پر وفا کر دکھایا۔ پیدائشی ولی ایسے ہوتے ہیں۔

سپیکر قومی اسمبلی نے اپوزیشن لیڈروں کو چائے پر بلایا۔ وہ گئے لیکن چائے پینے سے انکار کر دیا اور کہا کہ ہماری غیرت اجازت نہیں دیتی۔ بعدازاں سپیکر نے انہیں بتایا کہ عشائیہ بھی ہے جس میں بھنا گوشت، دیسی مرغی، بریانی، فیرنی سمیت درجن بھر ڈشز ہیں۔ اس پر ''غیرت'' کے منہ میں پانی آ گیا اور اپوزیشن کھانے کی تمام دیگیں چٹ کر گئی۔ ضمیر کا سفر بھی کہہ سکتے ہیں اور صدائے شکم بھی۔

نبی اکرمؐ کے معجزات: ایمان کی روشنی

ربیع الاول کا مہینہ وہ عظیم مہینہ ہے جس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو تمام جہانوں کے لئے رحمت بنا کر دنیا میں بھیجا گیا۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ''اور ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تمام جہانوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا''۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے عرض کیا ''یا رسول اللہ! آپ کے لئے نبوت کب واجب ہوئی؟ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: (میں اس وقت بھی نبی تھا) جبکہ حضرت آدمؑ کی تخلیق ابھی روح اور جسم کے درمیانی مرحلہ میں تھی (یعنی روح اور جسم کا باہمی تعلق بھی ابھی قائم نہ ہوا تھا)۔'' ایک حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں ہے۔ ''اے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تو نہ ہوتا تو میں دنیا کو نہ بناتا۔'' ایک حدیث قدسی میں فرمایا گیا ''اے میرے نبی، اگر تجھے پیدا کرنا مقصود نہ ہوتا تو میں آسمانوں کو بھی پیدا نہ کرتا۔'' حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پوری حیات معجزات پر مبنی ہے آپؐ کی ولادت سے لے کر وصال تک آپؐ کے معجزات رونما ہوتے رہے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حدیبیہ کے روز لوگوں کو سخت پیاس لگی ہوئی تھی، نبی اکرم ﷺ کے سامنے چمڑے کے برتن میں کچھ پانی تھا، جب آپؐ نے اس برتن میں سے پانی لے کر وضو کیا تو سب آپؐ کی طرف تیزی سے لپکے۔ آپؐ نے یہ منظر دیکھ کر فرمایا: ''تمہیں کیا ہو گیا ہے؟'' انہوں نے عرض کیا ''ہمارے پاس نہ وضو کے لیے پانی ہے اور نہ ہی پینے کے لیے، بس یہی پانی بچا ہے جو اس برتن میں ہے۔'' آپؐ نے اس برتن میں اپنا دست مبارک ڈالا، بس پھر کیا تھا آپؐ کی انگلیوں سے پانی کے چشمے بہنے لگے اور برتن پانی سے بھر گیا، سب نے جی بھر کر پانی پیا اور اس سے وضو بھی کیا لیکن پانی کم نہ ہوا۔ اس معجزے کے حوالے سے کسی نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ اس وقت تعداد میں کتنے لوگ تھے؟ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا ''اس روز ہم پندرہ سو آدمی تھے لیکن اگر ہم اس روز ایک لاکھ بھی ہوتے تو یہ پانی سب کے لیے کافی ہوتا۔'' (بخاری شریف)

حضرت معاذ بن جبلؓ سے روایت ہے کہ صحابہ کرامؓ جب نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ غزوہ تبوک کے لیے نکلے تو آپؐ نے فرمایا ''ان شاء اللہ تم لوگ کل صبح تبوک کے چشمے پر پہنچ جاؤ گے، اس وقت سورج نکل آیا ہو گا، پس جو آدمی وہاں پہلے پہنچے تو وہ پانی میں ہاتھ نہ ڈالے۔'' اگلے روز جب صحابہ کرامؓ تبوک کے چشمہ کے پاس پہنچے تو دیکھا وہ چشمہ جوتے کے تسمے کی مانند تھوڑا تھوڑا رس رہا تھا یعنی نہ ہونے کے برابر پانی بہہ رہا تھا۔ آپؐ نے چشمہ کا تھوڑا تھوڑا پانی اکٹھا کیا پھر اس سے چہرہ مبارک اور ہاتھ دھو کر اسے دوبارہ چشمے میں ڈال دیا، اس کے ساتھ ہی چشمے کا پانی زور و شور سے بہنے لگا۔ صحابہ کرامؓ معجزہ دیکھ کر خوش ہو گئے اور سب نے جی بھر کر پانی پیا۔ اس موقع پر حضور ﷺ نے فرمایا ''اے معاذ، اگر تم نے عمر دراز پائی تو دیکھو گے کہ یہ علاقہ باغات سے بھرپور ہو گا۔'' ابن عبدالبر اندلسیؒ بعض محدثین کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ انہوں نے اس مقام کا مشاہدہ کیا اور دیکھا اس چشمے کے آس پاس سرسبز و شاداب باغات لگے ہیں۔ قاضی عیاض مالکی رحمۃ اللہ علیہ ابن اسحاق سے نقل کرتے ہیں کہ چشمے کا پانی پھوٹنے سے اس طرح شور ہوا جیسے بجلیاں کڑکتی ہیں۔ واقدی اور ابونعیم حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ''ہم لوگ غزوہ تبوک میں حضور ﷺ کے ہمراہ جا رہے تھے کہ پیاس کا غلبہ ہوا، قریب تھا کہ لوگ، گھوڑے اور اونٹ شدت پیاس سے دم توڑ دیتے، اس موقع پر حضور ﷺ نے ایک مشکیزہ جس میں کچھ پانی رہ گیا تھا طلب فرمایا، آپؐ نے اس کے منہ پر ہاتھ رکھا تو آپ کی انگشتان مبارک سے پانی کا فوارہ پھوٹ پڑا، بعد میں سب نے جی بھر کر پانی پیا، یہاں تک کہ ان کے گھوڑے اور اونٹ بھی سیراب ہو گئے لیکن پانی کی کمی نہ ہوئی۔ اس وقت صحابہ کرامؓ کی فوج کے پاس بارہ ہزار اونٹ بارہ ہزار گھوڑے اور تیس ہزار مجاہد تھے۔ (مسلم شریف)

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ہم نبی اکرم ﷺ کے ہم رکاب ایک غزوہ کے لیے روانہ ہوئے۔ دوران سفر خوراک کی قلت سے دوچار ہوئے تو ہم نے سواری کا اونٹ ذبح کرنے کا ارادہ کیا۔ نبی اکرم ﷺ نے حکم دیا کہ اپنا زاد راہ اکٹھا کر کے دستر خوان بچھا دیں۔ پس سارا زاد راہ دستر خوان پر جمع ہو گیا تو میں نے اندازہ کرنے کے لیے گردن درازکی، پس وہ توشہ (عموماً وہ کھانا جو مسافر کے ساتھ ہو) اتنا تھا جتنا بھیڑ کا بچہ جگہ گھیرتا ہے اور ہماری تعداد چودہ سو تھی، پس ہم سب نے سیر ہو کر کھانا کھایا اور بقیہ کھانے سے ہم نے اپنے توشہ دان بھی بھر لیے۔ بعد میں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''کیا وضو کا پانی ہے؟'' تو ایک شخص اپنی چھاگل (مشکیزہ) لے آیا جس میں تھوڑا سا پانی تھا، آپ ﷺ نے وہ تھوڑا سا پانی ایک بڑے برتن میں ڈال دیا اور پھر سب نے اس برتن میں سے پانی لے کر وضو کیا اور پانی کا آزادانہ استعمال کیا (یعنی وہ تھوڑا سا پانی چودہ سو افراد کو کافی ہو گیا)۔

حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نبی اکرمؐ کے ہمراہ تبوک میں تھا۔ ایک رات نبی اکرمؐ نے حضرت بلالؓ سے دریافت فرمایا ''کچھ کھانے کے لیے ہے؟'' حضرت بلالؓ نے عرض کیا ''قسم ہے اس ذات کی جس نے آپؐ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے ہم تو اپنے توشہ دان جھاڑ چکے ہیں'' فرمایا ''دیکھ لو، شاید کچھ مل جائے۔'' پس انہوں نے توشہ دان لے کر ایک ایک توشہ دان جھاڑنا شروع کیا جن میں سے ایک ایک دو دو کھجوریں نکلیں، یہاں تک کہ سات کھجوریں اکٹھی ہو گئیں، پھر آپ ﷺ نے ایک طباق (بڑی پلیٹ) منگوا کر یہ کھجوریں اس پر ڈال دیں اور اپنا دست اقدس ان کھجوروں کے اوپر رکھ دیا اور پھر فرمایا ''اللہ کا نام لے کر کھا''، پس ہم تینوں نے کھجوریں کھائیں، جب میں نے گنیں تو چون کھجوریں میرے حصے میں آئیں جن کی گٹھلیاں میرے ہاتھ میں تھیں، میرے دونوں ساتھی بھی یہی کچھ کر رہے تھے۔

اپنے پاؤں پر کھڑے ہو پائیں گے!

پاکستان کے قرض معاہدے پر چھائے شبہات کے بادل چھٹ گئے ہیں، گزشتہ روز آئی ایم ایف کے ترجمان کا کہنا ہے کہ پاکستان نے دوست ممالک کی مدد سے شرائط پوری کر لی ہیں اور 37 ماہ کیلئے سات ارب ڈالر کے توسیعی فنڈ پروگرام کا جائزہ 25 ستمبر کو آئی ایم ایف بورڈ کے اجلاس میں لیا جائے گا، حکومت ایک طرف قرض معاہدے پر چھائے بادل چھٹنے پر خوش ہے تو دوسری جانب وزیر اعظم دعا گو ہیں کہ یہ آئی ایم ایف کے ساتھ آخری پروگرام ہو، لیکن دعاؤں کے ساتھ خود انحصاری کی کوشش بھی کرنا ہو گی، اپنے پاؤں پر کھڑے ہو کر ہی قرضوں سے جان چھڑائی جا سکتی ہے۔

اگر دیکھا جائے تو پاکستان ایک ایٹمی قوت ہے، لیکن یہ کسی ایٹمی قوت ہے کہ ہر روز قرضوں کی درخواستیں ہی دیئے جا رہا ہے، اس سے قومی اہمیت و وقار میں کمی ہو رہی ہے، لیکن اس کا حکمرانوں کو کچھ زیادہ احساس ہے نہ ہی اپنے قدموں پر کھڑے ہونے کی کوشش کی جا رہی ہے، اس پر ہی حکومت بے انتہا خوش ہے کہ ایک کے بعد ایک قرض کیلئے آئی ایم ایف سے بات چیت مثبت انداز میں آگے بڑھ رہی ہے، اور اس میں دوست ممالک بھی بھرپور ساتھ دیے رہے ہیں، اس ملک کے آزمائے حکمران قرض پر قرض لے کر قرض کی ہی ادائیگیاں کر رہے ہیں اور ہر قرض پر آخری قرض کا دعویٰ کر کے عوام کو بے وقوف بنائے جا رہے ہیں، ان آزمائے حکمرانوں کے پاس قرض کی دلدل سے نکلنے کی صلاحیت ہے نہ ہی ملک کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کی اہلیت رکھتے ہیں، یہ اقتدار میں جب بھی آئے ہیں اور اب جب سے آئے ہیں، عوام کو چھوٹے دعوؤں اور چھوٹے وعدوں کے سہارے

بہلانے اور بہکانے میں ہی لگے ہوئے ہیں۔

اس ملک کے آزمائے حکمران بھول رہے ہیں کہ وقت تیزی سے بدل رہا ہے اور اب پرانے ہتھکنڈے عوام کے ساتھ نہیں چلیں گے، عوام کسی بہکاوے میں آئیں گے نہ ہی دعاؤں کے سہارے بہلایا جا سکتا ہے، عوام باشعور ہوتے جا رہے ہیں، حکومت کے اعداد و شمار کے گورکھ دھندے کو عوام سمجھنے لگے ہیں، عوام جاننے لگے ہیں کہ ان کے ساتھ کونسا کھیل کھیلا جا رہا ہے، ایک طرف شرح سود اور مہنگائی میں کمی دکھائی جا رہی ہے تو دوسری جانب بجلی، گیس کے بلوں میں اضافہ کیا جا رہا ہے، اضافی ٹیکسوں کا بوجھ عام آدمی پر ڈالا جا رہا ہے اور اشرافیہ کو نوازا جا رہا ہے، حکمران اپنے اخراجات کم کر رہے ہیں نہ ہی عام لوگوں کو ریلیف دیے رہے ہیں، بلکہ آئے روز بڑھتی مہنگائی میں مہنگائی میں کمی لانے کے دعوے کر کے عام آدمی کا مذاق اُڑائے جا رہے ہیں، اس کے بعد عوام ان کے بارے کیسے سوچ سکتے ہیں کہ یہ ان کی زندگی میں کوئی تبدیلی لائیں گے، انہیں قرضوں سے نجات دلائیں گے اور ملک کو آگے لے کر جائیں گے؟

عوام میں بے یقینی اور مایوسی بڑھتی جا رہی ہے، لیکن حکمرانوں کی توجہ آئینی ترمیم اور قانون سازی پر مرکوز ہے، اس کیلئے جوڑ توڑ کیا جا رہا ہے، سیاسی انتقام کا نشانہ بنایا جا رہا ہے، یہ سب کچھ عوام کی بھلائی کیلئے نہیں، اپنے حصول مفا کیلئے کیا جا رہا ہے، اقتدار کو بچانے اور چلانے کیلئے کیا جا رہا ہے، اپنا تحفظ یقینی بنانے کیلئے کیا جا رہا ہے، اس ساری کارگزاری میں خود انحصاری کی جدوجہد کہیں نظر آ رہی ہے نہ ہی اپنے پاؤں پر کھڑے ہونے کی کوئی کوشش دکھائی دے رہی ہے، وزیر اعظم کی جانب سے دعا ہی کرائی جا رہی ہے کہ یہ قرض آخری ثابت ہو جائے، اس دعا پر بھی آمین کہے بغیر کوئی چارہ نہیں، لیکن اس کے ساتھ گزارش کئے بغیر نہیں رہ سکتے کہ اس دعا کو حقیقت کے روپ میں دیکھنے کے لیے وزیر اعظم کو محض دکھاوے کے لیے نہیں، بلکہ ٹھوس عملی اقدامات بھی کرنا پڑیں گے۔

اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو بے پناہ قدرتی معدنی وسائل سے نوازا ہے، جب کہ ہماری نصف سے زائد آبادی باصلاحیت نوجوانوں پر مشتمل ہے، اس کے باوجود کشکول تھامے ہوئے ہیں، بھکاری بنے ہوئے ہیں، ہمیں اپنے قدرتی وسائل اور زبردست افرادی قوت سے استفادہ کے لیے موثر منصوبہ بندی کے ساتھ منظم و متحرک قوم کی حیثیت سے آگے بڑھنا ہو گا، اگر ہم اپنے دستیاب وسائل کو ہی درست انداز میں استعمال کرنے کی منصوبہ بندی اور مطلوبہ اقدامات روبہ عمل لانے میں کامیاب ہو جائیں تو بہت جلد کاسہ گری چھوڑ سکتے ہیں، اپنے قدموں پر کھڑے ہو سکتے ہیں، آئی ایم ایف سے نجات کے خواب کی تعبیر دیکھنے میں کامیاب ہو سکتے ہیں، لیکن اس کیلئے اپنی ذات سے اوپر قومی مفاد میں سوچنا پڑے گا، ایک دوسرے کا ماننا اور ایک دوسرے کے ساتھ چلنا پڑے گا، اپنے انا و ضد کے دائرے سے باہر نکلنا پڑے گا، اس ملک کے مفاد میں مل بیٹھنا پڑے گا، ایک مشترکہ قابل عمل موثر حکمت عملی کے تحت خود انحصاری کی جانب بڑھنا پڑے گا تو ہی ملک میں معاشی بحالی کے امکانات روشن ہو پائیں گے اور اپنے پاؤں پر خود ہی کھڑے ہو پائیں گے۔

پاک چین بارڈر سے

نیویارک سے لاہور کا سفر اور آ گیا اسلام آباد سے بذریعہ نجی ایئر لائن سکردو ایئر پورٹ کا سفر ہر گرمیوں میں ہمارا معمول بن چکا ہے۔ اسلام آباد سے روزانہ پرواز جاتی ہیں، خرابی موسم کے سبب پرواز ملتوی ہو جائے تو دوسرے روز سفر کی امید ہوتی ہے جبکہ ملک کے باقی شہروں سے سکردو کے لئے روزانہ پروازیں نہیں ہیں۔ نشے تو بہت اقسام کے ہوتے ہیں، منشیات کے علاوہ دولت اکٹھی کرنا، پاور کے لئے سیاست کرنا، کاروبار پھیلانے کی حرص جیسے متعدد نشے ہیں مگر جسے خدمت خلق کی لت لگ جائے وہ اپنی جان مال اولاد بھی اسی راہ پر لگا دیتا ہے۔ رب کی مخلوق سے پیار اور بلا امتیاز و تفریق احسان کا جذبہ بندے کو کبھی بوڑھا اور مفلس ہونے نہیں دیتا۔ ہمارا ایک درمیانے سائز کا سوٹ کیس سفر کے لئے ہر وقت تیار رہتا ہے، جب اللہ کا حکم آ جائے چل پڑتے ہیں۔ موسم گرما میں امریکہ کے موسم و آسائش چھوڑ کر پہاڑوں کا رخ کرنا پڑتا ہے۔ سکردو سے ضلع شگر سے بھی آگے مضافات میں کام کرنا ہوتا ہے۔ شگر کے دیہاتوں میں مومنہ چیمہ پراجیکٹس کا جائزہ اور نئے پراجیکٹس پر گراؤنڈ ورک جاری رہتا ہے۔ شگر سے آگے اضلاع میں بھی مسائل کی جانب توجہ ہے۔ مومنہ چیمہ فاؤنڈیشن کے طریقہ کار کے مطابق پس ماندہ دیہات کو ماڈل سٹی بنانا ہے۔ سرکاری کاموں کے کیسکر دو سے چار گھنٹے کی پرخطر ڈرائیو کے بعد گلگت کا وزٹ کرنا پڑا۔ سکردو سے گلگت ہائی وے کی تکمیل کے سبب سفر میں آسانی ہو گئی ہے۔ لینڈ سلائیڈنگ کا خوف رہتا ہے۔ گلگت سے وادی ہنزہ، نگر، سوست، پاک چائنہ ڈرائی پورٹ اور خنجراب تک کے سفر نے تھکانے کی بجائے مزید تازہ دم کر دیا۔ وادی ہنزہ گلگت بلتستان کا ایک ضلع ہے۔ جہاں کی زبان بروشسکی ہے جو دنیا کی تنہا اور مشکل زبان سمجھی جاتی ہے۔ عام طور پر ہنزہ کو ایک



شہر کا نام سمجھا جاتا ہے جبکہ یہ ایک وادی کا نام ہے جس میں بہت سی چھوٹی چھوٹی وادیاں اور قصبے شامل ہیں۔ ہنزہ کا سب سے اہم شہر علی آباد ہے جبکہ سیاحت کیلئے اور اردگرد کے نظاروں کیلئے کریم آباد مشہور ہے۔ اعلیٰ آباد جھیل اور راکاپوشی پہاڑ وادی ہنزہ کی خاص پہچان ہے۔ راکاپوشی کے دامن میں واقع خوبصورت گاؤں میناپن ایک پورا دن بتانے کیلئے بہترین جگہ ہے۔ نومل اور نلتر کی خوبصورت وادیاں سیاحوں کے دلوں کو خوشی سے بھر دیتی ہیں۔ قدرتی آفت کے نتیجے میں دریائے ہنزہ پر بن جانے والی جھیل عطا آباد اب ایک تفریحی مقام کا درجہ حاصل کر چکی ہے۔ اونچے کالے پہاڑوں کے بیچ جھیل کے نیلگوں پانیوں میں کشتی رانی ایک یادگار سفر بن جاتا ہے۔ جھیل کے پار اتر کر گلمت گاؤں، بورت جھیل، پسو گاؤں، پاکستان کے آخری قصبے سوست بھی باآسانی جایا جا سکتا ہے۔ چین کی سرحد کے ساتھ واقع دنیا کے سب سے اونچے خنجراب پاس کا سفر شاید اس پورے خطے کے سب سے حسین لمحات میں سے ایک ہوتا ہے۔ کے ٹو اور نانگا پربت کے بیس کیمپ تک جانا عام سیاح کے لیے بہت مشکل کام ہے مگر راکاپوشی کو میں پہاڑوں کا تاج کہتی ہوں۔ ریاست نگر اور ہنزہ سے برف کا تاج دلہن کی مانند حسین نظارہ پیش کرتا ہے۔ راکاپوشی پہاڑ 7788 میٹر بلند چوٹی ہے۔ قراقرم کے سینے میں آباد پاکستان کا وہ علاقہ ہے جسے قدرت نے عجائبات و مناظر کا ایک اچھوتا امتزاج عطا کیا ہے۔ بلند و بالا برف پوش چوٹیاں، شفاف پانی کی ندیاں، اپنی نوعیت کے منفرد ترین گلیشیئر، گھنے جنگلات، سبزہ زار، آبشاریں اور شفاف فضا رب کا حسین عطیہ ہیں۔ اپنی خوبصورتی میں بے مثال پہاڑی چوٹی دنیا کی خوبصورت ترین چوٹیوں میں شمار ہوتی ہے، برف کا تاج راکاپوشی کو دل کرتا ہے بس ٹکٹکی باندھے تکتے رہیں۔ علی آباد ہنزہ اور نگر سے راکاپوشی تک پہنچنے کا راستہ علی آباد سے پہلے ہی ایک گاؤں پسن سے جاتا ہے۔ ہنزہ سے آگے سوست کی پاک چین ڈرائی پورٹ ہے۔ موسم ٹھنڈا اور فضا شفاف ہوتا ہے۔ ہنزہ دریا کی شفافیت اور حسن بھی قابل دید ہے۔ پہاڑوں کی آغوش میں سوست کی ڈرائی پورٹ پر ٹرکوں کی قطاریں لگی ہوتی ہیں۔ پاک چین بارڈر دیکھنے کے لئے خنجراب کا سفر کیا جو سوست سے ڈھائی گھنٹے ڈرائیو پر ہے۔ درہ خنجراب سلسلہ کوہ قراقرم میں ایک بلند پہاڑی درہ ہے۔ درہ خنجراب پاکستان کے گلگت بلتستان، جموں و کشمیر اور چین کے سنکیانگ کے علاقوں کے لیے ایک فوجی مصلحتی مقام ہے۔ یہ درہ پاکستان اور چین کو آپس میں ملاتا ہے۔ سیاح اجازت نامہ کے بعد وہاں جا سکتے ہیں۔ راستے میں دوربین کی مدد سے اوپر پہاڑوں پر مارخور بھی دیکھے۔

مارخور جس کو پاکستان کے قومی جانور ہونے کا اعزاز حاصل ہے یہ جنگلی بکرے کی ایک قسم کا چرندہ ہے۔ یہ بنیادی طور پر پہاڑی جانور ہے جو عموماً 600 سے 3600 میٹر تک کی بلندیوں پر پایا جاتا ہے۔

یہ جنگلی جانور صدیوں سے پہاڑوں اور جنگلوں میں دیکھا جاتا رہا ہے۔

گرمیوں میں جانور پہاڑوں پر چلے جاتے ہیں اور موسم سرما میں نیچے اتر آتے ہیں۔ شکار کے سبب مارخور میں کمی واقع ہونے سے حکومت نے شکار پر پابندی عائد کر رکھی ہے۔ گلگت بلتستان کا نشان بھی مارخور ہے۔ شاہراہ قراقرم کی وجہ سے سفر قدرے آسان ہو چکا ہے البتہ بارشوں کے موسم میں لینڈ سلائیڈنگ سے حادثات اور روڈ بلاک ہونے کے واقعات مشکلات کا باعث بن جاتے ہیں۔ درہ خنجراب چیک پوسٹ نے بہت عزت افزائی کی۔ پاک چین پرچم اور چیک پوسٹ پر تصاویر بنوائیں۔

بعد از خدا بزرگ توہی قصہ مختصر

ماہ ربیع الاول ۱۴۴۶ ہجری کا آغاز ہو چکا ہے۔ نبی آخرالزمان حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، جن کا نام عرش پر احمد رکھا گیا، بی بی آمنہ کے ہاں ایسے تشریف لائے کہ پورا جگ معطر ہو گیا اور گمراہی، جہالت اور ظلم کے گہرے بادل چھٹنے لگے۔ حق کی روشنی باطل کو مٹانے لگی، کائنات کی ہر چیز سبحان تیری قدرت کا ورد کرنے لگی اور دوسری طرف امن، تہذیب و تمدن، اخلاق، گفتار، علم، محبت، نرمی، عدل و انصاف، مجلس، ادب، عبادت، سیرت الغرض کہ تمام علوم کی بنیاد پڑی۔ سورج، چاند، ستارے، فلک زمین اللہ کی تسبیح میں جھک گئے۔ تاریخ، جغرافیہ، داخلی و خارجی امور طے ہونے لگے اور کتنے ہزار سال پہلے مکہ کی جن بے آب و گیا وادی میں حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے لخت جگر حضرت اسماعیل علیہ السلام اور بی بی ہاجرہ کو تنہا اس رب کے سہارے چھوڑا تھا، اسی سرزمین پر حضرت اسماعیل علیہ السلام ہی کی اولاد سے آخری نبی اور رسول دنیا میں تشریف لائے جن کو کائنات کا نور قرار دیا گیا۔ آپؐ کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا، یہ قرآن مجید فرقان حمید میں رب ذوالجلال والاکرام نے ارشاد فرما دیا۔ چنانچہ آپؐ کی حیات طیبہ ہی پوری دنیا کیلئے آخرت تک ایک دستور، ایک نظام حیات بنی۔ آپؐ کی سیرت پاک میں سر لامکاں سے لے کر تمام غزوات تک اور صلح حدیبیہ سے لے کر خطبہ حجۃ الوداع تک، قیامت تک کے امور طے پا گئے۔

آپؐ کو اللہ تعالیٰ نے کبھی سورہ مدثر میں پیار سے پکارا اور کبھی سورہ مزمل میں آپؐ کو مخاطب کیا۔ آپ پر وہ کلام الٰہی نازل ہوا جس کی تائید عملاً آپؐ نے خود اپنی زندگی میں کی اور پھر اس خالق حقیقی سے عشق کی انتہا وہاں تک پہنچی کہ خود وحدہ لاشریک ذات نے کلام پاک میں فرمایا کہ میں اور فرشتے نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر

سرچ لائٹ
کوثر لودھی

درود و سلام بھیجتے ہیں، اس لئے اے ایمان والو! تم بھی نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود و سلام بھیجو۔ اس کے بعد کیا باقی رہ گیا کہ اس سیرت عظیم کے بعد کوئی اپنی راہ سے بھٹکا تو وہ ظالموں میں سے ہو گیا۔ جب ہدایت کا سرچشمہ قرآن حکیم اور اپنی سیرت کاملہ رہتی دنیا تک چھوڑ کر رخصت ہوئے، اللہ تعالیٰ کی اتنی محبت اور عنایات کے بعد بھی آنسو ان کی آنکھ سے رواں ہوتے رہتے، خوف کا یہ عالم کہ بادل گرجتا یا بجلی کڑکتی تو سجدے میں گر جاتے اور فرماتے کہ پہلے انبیا کی قوموں پر بھی اسی طرح عذاب نازل ہوئے، جب انہوں نے اللہ تعالیٰ کے حکم کو جھٹلایا اور ظالموں میں سے ہو گئے۔ پیغمبر اسلام حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیات مبارکہ کا ایک ایک لمحہ تمام عالم انسانیت کے لئے سبق آموز ہے۔ آپؐ کے پیدا ہونے سے لے کر آپؐ کی وفات کا ایک ایک لمحہ، حیات طیبہ آج مسلمانوں کو حفظ ہے۔ قیامت تک آپؐ کی سیرت پر کتابیں لکھی جاتی رہیں گی۔ یہ سلسلہ کبھی رک نہ سکے گا، بکر عمل کی ناپختگی اور محرومی انسان کو جہنم کے راستے پر ڈالتی جائے گی۔ اس کے لئے اس ماہ مبارک میں میلاد شریف، نعت مبارکہ کے علاوہ سیرت النبیؐ پر جو اسلامی مملکت ہیں، وہ جتنی زیادہ توجہ دیں گی اتنی زیادہ کامیابیاں ان کو نصیب ہوں گی۔ حکومت پاکستان اور وزارت مذہبی امور نے ۱۲ ربیع الاول ۱۴۴۶ھ بمطابق 2024 کا ملک گیر پروگرام ترتیب دیا ہے جس پر تمام ماہ ربیع الاول میں عمل درآمد ہو گا۔ دارالحکومت اور تمام صوبوں میں اس کی تفصیلات کو جاری کر دیا گیا ہے۔ جس میں نیشنل رحمت العالمین کانفرنس کا انعقاد، XX ریاست کا تعلیمی نظام سیرت النبی صلی اللہ کی روشنی میں XX عنوان ہو گا۔ صدر مملکت اور وزیر اعظم پاکستان اس عظیم کانفرنس کی سربراہی کا شرف حاصل کریں گے جس کا اہتمام وزارت مذہبی امور کرے گی۔ اس سیرت کانفرنس میں مذہبی سکالرز، سیاسی شخصیات، ڈپلومیٹس اور دیگر اہم ترین شخصیات شریک ہوں گی۔ اس موقع پر سیرت مبارکہ پر کتب لکھنے، آرٹیکل لکھنے، نعت لکھنے والوں میں انعامات تقسیم کیے جائیں گے۔

اس موقع پر تمام صوبوں میں بھی سیرت کانفرنسز ہوں گی اور ہر ڈویژن اور ڈسٹرکٹ کی سطح پر بھی سیرت کانفرنس کا ملک بھر میں انعقاد ہو گا۔ جن میں علما و مشائخ، وزرا اور قابل شخصیات شامل ہوں گی۔ جہاں صوبوں کے گورنرز مہمان خصوصی ہوں گے۔ اس موقع پر تمام سکولوں، کالجز اور یونیورسٹیوں میں محفل میلاد کا انعقاد، آنحضور صلی اللہ کی شخصیت کے بارے میں جنرل نالج کے Quiz، نعت خوانی کے مقابلے اور تقاریر منعقد ہوں گی اور جیتنے والوں میں انعامات تقسیم کیے جائیں گے۔ صبح کا آغاز دارالحکومت میں 31 توپوں کی سلامی سے ہو گا۔ دنیا بھر میں پاکستانی ہائی کمشن سیرت تقاریر اور تقریبات، سیمینارز کا انعقاد کریں گے۔ اخبارات، میگزین اپنے اسپیشل ایڈیشن حیات طیبہ، سیرت النبیؐ پر شائع کریں گے۔ تمام الیکٹرانک میڈیا خصوصی ٹرانسمیشن میں سیرت النبیؐ پر اسپیشل نشریات، نعتیہ مشاعروں کا انعقاد ہو گا جو تمام ماہ ربیع الاول پیش کرتے رہیں گے۔ تمام خصوصی عمارات پر سیرت بینرز آویزاں کیے جائیں گے۔ اس عظیم ہستی کی آمد پر جا بجا یتیموں، بیواؤں اور معذوروں کی مالی معاونت بھی کی جائے گی۔ ڈیفنس، سیمی گورنمنٹ اور پرائیویٹ سیکٹر بھی سیرت النبیؐ کے حوالے سے خصوصی تقریبات کا انعقاد کر کے اس عظیم ہستی کو خراج عقیدت پیش کرنے کا اعزاز حاصل کریں گے۔

بابر اعظم کو حارث کی کپتانی میں کھیلنے سے انکار کر دینا چاہیے: باسط علی

جو لوگ ملک کے بارے میں نہیں سوچ سکتے ان کی تقرری نہیں ہونی چاہیے اور جنھوں نے خود اعتراف کیا کہ وہ جان بوجھ کر ایک میچ ہارے تھے

کراچی (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کرکٹر باسط علی نے کہا ہے کہ بابر اعظم کی جیب سے 10 حارث جیسے کھلاڑی نکل سکتے ہیں انہیں حارث کی کپتانی میں کھیلنے سے انکار کر دینا چاہئے تھا۔ایک انٹرویو میں انہوں نے شعیب ملک پر میچ فکسنگ کے الزامات عائد کرتے ہوئے چیمپئنز کپ کے لیے ٹیم اسٹالینز کا مینٹور مقرر کیے جانے پر پاکستان کرکٹ بورڈ پر شدید تنقید کی ہے۔سابق قومی کرکٹر نے اپنے یوٹیوب چینل پر گفتگو کے دوران ٹیم اسٹالینز کے مینٹور شعیب ملک پر میچ فکسنگ کے الزامات عائد کرتے ہوئے کہا اگر کسی کو ثبوت چاہئیں تو میں دے دوں گا۔باسط علی نے کہا کہ جو لوگ ملک کے بارے میں نہیں سوچ سکتے ان کی تقرری نہیں ہونی چاہیے اور جنھوں نے خود اعتراف کیا کہ وہ جان بوجھ کر ایک میچ ہارے تھے انھیں پی سی بی نے کیسے مینٹور بنا دیا۔ان کا کہنا تھا رمیز راجہ کو دیئے گئے انٹرویو میں شعیب ملک نے جان بوجھ کر ایک میچ ہارنے کا اعتراف کیا تھا۔سابق کرکٹر نے بابر اعظم کے بجائے اسٹالینز کا کپتان نوجوان وکٹ کیپر بیٹر محمد حارث کو بنانے پر بھی مینٹور شعیب ملک پر تنقید کی اور کہا کہ بابر اعظم کی جیب سے آپ حارث جیسے 10 کھلاڑی نکال سکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ بابر اعظم کو ان حالات میں عمر اکمل یا احمد شہزاد جیسا مؤقف اختیار کرنا چاہیے تھا اور حارث کی کپتانی میں کھیلنے سے انکار کر دینا چاہیے تھا۔بابر اعظم کے ساتھ پاکستان کے ٹیسٹ کپتان شان مسعود بھی اسٹالینز کا حصہ ہیں لیکن وہ بھی محمد حارث کی کپتانی میں ہی کھیل رہے ہیں۔

ساؤتھ ایشین جونیئر ایتھلیٹکس چیمپئن شپ: پاکستان کوئی بھی میڈل نہ جیت سکا

چنائی (این این آئی) ساؤتھ ایشین جونیئر ایتھلیٹکس چیمپئن شپ میں پاکستان کی مایوس کن کارکردگی، ایونٹ میں شریک 12 ایتھلیٹس 90 میڈلز میں سے ایک میڈل بھی نہ جیت سکے، جونیئر ایتھلیٹکس ٹیم کیساتھ کوالیفائیڈ کوچ نہ بھیجے جانے کا انکشاف بھی ہوا ہے۔بھارتی شہر چنائی میں منعقدہ ساف جونیئر ایتھلیٹکس چیمپئن شپ میزبان بھارت نے 48 میڈلز کیساتھ جیتی، سری لنکا35، بنگلہ دیش 3، مالدیپ 2، نیپال نے 1 میڈل جیتا جبکہ پاکستانی ایتھلیٹس ایک بھی میڈل جیتنے میں ناکام رہے۔ذرائع کے مطابق دورہ بھارت کے لئے کوچز کی بجائے من پسند شخصیات کو مبینہ طور پر نوازا گیا ٹیم کیساتھ دورہ بھارت کے لئے اقبال اختر، مس عابدہ، سیف آفریدی، رانا تنویر کو ٹیم آفیشلز بھجوایا گیا جو ایونٹ کی بجائے سیر سپاٹوں میں مصروف رہے جبکہ اسلام آباد میں تربیتی کیمپ میں اصغر گل، رفیق احمد، سمیع زیدی کوچنگ کرتی رہی۔

ایشین ہاکی چیمپئنز ٹرافی، سیمی فائنل لائن آج کھیلے جائیں گے

بیجنگ (این این آئی) ایشین ہاکی چیمپئنز ٹرافی میں سیمی فائنل لائن اپ مکمل ہوگئی۔ایونٹ کے سیمی فائنل کیلئے پاکستان، چین، بھارت اور جنوبی کوریا سیمی فائنل میں جگہ بنانے میں کامیاب ہوئے ہیں۔پاکستان پہلے سیمی فائنل میں چین سے ٹکرائے گا جبکہ اور بھارت اور کوریا آمنے سامنے ہوں گے، دونوں سیمی فائنل 16 ستمبر کو کھیلے جائیں گے۔قبل ازیں آخری گروپ میچ میں بھارت نے پاکستان کو 1-2 سے شکست دی تھی۔واضح رہے کہ چین کے شہر ہولن بیئر میں کھیلے جارہے ٹورنامنٹ میں بھارت کیخلاف بارگرین شرٹس کی ایک پہلی ناکامی تھی۔

پاکستان کیخلاف ٹیسٹ سیریز میں تاریخی کامیابی پر بنگلادیشی ٹیم کو بڑا انعام

ڈھاکہ (این این آئی) پاکستان کے خلاف ٹیسٹ سیریز میں تاریخی کامیابی پر بنگلادیشی ٹیم کو بڑا انعام دے دیا گیا۔بنگلادیش کرکٹ ٹیم کے اعزاز میں تقریب کا انعقاد کیا گیا جہاں ٹیم کو کیش انعام دیا گیا۔بنگلادیش کرکٹ بورڈ (بی سی بی) کے مطابق بنگلادیش کرکٹ ٹیم کو پاکستان کے خلاف تاریخی کامیابی پر 2.3 کروڑ ٹکا انعام دیا گیا۔بی سی بی صدر فاروق احمد نے وزارت یوتھ اینڈ اسپورٹس کے ایڈوائزر آصف محمود سے بونس وصول کیا۔بنگلادیشی کرکٹ بورڈ کے مطابق انعامی رقم کا کچھ حصہ بنگلادیش کے سیلاب متاثرین کو دیا جائے گا۔) پاکستان کے خلاف ٹیسٹ سیریز میں تاریخی کامیابی پر بنگلادیشی ٹیم کو بڑا انعام دے دیا گیا

احتجاج کی دھمکی، جے شاہ کی بنگلہ دیش کو مکمل سیکیورٹی کی یقین دہانی

ہندو انتہا پسند تنظیم مہا سبھا دورے کی مخالفت کی اور اسٹیڈیم کے باہر احتجاج کی کال دی تھی

نئی دہلی (این این آئی) ہندو انتہا پسندوں کی جانب سے بنگلادیشی ٹیم کو دھمکیاں ملنے کے بعد جے شاہ نے سیکیورٹی فراہم کرنے کی یقین دہانی کروادی۔میڈیا رپورٹس کے مطابق بھارتی کرکٹ بورڈ (بی سی سی آئی) سیکریٹری جے شاہ نے بنگلادیش کو ہندو انتہا پسندوں کی جانب سے دھمکیاں ملنے کے بعد سخت سیکیورٹی فراہم کرنے کی یقین دہانی کروائی ہے۔بنگلادیشی ٹیم کی حفاظت کے حوالے سے خدشات گزشتہ ماہ اس وقت سامنے آئے جب ہندو انتہا پسند تنظیم مہا سبھا دورے کی مخالفت کی اور اسٹیڈیم کے باہر احتجاج کی کال دی۔سابق وزیر اعظم شیخ حسینہ واجد کی حکومت گرائے جانے کے بعد ہندو انتہا پسند جماعت نے الزام عائد کیا تھا کہ بنگلادیش میں ہندوؤں کو قتل اور انکے گھر جلائے جارہے ہیں۔

چیمپئنز کپ ون ڈے ٹورنامنٹ: پینتھرز نے ڈولفنز کو 50 رنز سے ہرا دیا

ڈولفنز کی پوری ٹیم 47 اوورز میں 278 رنز بنا کر آؤٹ پینتھرز کے محمد حسنین نے پانچ کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا

فیصل آباد (این این آئی) چیمپئنز کپ ون ڈے ٹورنامنٹ میں پینتھرز نے ڈولفنز کو 50 رنز سے شکست دے دی۔پینتھرز نے عثمان خان کی سنچری کی بدولت 328 رنز اسکور کیے۔ڈولفنز کی ٹیم 278 رنز بنا سکی۔فیصل آباد میں کھیلے گئے میچ میں پینتھرز کی ٹیم پہلے کھیلتے ہوئے 328 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔عثمان خان 111 رنز بنا کر نمایاں رہے جبکہ کپتان شاداب خان نے 65 اور حیدر علی 63 رنز بنائے۔ڈولفنز کی جانب سے عثمان قادر نے تین میر حمزہ اور عباس آفریدی نے دو، دو وکٹیں حاصل کیں۔جواب میں ڈولفنز کے اوپنرز صاحبزادہ فرحان اور محمد ہریرا نے پہلی وکٹ پر 66 رنز بنائے۔صاحبزادہ فرحان 52 اور حریرا 39 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔قاسم اکرم نے 65 اور فہیم اشرف نے 41 رنز کی اننگز کھیلی لیکن پوری ٹیم 47 اوورز میں 278 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔

ڈیوس کپ، پاکستان اور بارباڈوس کے درمیان ٹائی پہلے روز ایک ایک سے برابر

بارباڈوس (این این آئی) ڈیوس کپ ورلڈ گروپ II کے پہلے راؤنڈ میں پاکستان اور بارباڈوس کے درمیان ٹائی کا پہلا دن ایک ایک سے برابر رہا۔بارباڈوس میں بریج ٹاؤن کے نیشنل ٹینس سینٹر میں پہلے سنگلز میں بارباڈوس کے ڈاریان کنگ نے پاکستان کے محمد شعیب کو اسٹریٹ سیٹس میں شکست دے کر میزبان ٹیم کو برتری دلائی۔ڈاریان کنگ نے سخت حریف ثابت ہوتے ہوئے 3-6 اور 0-6 سے کامیابی حاصل کی۔دوسرے سنگلز میں پاکستان کے تجربہ کار کھلاڑی عقیل خان نے زبردست کم بیک کرتے ہوئے ٹائی برابر کر دی۔عقیل نے پہلے سیٹ میں بارباڈوس کے کائیو مارشل کے ہاتھوں 4-6 سے شکست کھائی لیکن اگلے دو سیٹس میں شاندار واپسی کرتے ہوئے 1-6 اور 4-6 سے فتح حاصل کی۔اتوار کو ٹائی کے اہم ڈبلز میچ میں پاکستان کے سب سے تجربہ کار جوڑی، عقیل خان اور اعصام الحق قریشی ایکشن میں نظر آئیں گے۔اس کے بعد محمد شعیب اور عقیل خان ریورس سنگلز کیلئے کورٹس میں اتریں گے جو اس ٹائی کا فیصلہ کریں گے۔یہ پہلی مرتبہ ہے کہ پاکستان اور بارباڈوس کے درمیان ڈیوس کپ ٹائی ہو رہی ہے، جس میں دونوں ٹیمیں ورلڈ گروپ II پلے آف میں جگہ بنانے کیلئے پرعزم ہیں۔

چیمپئنز لیگ پلیئنگ کنڈیشنز میں تبدیلی کردی گئی

فیصل آباد (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے چیمپئنز لیگ پلیئنگ کنڈیشنز میں تبدیلی کردی۔پلیئنگ کنڈیشنز میں تبدیلی بونس پوائنٹ کے قانون کے حوالے سے کی گئی ہے۔نئی پلیئنگ کنڈیشنز میں ٹیموں کا بونس پوائنٹ نیٹ رن ریٹ کے فرق پر ہوگا۔ایک رن فی اوور کے فرق پر ایک بونس پوائنٹ، دو رنز کے فرق پر دو بونس پوائنٹ ہوں گے جبکہ تین رن فی اوور کے رن ریٹ فرق پر تین بونس پوائنٹ ملیں گے۔اس سے قبل ٹیموں کو رنز اور وکٹوں کے مارجن پر بونس پوائنٹس ملنا تھے۔350 رنز اسکور کرنے پر ایک اور 375 کرنے پر دو بونس پوائنٹ ملیں گے۔پہلے پاور پلے میں تین وکٹیں لینے یا 80 رنز کرنے پر بھی بونس پوائنٹ برقرار ہے۔علاوہ ازیں چیمپئنز کپ میں میچ کے غیر نتیجہ کن ہونے پر کسی ٹیم کو کوئی پوائنٹ نہیں ملے گا۔

قومی ہاکی ٹیم کے کھلاڑی غضنفر علی کے والد انتقال کر گئے، ہاکی فیڈریشن کا اظہار افسوس

لاہور (این این آئی) قومی ہاکی ٹیم کے کھلاڑی غضنفر علی کے والد محمد افضل انتقال کر گئے۔غضنفر علی کے والد کے انتقال پر پی ایچ ایف کے عہدیداران نے افسوس کا اظہار کیا ہے۔

انٹرنیشنل اسکواش چیمپئن شپ، احسن ایاز نے فائنل میں جگہ بنالی

واشنگٹن (این این آئی) پاکستان کے احسن ایاز نے امریکا میں جاری 247 انٹرنیشنل اسکواش چیمپئن شپ کے فائنل میں جگہ بنالی۔سیمی فائنل میں احسن ایاز نے مصر کے کریم البار بری کو شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 0-3 سے شکست دی۔احسن نے یہ میچ 3-11، 7-11، اور 0-11 کے اسکور سے جیتا۔اس سے قبل کوارٹر فائنل میں احسن ایاز نے ہم وطن فواد خلیل کو بھی شکست دی تھی، فواد کے خلاف احسن نے 7-11، 5-11، اور 5-11 سے کامیابی حاصل کی۔فائنل میں احسن ایاز کا مقابلہ تھرڈ سیڈ مصر کے محمد شرف سے ہوگا۔انٹرنیشنل اسکواش چیمپئن شپ کی مجموعی انعامی رقم تین ہزار ڈالرز ہے۔پاکستان کے احسن ایاز نے امریکا میں جاری 247 انٹرنیشنل اسکواش چیمپئن شپ کے فائنل میں جگہ بنالی۔سیمی فائنل میں احسن ایاز نے مصر کے کریم البار بری کو شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 0-3 سے شکست دی۔احسن نے یہ میچ 3-11، 7-11، اور 0-11 کے اسکور سے جیتا۔

اسنوکر ورلڈکپ: پاکستانی کھلاڑیوں نے اپنے دونوں میچز جیت لیے

اسجد اقبال اور اویس منیر نے اپنے دونوں ہی میچز میں بغیر کوئی فریم ڈراپ کیے کامیابیاں سمیٹیں

اولان باتر (این این آئی) منگولیا میں جاری اسنوکر ورلڈکپ کے پہلے روز پاکستانی کھلاڑیوں نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنے دونوں میچز جیت لیے۔اسجد اقبال اور اویس منیر نے اپنے دونوں ہی میچز میں بغیر کوئی فریم ڈراپ کیے کامیابیاں سمیٹیں۔اسجد اقبال نے پہلے میچ میں منگولیا کے بتارکھوزانکھو کو 0-3 سے شکست دی، اسکور 38-71, 51-71 اور 32-110 رہا۔دوسرے میچ میں اسجد نے جاپان کے جونجی میازوا کو بھی بغیر کوئی فریم ڈراپ کیے ہرایا اور اسکور 18-68، 11-63 اور 01-83 تھا۔اویس منیر نے اپنے پہلے میچ میں منگولین کھلاڑی کاش اوچیر کو زیر کیا، اسکور 17-60، 12-62 اور 09-81 رہا۔دوسرے میچ میں اویس نے اومان کے حسین الواتی کو بغیر فریم ڈراپ کیے شکست دی، ان کی کامیابی کا اسکور 06-68، 12-101 (75) اور 15-83 رہا۔منگولیا میں جاری اسنوکر ورلڈکپ کے پہلے روز پاکستانی کھلاڑیوں نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنے دونوں میچز جیت لیے۔اسجد اقبال اور اویس منیر نے اپنے دونوں ہی میچز میں بغیر کوئی فریم ڈراپ کیے کامیابیاں سمیٹیں۔اسجد اقبال نے پہلے میچ میں منگولیا کے بتارکھوزانکھو کو 0-3 سے شکست دی، اسکور 38-71, 51-71 اور 32-110 رہا۔

گلوکارہ ملکہ ترنم نور جہاں کے مداح ان کا 98 واں یوم پیدائش 21 ستمبر کو منائیں گے

نور جہاں کا اصل نام اللہ وسائی تھا، اپنے فن اور محبت کی بنا پر لوگوں نے انہیں ملکہ ترنم کا خطاب دیا

مکوآنہ (این این آئی) برصغیر کی معروف گلوکارہ ملکہ ترنم نور جہاں کے مداح ان کا 98 واں یوم پیدائش 21 ستمبر کو منائیں گے اس سلسلے میں سالگرہ تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا۔ملکہ ترنم نور جہاں 21 ستمبر 1926 کو قصور میں پیدا ہوئیں۔نور جہاں کا اصل نام اللہ وسائی تھا، اپنے فن اور محبت کی بنا پر لوگوں نے انہیں ملکہ ترنم کا خطاب دیا نور جہاں نے اپنے فنی کیریئر کا آغاز 1935 میں بطور چائلڈ اسٹار فلم پنڈ دی کڑیاں سے کیا جس کے بعد انمول گھڑی، ہیر سیال اور سسی پنو جیسی مشہور فلموں میں اداکاری کے جوہر آزمائے۔1941ء میں موسیقار غلام حیدر نے انہیں اپنی فلم خزانچی میں پلے بیک سنگر کے طور پر متعارف کروایا۔1941 میں ہی بمبئی میں بننے والی فلم خاندان ان کی زندگی کا ایک اور اہم سنگ میل ثابت ہوئی۔قیام پاکستان کے بعد انہوں نے فلم چن وے سے اپنے پاکستانی کیریئر کا آغاز کیا۔اس فلم کی ہدایات بھی انہی نے دی تھی۔بطور اداکارہ ان کی دیگر فلموں میں گلنار، دوپٹہ، پاٹے خان، لخت جگر، انتظار، نیند، کوئل، چھومنتر، انارکلی اور مرزا غالب کے نام شامل ہیں۔ایک ریکارڈ کے مطابق انہوں نے 995 فلموں کے لئے نغمات ریکارڈ کروائے جن میں آخری فلم گبھرو پنجاب دا تھی جو 2000 میں ریلیز ہوئی تھی۔ملکہ ترنم نور جہاں نے مجموعی طور پر 10 ہزار سے زیادہ غزلیں اور گیت گائے۔

اداکارہ سنبل اقبال نے عمرے کی سعادت حاصل کرلی

مکہ مکرمہ (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی اُبھرتی ہوئی اداکارہ سنبل اقبال نے عمرے کی سعادت حاصل کرلی۔فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اداکارہ نے خانہ کعبہ سے دلکش تصاویر شیئر کیں اور کیپشن میں لکھا کہ اللہ نے خواب کو حقیقت میں بدل دیا، الحمدللہ! میں نے اپنا پہلا عمرہ مکمل کرلیا ہے۔انہوں نے مزید لکھا کہ میں اس ناقابل یقین نعمت کیلئے اللہ کا شکر گزار ہوں، انشاء اللہ ہم سب کو بار بار لوٹنے کا موقع عطا فرمائے (آمین)۔اداکارہ نے مزید کہا کہ میں کافی عرصے سے عمرہ ادائیگی کی کوشش کررہی تھی بالآخر اللہ نے میری تمام دعائیں قبول کرلیں۔دوسری جانب عمرہ ادائیگی مکمل کرنے پر مداح انہیں مبارکباد دے رہے ہیں اور دعاؤں کی درخواست بھی کر رہے ہیں۔

بگ باس کا حصہ تب بنوں گی جب سلمان کیساتھ میزبانی کرسکوں، سنیتا آہوجا

ممبئی (این این آئی) بھارتی اداکار گووندا کی اہلیہ سنیتا آہوجا کا کہنا ہے کہ بگ باس سے آفر ہے لیکن اس کا حصہ اسی وقت بنوں گی جب سلمان کے ساتھ میزبانی کرسکوں۔یہ بات انہوں نے ایک بھارتی پوڈ کاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے کہی، انہوں نے کہا کہ گووندا کی اہلیہ سنیتا آہوجا نے ایک حالیہ انٹرویو میں کہا کہ انہیں "بگ باس" کی پیشکش کی جارہی ہے لیکن وہ بطور کانٹیسٹنٹ نہیں بلکہ سلمان خان کے ساتھ میزبان بن کر شو میں شامل ہونا چاہتی ہیں۔سنیتا آہوجا کو اس سے قبل بھی ریئلٹی شو کی پیشکش کی گئی لیکن وہ یہ آفر قبول نہیں کرتیں۔ان کا کہنا ہے کہ وہ مالی طور پر جدوجہد نہیں کررہی ہیں۔

کنگ خان کی حفاظت گزشتہ ایک دہائی سے روی سنگھ کی ذمہ داری ہے، وہ سالانہ 2.7 کروڑ روپے تنخواہ لیتے ہیں

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ فلم انڈسٹری کی معروف شخصیات نے نہ صرف دولت اور شہرت کمائی بلکہ لاکھوں مداحوں کی حمایت اور وفاداری بھی حاصل کی لیکن بعض اوقات انہیں مداحوں کی دیوانگی سے تحفظ کی ضرورت ہوتی ہے، لہٰذا اس مقصد کیلیے انہیں باڈی گارڈز کی خدمات درکار ہوتی ہیں۔یہ کہنا بجا ہوگا کہ ان کے باڈی گارڈز کو عام لوگوں کے مقابلے میں کہیں زیادہ تنخواہ دی جاتی ہے۔آئیے دیکھتے ہیں چند معروف بالی ووڈ سیلبریٹیز کے سب سے زیادہ معاوضہ لینے والے باڈی گارڈز کونسے ہیں؟ بھارتی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق کنگ خان کی حفاظت گزشتہ ایک دہائی سے روی سنگھ کی ذمہ داری ہے۔

'میں لٹ گیا'، بادشاہ نے اپنی ناکامی کا اعتراف کرلیا

ممبئی (این این آئی) بھارت کے معروف ریپر اور گلوکار بادشاہ نے انکشاف کیا کہ انہیں اپنے میوزک چینل اور برانڈ شروع کرنے میں ناکامی کا سامنا کرنا پڑا۔حال ہی میں اپنے ایک انٹرویو کے دوران بادشاہ نے ایم ٹی وی کے ساتھ اپنے تنازع کے بعد اپنے میوزک چینل 'آہو' شروع کرنے سے متعلق بات کی اور بتایا کہ انہوں نے انا کی وجہ سے اسے لانچ کیا تھا۔بادشاہ نے کہا کہ "میری ایم ٹی وی سے پلیسمنٹ کے حوالے سے لڑائی ہوئی تھی، تو میں نے انا میں آکر اپنا ٹیلی ویژن چینل لانچ کرنے کا فیصلہ کیا جس کا مقصد ایم ٹی وی کو پیچھے چھوڑنا تھا۔ہم نے ٹی آر پی کے معاملے میں انہیں مات دی، لیکن میں لٹ گیا۔

مریم نفیس کے نئے فوٹوشوٹ نے مداحوں کو گرویدہ بنا لیا

لاہور (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی خوبرو اداکارہ مریم نفیس کے نئے فوٹو شوٹ نے مداحوں کو اپنا گرویدہ بنا لیا۔معروف اداکارہ مریم نفیس نے حال ہی میں سوشل میڈیا پلیٹ فارم انسٹاگرام پر لندن میں ڈرامے کی شوٹنگ کے دوران نئے فوٹو شوٹ کی تصاویر شیئر کی ہیں۔رات کے وقت لندن میں کیے گئے فوٹو شوٹ میں مریم نفیس سیاہ لباس زیب تن کیے ہوئے مختلف پوز دیتے ہوئے نظر آ رہی ہیں۔مداحوں کی جانب سے مریم نفیس کی تصاویر کو خوب پسند کیا جارہا ہے اور ان پر تبصروں کا سلسلہ بھی جاری ہے۔

شاہ رخ خان دیپیکا پڈوکون سے ملنے ہسپتال پہنچ گئے

شاہ رخ خان اپنی سفید رولز رائس گاڑی میں ہسپتال پہنچے

ممبئی (این این آئی) سپر سٹار شاہ رخ خان اداکارہ دیپیکا پڈوکون سے ملنے ہسپتال پہنچ گئے۔بالی ووڈ سپر سٹار شاہ رخ خان رات گئے فلم جوان سمیت کئی فلموں میں ساتھ کام کرنے والی اداکارہ دیپیکا پڈوکون اور رنویر سنگھ کی نومولود بیٹی کو دیکھنے کیلئے ممبئی کے ایچ این ریلائنس فاؤنڈیشن ہسپتال پہنچے۔واضح رہے کہ دیپیکا کے ہاں 8 ستمبر کو بیٹی کی پیدائش ہوئی تھی، اس حوالے سے سوشل میڈیا پر ظاہر ہونے والی ایک ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ شاہ رخ خان اپنی سفید رولز رائس گاڑی میں ہسپتال پہنچے۔شاہ رخ خان سے قبل کئی اہم اور ممتاز شخصیات بھی دیپیکا اور رنویر سے ملنے ہسپتال آچکے ہیں جن میں ایشیا کے دولت مند ترین شخص مکیش امبانی بھی شامل ہیں۔مکیش امبانی سب سے پہلے پہنچے اور انہوں نے دیپیکا اور رنویر کو انکے ہاں بیٹی کی پیدائش پر مبارکباد پیش کی تھی۔

سونم کے سسر نے بیٹے اور بہو کیلئے لندن میں 231 کروڑ کا عالیشان گھر خرید لیا

لندن (این این آئی) بالی وڈ اداکارہ سونم کپور کے سسر اور معروف بزنس مین ہریش آہوجا نے لندن میں 21 ملین پاؤنڈز میں ایک عالیشان پراپرٹی خریدی ہے جو اس سال برطانیہ میں سب سے بڑے رہائشی سودوں میں سے ایک ہے۔بھارتی میڈیا نے بلومبرگ کی ایک رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا ہے کہ سونم کپور کے سسر اور معروف بزنس مین ہریش آہوجا نے لندن کے ناٹنگ ہل ڈسٹرکٹ میں تقریباً 231.47 کروڑ بھارتی روپے میں عالیشان گھر خریدا ہے جس میں بالی وڈ اداکارہ اپنے شوہر کے ساتھ جلد منتقل ہوں گی۔بلومبرگ کی رپورٹ میں بتایا گیا کہ ہریش نے رواں سال جولائی میں 8 منزلہ عالیشان رہائشی عمارت خریدی۔یہ پراپرٹی تقریباً 20 ہزار مربع فٹ جگہ پر بنی ہے۔رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ یہ عمارت پہلے برطانیہ کی ایک معروف چیریٹی آرگنائزیشن کی ملکیت تھی۔اب اس عالیشان پراپرٹی کا ایک حصہ سونم کپور اور ان کے شوہر آنند آہوجا اپنی رہائش کے لیے استعمال کریں گے جبکہ عمارت کے باقی حصے کو فلیٹس میں تبدیل کیے جانے کا امکان ہے۔



فرمانروائی کا الٰہی حق

''علامہ اقبال: تقریریں، تحریریں اور بیانات'' کے نام سے کتاب 1944 میں شائع ہوئی جس میں مفکر پاکستان کی متفرق نثری تحریریں شامل ہیں۔ مختلف ناموں اور ترامیم کے ساتھ اس کے متعدد ایڈیشن شائع ہوئے تاہم اقبال اکادمی کے زیر اہتمام اقبال احمد صدیقی نے اس کا ترجمہ کیا۔ کہنہ مشق مصنف ہونے کی وجہ سے اُن کا ترجمہ رواں، شستہ اور معیاری ہے۔ حضرت علامہ اقبالؒ کے 146 ویں یوم ولادت کے موقع پر اسی کتاب میں سے ایک مضمون نذر قارئین ہے۔

شاعرِ مشرق حضرت علامہ اقبالؒ کے مطابق ایک نظریے کی وضاحت ادی وسائل کے علاوہ بادشاہ کچھ نفسیاتی طریقے بھی استعمال کرتے تھے جن کے ذریعے وہ عوام کو خوف زدہ رکھتے تھے۔ مثال کے طور پر انہوں نے یہ طے کر رکھا تھا کہ وہ عامۃ الناس کی نظروں سے اوجھل رہیں گے۔ مغل فرمانروا محل کے جھروکے میں سے اپنے درشن کراتے۔ اس سے بڑا نفسیاتی اثر پڑتا۔ آج بھی بادشاہ عوام کے ساتھ آزادی سے گھلتے ملتے نہیں بلکہ وہ دریچے سے اپنا جلوہ دکھاتے ہیں۔ یہ ایک سعی ہے اسی جہت میں یعنی وہ خود کو مافوق البشر انسان کے لباس میں ملبوس ہو کر اپنے گرد ہالہ بنا لیتے ہیں تاکہ عوام پر کچھ خوف اور تقدس کا اثر ڈال سکیں۔ یہ مصنوعی انسانی طریقے ہیں جن کے درسب کے لئے واہیں بغیر کسی الٰہی ذریعے کے۔

بادشاہوں کو فرمانروائی کا حق خدا کی طرف سے عطا ہوتا ہے، یہ نظریہ اتنا ہی قدیم ہے جتنا کہ بنفسہ بادشاہت کا ادارہ۔ اس اصول کے مطابق مشرق میں اور مغرب میں بھی یہ تصور کیا جاتا ہے کہ بادشاہ کو اپنا اختیار خدا کی جانب سے براہ راست ملتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس عقیدے کی جڑ بنیاد مشرق میں تھی اور مسیحیت کے ظہور کے بعد اسے مغرب میں درآمد کر لیا گیا۔ اس کے منطقی نتیجے کے طور پر دو بے حد اہم اصول اس کے جلو میں آئے۔ اول بادشاہ زمین پر خدا کا نمائندہ ہونے کے باعث اپنی قوم کے سامنے جملہ ذمہ داریوں سے بری الذمہ ہے۔ اس کی زبان سے نکلا ہوا لفظ قانون ہے، وہ جو جی چاہے کرے اور اسے پوچھنے گچھنے والا کوئی نہیں۔ انگریزی کہاوت ہے "بادشاہ سے کوئی غلطی سرزد نہیں ہو سکتی"۔ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ یہ کہاوت بھی اسی الٰہی تقدس کی باقیات میں سے ہے جو بادشاہ کی ذات سے منسوب ہے۔ ثانیاً بادشاہت اسی خاندان میں رہنی چاہیے جسے مقدس سمجھا جاتا ہے۔

بادشاہ کے اس مقدس تصور کی وجہ سے ہی مسیحیت کے ازمنہ وسطیٰ میں تاجپوشی کے وقت بادشاہوں کی کلیسا میں بھی باقاعدہ مقدس رسم ادا کی جاتی تھی۔ شیکسپیر نے رچرڈ دوئم کے منہ سے حسب ذیل الفاظ ادا کرائے۔

''تند و تیز سمندر کا سارا پانی بھی اس روغن کو دھو نہیں سکتا جو بادشاہ کی مقدس رسم ادا کرتے ہوئے استعمال ہوا''۔

تاریخ کے طلبا جانتے ہیں کہ سترہویں صدی میں انگلستان میں خانہ جنگی کے دوران کس قدر خونریزی ہوئی جو اس وصول کی وجہ سے سیاسی تنازعات کا نتیجہ تھی۔ شاہ پرست یہ کہتے تھے کہ جملہ عیسائی بادشاہ، شہزادے اور گورنروں نے اپنے اختیارات خدا سے حاصل کئے۔ پارلیمان کے حامیوں کا موقف یہ تھا کہ حتمی طاقت کا سرچشمہ عوام ہیں۔ چارلس اول کا تہ تیغ کیا جانا موخر الذکر اصول کی فتح تھی۔ انقلاب فرانس نے بادشاہوں کے الٰہی حق کا حتمی طور پر خاتمہ کر دیا۔ اگرچہ ہر مغربی ملک میں شاہ پرستوں کے ایک چھوٹے سے حلقے میں یہ عقیدہ اب بھی کار فرما ہے۔ تاہم وہ سوال جس پر غور ہونا چاہئے وہ یہ ہے کہ کیا بادشاہوں کی طرف سے یہ دعویٰ اور عوام کی جانب سے یہ عقیدہ جائز ہے اور اس استحقاق کے لئے ان کے پاس جواز کیا ہے؟ بظاہر ان میں کوئی الٰہی صفت موجود نہیں۔ وہ اپنی حاکمیت کو برقرار رکھنے کیلئے عام انسان کے ڈھب اور طریقے استعمال کرتے۔ آزادی کی آواز کو دبانے کے لئے ان کے پاس اپنی پولیس اور قید خانے موجود تھے ان کے پاس بے پناہ دولت موجود تھی۔ جس سے دوست اور حمایتی خریدے جاسکتے تھے۔

اس طرح کے دیگر مادی وسائل موجود تھے جن کے ذریعہ وہ انسانوں پر حکومت کر سکتے تھے اور جو شخص ان فوائد سے بہرہ ور ہو وہ ایسا ہی کرسکتا ہے۔ اس میں الٰہیت کہاں سے در آئی؟ کوئی بھی شخص جو ذرا سی بھی صفت الٰہیہ سے متصف نہ ہو لیکن اس میں شعور کی ایک رمق ہو تو وہ اتنا ہی اچھا بادشاہ بن سکتا ہے جتنا کہ کوئی اور جس کے گرد تقدس کا ہالہ بنا ہوا تھا بشرطیکہ اس کے پاس ایک فوج ہو ایک خزانہ اور شاہانہ ساز و سامان ہو۔ درحقیقت حق الٰہی کے ذریعہ سے نہیں بلکہ طاقت کے حق کی بنا پر وہ ابنائے وطن پر حکومت کرتے تھے۔

ان مادی وسائل کے علاوہ یہ بادشاہ کچھ نفسیاتی طریقے بھی استعمال کرتے تھے جن کے ذریعہ سے وہ عوام کو خوف زدہ رکھتے تھے۔ مثال کے طور پر خدا کی طرح جس کے وہ خود کو نائب قرار دیتے تھے، انہوں نے یہ طے کر رکھا تھا کہ وہ خود عامۃ الناس کی نظروں سے اوجھل رہیں گے۔ مغل فرمانروا محل کے جھروکے میں سے اپنے درشن کراتے۔ اس سے بڑا نفسیاتی اثر پڑتا۔ آج بھی بادشاہ عوام کے ساتھ آزادی سے گھلتے ملتے نہیں بلکہ وہ دریچے سے اپنا جلوہ دکھاتے ہیں۔ یہ ایک سعی ہے اسی جہت میں یعنی وہ خود کو مافوق البشر انسان کے لباس میں ملبوس ہو کر اپنے گرد ہالہ بنا لیتے ہیں تاکہ عوام پر کچھ خوف اور تقدس کا اثر ڈال سکیں۔ وہ انہیں خود سے دور رکھ کر نفسیات کا عام طریقہ آزماتے ہیں۔ اس میں کوئی صفت الٰہیہ کہاں ہے؟ کوئی بھی سادہ لوح اگر اسے موقع اور ذریعہ میسر آجائے، ایسا ہی بلکہ شاید بہتر ہی کر سکتا ہے۔ یہ مصنوعی انسانی طریقے ہیں جن کے درسب کے لئے واہیں بغیر کسی الٰہی ذریعے کے حوالے کی۔

الٰہی حق حکمرانی ایسے مادی یا نفسیاتی سہارے کے بغیر ہونا چاہیے۔ اس کو برقرار رکھنے کیلئے نہ سونے چاندی کی ضرورت ہونی چاہیے نہ ہی سنگینوں کی حاجت۔ نہ ہی اسے ایسے نفسیاتی کرتبوں کا سہارا درکار ہونا چاہئے جو دوسروں میں خوف کا وہم پھونک دے۔ یہ حکمرانی ہونی چاہیے بغیر فوج کے، بغیر خزانے کے، بغیر قید خانے اور بغیر پولیس کے۔ اسی طرح کا فرمانروا یہ دعویٰ کرسکتا ہے کہ وہ حق الٰہی کے تحت حکمران ہے۔ تاریخ کے حوالے سے یہ ظاہر ہو جائے گا کہ پیغمبر اسلام ﷺ بلاشبہ ایسے ہی فرمانروا تھے۔ ان کے پاس کوئی فوج نہ تھی جو عامۃ الناس کو انکے مقصد کے لئے فتح کر سکے۔ وہ یتیم تھے اور تن تنہا کھڑے ہوگئے تاکہ بدعنوانیوں کی ان طاقتوں سے نبرد آزما ہوسکیں جو ہر چہار جانب منڈلا رہی تھیں۔ بجائے اس کے کہ ان کے پاس اپنے لوگوں کو مطیع و فرمانبردار بنانے کیلئے کوئی فوج ہوتی خود ان کے خلاف فوج کھڑی کی گئی۔ ایک پوری قوم اسلحہ سے لیس ان کے خلاف کھڑی ہوگئی تاکہ ان کے قدم اکھاڑ دیں۔ تاہم انہیں لوگوں کو وہ حتمی طور پر زیر نگیں لے آئے۔ وہ تھی فی الحقیقت انسانوں پر حق الٰہی کے تحت حکمرانی۔

نہ ہی پیغمبر اسلام ﷺ کے پاس کوئی خزانہ تھا جس کی کشش سے وہ کسی کو اپنے حلقے میں شامل کر سکتے۔ وہ ﷺ تو ایک غریب آدمی تھے جن پر کئی کئی دن کے فاقے گزر جاتے۔ عرب کے حکمران ہونے کے باوصف وہ کھجور کی سخت چٹائی پر استراحت فرماتے تاآنکہ ان کی کمر مبارک پر کھجور کے پتوں کے نشانات پڑ جاتے۔ ایک ظلم و ستم اور جلاوطنی کے شکار جب ابھرے تو پورے علاقے کے بادشاہ بن گئے۔ لیکن وہ قید خانے اور پولیس کے ناموں سے بھی آشنا نہ تھے۔ واقعتاً وہ ایسے حکمران تھے جو مافوق البشر ہستی کے عطا کردہ حق کی بنا پر حکومت کر رہے تھے۔ اس کا بدیہی سبب یہ تھا کہ انہوں نے وہ تمام اختیارات ترک کر دیئے جو بادشاہ لوگ عموماً استعمال کرتے ہیں اپنی حکمرانی کو برقرار رکھنے کیلئے نہ کوئی فوج بادشاہت کی حفاظت کیلئے نہ کوئی ذاتی محافظوں کا دستہ، نہ کوئی خزانہ۔ بجائے اس کے کہ وہ کوشش کرتے کہ وہ لوگوں کو مسحور کر کے ان سے اپنی ہی پرستش کرانی شروع کر دیتے۔ پیغمبر ﷺ نے امکان بھر کوشش کی کہ اس نکتے پر جو ممکن شکوک و شبہات ہیں ان کو یکسر زائل کر دیا جائے۔ ایسی قوم کے درمیان جو تراشیدہ پتھر کو بھی الٰہیت کے لباس میں ملبوس کر کے اس کے سامنے جھکنے کیلئے تیار رہتی تھی یہ سہل ترین چیز تھی لیکن پیغمبر حضرت محمد ﷺ ایسے حربوں سے ماوراء تھے بلکہ انہوں نے اپنی قوم کے سامنے اعلان کیا کہ ''میں ایک بشر ہوں تم ہی جیسا''۔

پیغمبر اسلام ﷺ لوگوں میں ایسے گھل مل جاتے جیسے وہ ان میں سے ہی ایک ہوں۔ چنانچہ جب کوئی اجنبی مسجد میں آتا اور وہاں مسلمانوں کا اجتماع ہوتا تو اسے دریافت کرنا پڑتا کہ ''آپ میں سے محمد (ﷺ) کون ہیں''؟ انہوں نے خود کو اپنی قوم میں اس درجہ مدغم کر دیا تھا کہ ایک بادشاہ کی حیثیت سے انہوں نے کبھی اپنے پھٹے ہوئے کپڑے میں ٹانکا لگانے یا ٹوٹی ہوئی جوتی کو گانٹھنے کو اپنی کسر شان تصور نہیں کیا۔ وہ اپنی بکریوں کا دودھ دوہ لیتے۔ اپنے گھر کی صفائی خود کر لیتے۔ گھر کے کاموں میں ہاتھ بٹا دیتے۔ ایک بار مسلمانوں کا ایک گروہ سرگرم سفر تھا۔ جب کھانے کا وقت آیا اور سب لوگ کھانا پکانے میں مصروف ہوگئے تو رسول اللہ ﷺ اپنے حصے کے کام کے سلسلے میں ایندھن جمع کرنے لگے۔ جب ان کے صحابہ کرامؓ نے ان کی منت کی اور کہا کہ آپ کو زحمت فرمانے کی ضرورت نہیں تو انہوں نے جواباً فرمایا اپنا کام مجھے خود ہی کرنا چاہیے۔

ایسے تھے بے حد طاقتور فرمانروا کہ ان جیسا چشم عالم نے شاید ہی کبھی دیکھا ہو، ایسا فرمانروا جس نے اپنی قوم کے افراد کے جسموں پر ہی نہیں دلوں پر بھی حکمرانی کی۔ ایسا بادشاہ جس کے پاس نہ فوج تھی نہ محل نہ خزانہ، بغیر ان متعدد حربوں کے جنہیں دنیادار بادشاہ اپنے لوگوں کو مطیع و فرمانبردار رکھنے کیلئے استعمال کرتے ہیں۔ وہ لوگوں کے ساتھ ایسے ہی بے تکلف تھے جیسے کہ ان میں سے کوئی ایک دوسرے کے ساتھ ہوسکتا ہے۔ انہوں نے اپنی شخصیت کو ہر ممکن ہالے سے آزاد رکھنے کیلئے ہر جتن کیا۔ اس کے باوصف وہ بادشاہ تھے جن سے ان کی قوم ایسے محبت کرتی جیسی شاید ہی کسی نے اپنے بادشاہ سے محبت کی ہو۔ ان کے ایک صحابی نے جب یہ سنا کہ ایک معرکے میں رسول اللہ ﷺ کے دانت شہید ہوگئے تو انہوں نے اپنے تمام دانت گرا دیئے۔ جب ایک جنگ کے خاتمہ پر مدینہ کی ایک خاتون نے رسول اللہ ﷺ کی خیر و عافیت پوچھی اور اسے جواب دیا گیا کہ اس کا شوہر میدان جنگ میں شہید ہوگیا اس زبردست سانحے کی جانب توجہ دیئے بغیر اس نے دوبارہ سوال کیا کہ کیا رسول مقبول ﷺ خیریت سے ہیں تو اسے پھر جواب ملا اس کا بھائی بھی جنگ میں مارا گیا۔

اس نے اپنا سوال دہرایا اور جواب پایا کہ اس کا بیٹا بھی قتل ہوگیا۔ اس نے پھر اپنے سوال کے جواب پر اصرار کیا اور دریافت کیا کہ پیغمبر ﷺ کا کیا حال ہے تو اسے بتایا گیا کہ بالکل خیر و عافیت سے ہیں تو اس نے اطمینان کا سانس لیا اور کہا ''پھر تو سب غم قابل برداشت ہیں''۔ تاریخ صرف ایک بادشاہ سے آشنا ہے جس کی انسانوں پر حکمرانی کو جائز طور پر حق الٰہی کہا جا سکتا ہے اور وہ شخص تھے پیغمبر اسلام ﷺ اور اگرچہ انہوں نے اللہ کی جانب سے عطا کردہ حق کے تحت انسانوں پر حکمرانی کی انہوں نے خود کبھی حکمران ہونے کا دعویٰ نہیں کیا۔ ''میں ہوں آپ ہی کی طرح کا ایک بشر'' یہ تھا وہ زبردست پیغام جو عظیم ترین بادشاہ نے جان چھڑکنے والے لوگوں کو دیا۔

دل کر رہا تھا کہ دیر تک سو جاؤں پر آفس جانے کی فکر سے نہ تو پوری طرح سو سکا اور نہ ہی آنکھ کھل رہی تھی۔ اسی کشمکش میں تھا کہ کونسا بہانہ آج آفس سے چھٹکارا دلانے میں کارآمد ثابت ہوگا۔ کافی کوششوں کے باوجود بھی کوئی خاص نکتہ ذہن میں نہیں آ رہا تھا۔ اتنے میں موبائل پہ نوٹیفکیشنز کا ایک نہ رکنے والا سلسلہ شروع ہوا، دل کر رہا تھا کہ سارا غصہ موبائل پر ہی نکال دوں مگر کچھ ضبط کے ساتھ موبائل کی طرف ہاتھ بڑھایا اور غصے سے ایک آنکھ کھول کے موبائل کے سکرین پر نظر ڈالا تو پتہ چلا کہ آج شاعر مشرق، عظیم مفکر ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کا یوم ولادت ہے۔ سوشل میڈیا پہ ان کے مختلف کلام اور نظریہ حیات کے حوالے سے مختلف پہلوؤں پہ منظر کشی کی گئی ہے۔ ان اشعار پہ نظر دوڑانے کے بعد نیند کا غلبہ بھی کافی حد تک کم ہوگیا اور یوں نہ چاہتے ہوئے بھی آفس جانے کی ٹھان لی لیکن دل ہی دل میں سوچتا رہا کہ جب ہم چھوٹے تھے تو اقبال ڈے کے انتظار میں ہوتے تھے کہ اس دن دیر تک سونے کا موقع ملے گا۔ پر گزشتہ کئی سالوں سے اقبال ڈے کی چھٹی ختم کر کے اسے بھی ایک عام دن میں شامل کر دیا گیا ہے۔ اس سال امید پیدا ہوگئی تھی کہ اقبال ڈے کی تعطیل کو بحال کیا جائے مگر وزیر داخلہ نے تعطیل کے حوالے سے بھیجی گئی سمری پر اقبال کا ہی یہ شعر لکھ کر واپس بھیج دی۔

میسر آتی ہے فرصت فقط غلاموں کو
نہیں ہے بندۂ حر کے لئے جہاں میں فراغ

بہر حال ناشتے کے بعد ایک دوست کے ساتھ آفس کی طرف نکلا۔ وہ گاڑی چلاتا رہا اور میں ساتھ بیٹھ کر یہ سوچتا رہا کہ ہم کس راستے سے اسلام آباد داخل ہو جائیں کیونکہ راولپنڈی اور اسلام آباد کے جس طرح جلسے تھمنے کا نام نہیں لے رہے اسی طرح عوامی مشکلات میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ ایک دن پہلے بھی انتہائی مشکلات کے بعد آفس پہنچنے میں کامیاب ہوئے تھے۔ ہم دونوں کے چہرے پہ صبح ہی بارہ بج چکے تھے لیکن غلام علی کا غزل سننے سے کسی حد تک روح میں تازگی سی پیدا ہوئی۔ ہم تیزی سے فیض آباد کی طرف جا رہے تھے کہ اچانک ٹریفک سارجنٹ نے ڈبل روڈ کی طرف اشارہ کیا۔ ہمیں اندازہ ہوگیا کہ فیض آباد پھر سے بند ہے۔ وہ مسکراہٹ کی لکیر پھر سے غائب ہوگئی۔ ایک بار پھر غصے سے ایک دوسرے کو تکتے رہے۔ میں نے ہاتھ کے اشارے سے دوست کو ڈبل روڈ کی طرف مڑنے کو کہا اور دوست نے ایسا ہی کیا۔ جوں ہی ہم ڈبل روڈ میں داخل گئے تو عجیب قیامت کا منظر تھا پیدل چلنے والے اور موٹر سائیکل والے تو پھر بھی رینگ رہے تھے۔ پر گاڑیوں کی لمبی قطاریں بالکل ساکت کھڑی تھی۔ اس پریشانی میں صرف استاد غلام علی کی آواز ہی تھی جو ہمارے چہروں پہ مسکراہٹ بکھیر رہی تھی۔ دیر تک رکے رہے۔ موبائل نکالا پھر سے نوٹیفکیشنز پر نظریں دوڑائی کیونکہ اقبال ڈے کے حوالے سے چھٹی کا منظر ابھی ذہن سے نہیں نکلا تھا۔ اسی سوچ میں محو ہو کے پھر سے سکرین ٹٹولنے لگا تو اقبال کے ڈھیر سارے اشعار نظر سے گزرے۔ اقبال کی شاعری اتنی آسان نہیں کہ آسانی سے سمجھ کر رائے دی جائے لیکن ایک شعر جو ہم بچپن سے سنتے اور لکھتے آ رہے تھے سب سے زیادہ پوسٹ کیا گیا تھا کہ "افراد کے ہاتھوں میں ہے اقوام کی تقدیر" میں تھوڑی دیر کے لیے خوش ہوا۔ میرا دوست جو سٹیرنگ پر ہاتھ رکھے کسی خیال میں کھویا ہوا تھا اچانک جھاگ اٹھا اور میرے چہرے پہ مسکراہٹ دیکھ کر خوشی کی وجہ معلم کرنے لگے۔ میں اقبال کے اس شعر کا وہی بند دوبارہ سنایا "افراد کے ہاتھوں میں ہے اقوام کی تقدیر" وہ غصے سے میری طرف دیکھنے لگے اور کہنے لگے اس میں مسکرانے والی کیا بات ہے۔ میں نے کہا بھائی میں اپ سے اتفاق کرتا ہوں کی اس میں مسکرانے والی کوئی بات نہیں پر اس بند میں قہقہہ لگانے والی بات ضرور ہے۔ میرے دوست نے پھر غصے کے عالم میں وجہ معلوم کرنے کی کوشش کی۔ اس وقت ہم ڈبل روڈ سے نکل کر کشمیر ہائی وے میں داخل ہو رہے تھے۔ عین وقت میں دوبارہ سرخ بتی نے ہمیں رکنے پر مجبور کر دیا۔ میرے دوست نے پھر سے مسکراہٹ اور قہقہے والی بات کی وجہ معلوم کی۔

میں تھوڑی دیر کے لیے خاموش رہا لیکن میرا دوست میرے تاثرات کو دیکھتے ہوئے اندازہ لگا رہا تھا کہ ماضی کی طرح اس دفعہ بھی کوئی الٹی سیدھی تشریح کرلے گا پر اس بار میرا ایسا کوئی ارادہ نہیں تھا۔ سادہ الفاظ میں بتایا کہ "اقوام کی تقدیر افراد کی ہاتھوں میں ہوتی ہے" میرا دوست مجھ سے مخاطب ہونے والا تھا کہ سبز بتی جلنے لگی اور راولپنڈی (پنجاب) سے اسلام آباد (وفاق) کے حدود میں داخل ہوگئے۔ اب مجھے موقع ملا کہ اپنی بات کو مزید واضح طور پر بیان کردوں۔ میں نے کہا کہ یہ اٹل حقیقت ہے کہ افراد ہی قوم کی تقدیر بناتے ہیں۔ ان کے ہاتھ میں قوم کی باگ ڈور، عزت، ترقی و استحکام ہوتی ہے۔ لیکن اسلامی جمہوریہ پاکستان کا جائزہ لیں تو ہم ان چند بدنصیب قوموں کی فہرست میں آتے ہیں جن کی تقدیر چند کرپٹ، بداخلاق، بدمعاش، اور کرپٹ ذہن ان لوگوں کے ہاتھوں میں رہے ہیں جو صرف اس قوم کو تباہ و برباد کرنے پر تلے ہوئے ہیں بلکہ آنے والی نسل کی بربادی کے لیے بھی کوئی کسر باقی نہیں چھوڑ رہے ہیں۔ عالمی سطح پر ہماری ساکھ زیادہ بہتر نہیں ہے۔ غیرت کے نام پہ قتل و غارت عام ہو چکی ہے۔ دہشتگردی روز بہ روز بڑھ رہی ہے۔ کرپشن ہر جگہ موجود ہے، میرٹ کا قتل عام ہو رہا ہے۔ نئی نسل اخلاقی گراوٹ کا شکار ہو رہی ہے۔ قوم کی تقدیر میں رسوائی اور بدنامی عام ہو رہی ہے۔ لیکن وہ چند افراد جن کی ہاتھوں میں ہماری تقدیر ہے وہ صرف اقتدار کی نشے میں مست ہیں۔ ان کو فکر ہی نہیں کہ ایک غریب کس حال میں زندگی بسر کر رہا ہے۔ ان کو یہ کون بتائے کہ ایک غریب کس طرح اپنا پیٹ کاٹ کر اپنے بچوں کے علاج و معالجے اور اسکول کے فیس بھر رہا ہے۔ میری تقریر ختم ہونے کا نام نہیں لے رہی تھی مگر ہم پھر بھی دفتر سے کافی دور تھے۔ میرے آواز میں تلخی بڑھ رہی تھی لیکن پھر بھی میرا دوست سر ہلا کے میرے ساتھ اتفاق کر رہا تھا۔

میرا دوست اثبات میں سر ہلاتے ہوئے کہنے لگے یہ اقتدار کی کرسی میں باری باری سے گدی نشین ہونے والے "چند افراد" نے اس ملک کی تقدیر اور جڑوں کو ہی یقیناً ہلا کر رکھ دیا ہے۔ یہ خود انگلی بھی زخم ہو یا بچے کو معمولی بخار ہو علاج کے لیے لندن، دبئی یا نیو یارک بھاگ جاتے ہیں۔ یہ اپنے بچوں کو پاکستان میں تعلیم دلانا اپنی تضحیک سمجھتے ہیں۔ یہ ہر ممکن کوشش کرتے ہیں پاکستان کا خزانہ بھی لوٹیں اور اس کو پانامہ، سوئس بینکوں یا کسی اور خفیہ مقام پر منتقل کریں ناجائز طریقے سے ٹیکس دینے سے بچ سکیں۔ یہ اپنے اثاثے اور کاروبار کو ملک سے باہر لے جاتے ہیں۔

میرا دوست تھوڑی دیر کے لئے خاموش ہوا اپنی سانسیں بحال کی اور پھر کہنے لگا۔ کاش ہم آج اقبال کے دن چھٹی کرنے یا نہیں کرنے پر شور مچانے کے بجائے اقبال کے فلسفے کو سمجھنے کی کوشش کرتے۔ کبھی بانگ درا، ضرب کلیم، شکوہ اور جواب شکوہ نکال کر پڑھنے اور سمجھنے کی کوشش کرتے۔ ہم اقبال کے فلسفے کے حساب سے ان چند افراد کو بار اپنے اوپر مسلط کرنے کے بجائے اپنے خودی کو جگانے کی کوشش کرتے۔ جس نے ایک قیام پاکستان سے قبل ہی پاکستان کا نقشہ کھینچا تھا تو کیا آج سب خاص طور نوجوان مل کر اقبال کے اس پاکستان کو اس چند افراد کے تسلط سے آزاد کروا کر ایک ابھرتا اور ترقی کرتا ہوا پاکستان نہیں بنا سکتے۔ اونچی مگر حوصلے سے بھرپور آواز میں اقبال کے کچھ دوہرانے لگے اور یوں ہم دفتر تک پہنچ ہی گئے۔

خدا تجھے کسی طوفان سے آشنا کر دے
کہ تیرے بحر کی موجوں میں اضطراب نہیں

تجھے کتاب سے ممکن نہیں فراغ کہ تو
کتاب خواں ہے مگر صاحب کتاب نہیں

اُسی قوم کو شمشیر کی حاجت نہیں رہتی
ہو جس کے جوانوں کی خودی صورت فولاد

وہی جواں ہے قبیلے کی آنکھ کا تارا
شباب جس کا ہے بے داغ، ضرب ہے کاری

افراد کے ہاتھوں میں ہے اقوام کی تقدیر
ہر فرد ہے ملت کے مقدر کا ستارا

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

شوروغوغا

سرکار بذریعہ محمد شفیق ASI تھانہ باغبانپورہ

بحوالہ رپٹ 35 مورخہ 24-9-1 تھانہ باغبانپورہ

اسم مسکن محمد بشیر ولد نور دین سکنہ مکان 143 ناگمان وسیم B/1 لیاقت آباد کراچی

متوفی مورخہ 24-8-31 کو بے ہوشی کی حالت میں مومن پورہ روڈ علاقہ تھانہ باغبانپورہ برائے علاج معالجہ داخل ہسپتال ہوا تھا اور مورخہ 24-9-1 کو فوت ہوگیا ہے متوفی کے ورثا کی تلاش مطلوب ہے۔

ورثا تھانہ باغبانپورہ میں ASI محمد شفیق انویسٹی گیشن ونگ رابطہ کریں۔

رابطہ نمبرز

محمد شفیق ASI تھانہ باغبانپورہ لاہور

0300-4596817

یاسر علی محرر تھانہ باغبانپورہ لاہور

0321-4659221

گمشدگی سروس بک

میری سروس بک پرسنل نمبری EST31321785 دوران سفر علاقہ بھلوال میں مورخہ 24-7-2 کو گم ہوگئی ہے۔ جو کہ باوجود تلاش کے نہ مل سکی ہے۔ جس کی اطلاع مقامی پولیس کو بذریعہ رپٹ دے دی گئی ہے۔ تاکہ جدید جاری کروائی جائے اگر کسی شخص کو مل جائے تو مجھے اس پر اطلاع دے دیں۔

المشتہر محمد حفیظ ولد اللہ دتہ سکنہ رتو کالا تحصیل بھلوال ضلع سرگودھا

شناختی کارڈ 9-38401-0335604

گمشدگی کاغذات

میری Q-link بلڈرز سے یونٹ نمبر OV353/77 پلاٹ 5 مرلہ کی فائل کہیں گم ہوگئی ہے۔ بسیار کوشش کے باوجود نہیں ملی اور نا کسی نے اس سلسلہ میں کوئی رابطہ کیا۔ لہٰذا اس کو کینسل تصور کیا جائے۔

المشتہر: شاہد پرویز ولد چوہدری محمد اسلم B11 پائنیر سٹی سکول گلستان جوہر کراچی

0331-6706525

بقیہ جات 1

ہی جمہوری اقدار کی پاسداری کرتے ہوئے پاکستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کے لئے جمہوریت ناگزیر ہے۔ معاشی اور سیاسی استحکام صرف جمہوریت ہی لا سکتی ہے۔ جمہوریت محض طرز حکومت نہیں، بلکہ عوام کی طاقت، حقوق اور خدمت کا نظریہ ہے۔ وزیر اعلیٰ کا کہنا تھا کہ جمہوریت عوام کو اپنے نمائندوں کے ذریعے خود فیصلہ کرنے کا اختیار دیتی ہے۔ جمہوریت کے استحکام سے ہی ملک میں ترقی اور خوشحالی آتی ہے، جمہوریت کا نظام آگے بڑھنے کا راستہ دکھاتا ہے، جمہوریت معاشرتی انصاف کی ضمانت اور عوامی خوشحالی کا ذریعہ ہے۔

بقیہ جات 2

کے لیے نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور دیگر حکومتی عہدیداروں نے بلوچستان نیشنل پارٹی سے رابطہ کیا۔ اختر مینگل نے کہا کہ وزیر اعظم نے کل ہم سے تعاون کی درخواست کی، مجھ سے رابطہ کیا گیا ہے، میں نے کہا پہلے ڈرافٹ تو دکھایا جائے، آئینی ترمیم کا مسودہ ابھی تک ہمیں نہیں ملا، جب تک ڈرافٹ نہیں ملتا، حمایت نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو لاپتا افراد کا پتا لگانے اور ووٹ لے لیں ہمیں حکومت کی یقین دہانیوں کا اب یقین نہیں رہا، مولانا فضل الرحمن سے 2 روز پہلے رابطہ ہوا تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ آئینی ترمیم پر حکومت کو ضرورت ہے، ہماری ضرورت لاپتہ افراد ہیں، اپنا ضمیر کسی صورت بھی نہیں لیں گی۔ قائم مقام صدر بی این پی ساجد ترین ایڈووکیٹ نے رابطہ کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ حکومتی عہدیداروں کا سردار اختر مینگل کے علاوہ ہم سے بھی رابطہ ہوا ہے، ہم نے حکومت سے سوال کیا کہ اگر یہ ترمیم عوام کے فائدے کے لیے ہے تو ان کو خفیہ کیوں رکھا جا رہا ہے۔ ساجد ترین ایڈووکیٹ نے کہا کہ ہم نے حکومتی عہدیداروں کو بتا دیا کہ آئینی ترامیم کے مسودے کو جب تک ہمارے پیش نظر نہیں لایا جائے گا تب تک ہم کوئی فیصلہ نہیں کریں گے۔ آئینی ترمیم کا مسودہ ہمیں ملے گا اس وقت تک پارٹی ان کی حمایت نہیں کرے گی۔

بقیہ جات 3

نکات پر بات چیت کی گئی۔ آئینی ترمیم ہوگی؟ یا نہیں ہوگی؟ سارا دارومدار مولانا فضل الرحمان پر ہے۔ مولانا فضل الرحمان کی رہائش گاہ پر باجماعت نماز مغرب پڑھی گئی، مولانا فضل الرحمان کی اقتداء میں پی ٹی آئی رہنماؤں نے بھی نماز مغرب ادا کی۔

بقیہ جات 4

شرح سود 22 فیصد سے ساڑھے 17 فیصد پر واپس آنا درست معاشی پالیسیوں کی کامیابی کا ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے سال تالاق، نااہل اور سازشی ٹولہ ملک کو معیشت تباہ کر گیا، معیشت تباہ کی اور ملک کو مہنگا ترین کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اللہ کی مدد سے قومی مفاد میں فیصلہ کر کے ملک کو ڈیفالٹ سے بچایا تھا۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) جب حکومت میں آتی ہے، اللہ تعالیٰ کرم فرماتا ہے، وزیراعظم شہباز شریف نے ملک کو معاشی طوفانوں کا رخ موڑ رہے ہیں۔ معیشت، خارجہ امور، عوام کے ریلیف سمیت ہر محاذ پر کامیابیاں ثبوت ہے کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) اور اس کی قیادت ملک اور عوام کو ترقی سے نوازتی ہیں۔

بقیہ جات 5

ہے کہ اگر آپ ہی پیٹر مالکان نے اسی زبردستی کی صورت میں عالمی ٹالثی عدالت سے رجوع کرنے کی دھمکی بھی دے دی گئی ہے۔

بقیہ جات 6

کے گھر لوٹیں گے نہیں، ہمیں اپنے اراکین سے متعلق کوئی خوف نہیں ہماری پلاننگ پوری ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ سپریم کورٹ کا فیصلہ الیکشن کمیشن کے رویے پر ہمارے موقف کی تائید ہے، موجودہ حکومت کی تمام اصلاحات یا ترامیم صرف فرد واحد کیلئے ہوتی ہیں، حکومت کو ڈر ہے کہ اگر فائز عیسیٰ چلے گئے تو آزاد فیصلے آنے لگیں گے۔ ترجمان تحریک انصاف نے کہا کہ مذاکرات کا ماحول بنے گا تو ہم بھی پیچھے ہٹیں گے، بانی پی ٹی آئی کہ وہ بیان گئیں جس میں انہوں نے مذاکرات کی بات کی، میں پارٹی میں ان لوگوں میں سے ہوں جو ہمیشہ مذاکرات کی بات کرتے ہیں، پی ٹی آئی اور اسٹیبلشمنٹ کے درمیان فوری مذاکرات ہونے چاہیے، مذاکرات کا ماحول پیدا ہو رہا ہے اور جلد بریک تھرو ہو جائے گا۔ رؤف حسن کا مزید کہنا تھا کہ ہم کہتے ہیں کہ مینڈیٹ کو بحال کریں، آئینی ترمیم سے متعلق حکومت نے ہمیں اعتماد میں نہیں لیا، آئینی ترمیم لانے کا یہ وقت ہی نہیں ہے، مجھے پوری امید ہے کہ مولانا اپنے موقف پر قائم رہیں گے۔

بقیہ جات 7

کی راہداری میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے خورشید شاہ نے کہا کہ کوشش ہے کہ وہ ترامیم لائیں جن پر ساری جماعتیں متفق ہوں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ قانون سازی کے لیے پی ٹی آئی کو بھی رویہ تبدیل کرنا چاہیے۔ سید خورشید شاہ نے کہا کہ سیاسی بحران کو حل کرنے کے لیے کوشش کر رہے ہیں، کوشش کر رہے ہیں کہ یہ معاملہ حل ہو جائے۔

بقیہ جات 8

ہے، جسے اپنے بجائے قوم اور ملک کے لیے کرنا ہے، پہلے ہم اسے دیکھیں تو سہی، پہلے ڈرافٹ پڑھیں تو سہی۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ ججز کی ایکسٹینشن نہیں ہونی چاہیے، عمریں نہیں بڑھنی چاہئیں، سپریم کورٹ کو آپ ٹچ نہ کریں۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ ہم سمجھتے ہیں عدلیہ پر قدغن لگے گی، عدلیہ کمپرومائز ہو جائے گی، جج کو اس کی رائے کے بغیر ٹرانسفر کرنا غیر آئینی ہے۔ ان سے سوال کیا گیا کہ کیا آپ نے اپنے اراکین کو ووٹ نہ دینے کی ہدایات جاری کی ہیں؟ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ 2 ستمبر کو ہم نے اپنے ارکان پارلیمنٹ کو ہدایات جاری کر دی تھیں، ہم نے اپنی ہدایات کی کاپی کی تعمیل فائل، اسپیکر آفس میں بھی جمع کرائی ہے۔

بقیہ جات 9

ہے جنہیں لگائی گئی ہیں۔ آئینی عدالت کے باقی 4 ججز بھی حکومت تعینات کرے گی، سپریم کورٹ اور ہائیکورٹ کے ججز کی تقرری کیلئے جوڈیشل کمیشن اور پارلیمانی کمیٹی کو اکٹھا کیا جائے گا۔

بقیہ جات 10

کے 12 پارلیمانی لیڈرز کمیٹی کے ارکان میں شامل کیے گئے ہیں، اپوزیشن لیڈرز بھی کمیٹی کا حصہ ہوں گے، خصوصی کمیٹی کے جن ارکان میں پاکستان پیپلز پارٹی سے تعلق رکھنے والے سینیٹر شیری رحمن، مسلم لیگ (ن) کے عرفان صدیقی، پی ٹی آئی سے علی ظفر، بلوچستان عوامی پارٹی (بی اے پی) سے منظور احمد، جمعیت علمائے اسلام (جے یو آئی ف) سے مولانا عطاء الرحمن، عوامی نیشنل پارٹی (اے این پی) کے ایمل ولی کو کمیٹی میں شامل کیا گیا ہے۔ ان کے علاوہ متحدہ قومی موومنٹ پاکستان (ایم کیو ایم پاکستان) سے فیصل سبزواری، بلوچستان نیشنل پارٹی (بی این پی) سے جان محمد، وحدت المسلمین (ایم ڈبلیو ایم) سے راجا ناصر عباس، نیشنل پارٹی سے جان محمد، مسلم لیگ (ق) کی کامل علی آغا اور سنی اتحاد کونسل سے حامد رضا بھی کمیٹی کے رکن ہوں گے۔

بقیہ جات 11

گزشتہ روز 8 رکنی بنچ نے وضاحت جاری کی۔ اس حوالے سے پی ٹی آئی کے رہنما بیرسٹر بابر اعوان کا کہنا تھا کہ سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد پی ٹی آئی کے کارکنوں پر مسلط کرنے کا کوئی غیر آئینی، غیر قانونی اور غیر جمہوری فیصلہ ہے کہ اب پی ٹی آئی کو چیلنج کریں گے۔ اکبر ایس بابر نے کہا کہ اگر انٹراپارٹی الیکشن کا فیصلہ بھی سپریم کورٹ سے ہوتا ہے کہ کوئی بھی قیادت منتخب کرنے کا حق سے محروم کیا جا سکتا ہے؟ ہم سمیت لاکھوں پارٹی ورکرز کو قیادت منتخب کرنے کے حق سے محروم کیا جا سکتا ہے؟ بانی پی ٹی آئی نے کہا کہ پارٹی انتخابات میں کارکنوں کو ووٹ کا حق ہی نہیں، سپریم کورٹ کیسے کہہ سکتی ہے کہ انہیں پارٹی قیادت مان لیں؟ پارٹی انتخابات میں بیرسٹر گوہر اور عمر ایوب کو کامیاب نہیں کیا گیا، 8 ججوں کا فیصلہ بیرسٹر گوہر کو ہر کو چیئرمین اور عمر ایوب کو سیکرٹری جنرل تسلیم نہیں کیا گیا۔ 8 ججوں کے حکم میں پارٹی کی انٹرا پارٹی الیکشن کروانے والوں کی اپیل کا حق سلب ہو جاتا ہے جو غیر آئینی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ فیصلے کی حفاظت پارٹی کارکنوں کو حق کا تحفظ کیسے کرنے کے بنیادی حق کا تحفظ کیسے کرے گا؟ اداروں نے اقتدار کی لڑائی میں ایک دوسرے کے سینگ پھنسائے ہوئے ہیں جس سے ملک برباد ہو رہا ہے۔

بقیہ جات 12

30 ستمبر کو ہی کھولی جائیں گی۔ کابینہ ڈویژن کے مطابق توشہ خانہ میں موصول مختلف کیٹگریز کے تحائف کی قیمتوں کا تخمینہ لگایا جائے گا، زیورات گھڑیاں اور کارپس سمیت دیگر موصولہ تحائف کی قدر معلوم کی جائے گی جب کہ کابینہ ڈویژن کامیاب تخمینہ کاروں کے ساتھ معاہدہ کرے گا، کامیاب ایویلیوایٹرز توشہ خانہ کے تحائف کے لیے چارجز ادا کیے جائیں گے۔ ریاست کی جانب سے توشہ خانہ کے تحائف صرف سیاسی عہدیداروں، بیوروکریٹس یا جس میں سویلین اور ملٹری دونوں اور اعلیٰ عدلیہ کے ججوں میں فروخت کے لیے دستیاب ہوتے ہیں لیکن اگر کوئی تحفہ خریداری سے رہ جائے تو وہ عوام میں فروخت کے لیے نیلام کیا جاتا ہے۔ سرکاری پالیسی کے مطابق ہر ملنے والے تحفے کو متعلقہ حکومت کو مطلع کرنا اور اسے توشہ خانے میں جمع کرانا لازمی ہے۔

بقیہ جات 13

کو سپرد کیا جو پیش کرتی ہیں۔ شیری رحمان نے کہا کہ آج عالمی یوم جمہوریت ہے۔ قائد عوام ذوالفقار علی بھٹو نے ملک کو 1973ء کا آئین دیا، ان کے مطابق شہید ذوالفقار علی بھٹو نے ملک کو 1973ء کا آئین دے کر ملک میں جمہوری نظام کو مضبوط کیا۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے جمہوریت کی بحالی کے لیے بے شمار قربانیاں اور کوششیں جاری رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ جمہوریت اور جمہوری اصولوں کی ہمیشہ پاسداری کی ہے۔ سابق وزیر اعظم محترمہ بینظیر بھٹو نے بھی جمہوری نظام کی حکمرانی اور سماجی انصاف کے فروغ میں کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ شیری رحمان نے کہا کہ ہمارا یہ یقین ہے کہ جمہوریت ہی پاکستان کی ترقی کی بنیاد ہے جو ہر شہری کو مستقبل کی تشکیل میں آواز اور اختیار فراہم کرتی ہے۔

بقیہ جات 14

مولانا سے ملاقات کی۔ تاحال حکومت آئینی ترامیم کا مسودہ وفاقی کابینہ یا پارلیمنٹ میں پیش نہیں کر سکی ہے۔ حکومتی وفد کے بعد پاکستان تحریک انصاف کا وفد بھی مولانا فضل الرحمان کے گھر پہنچ گیا۔ کل رات سے مولانا فضل الرحمان سے حکومت اور پی ٹی آئی کے وفود 2، 2 ملاقاتیں کر چکے ہیں۔ پی ٹی آئی کا وفد مولانا فضل الرحمان کی رہائش گاہ پہنچا، مولانا فضل الرحمان سے ملنے والوں پی ٹی آئی رہنماؤں کی ملاقات طول پکڑ گئی ہیں۔ ملاقات کرنے والوں میں شبلی فراز، اسد قیصر، بیرسٹر گوہر، عمر ایوب اور حامد رضا شامل ہیں۔

بقیہ جات 15

کیسے پیتہ ہوگا۔ ان سے قبل نون لیگی وفد کے بعد چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو سے پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کی جس میں آئینی ترمیم پر بات چیت کی گئی۔ ملاقات کے بعد صحافی نے اسحاق ڈار سے سوال کیا کہ کون نمبر ہے آئینی ترمیم کے لیے؟ جس پر انہوں نے جواب دیا کہ ترمیم کا کابینہ کو نہیں پتہ مجھے کیسے پتہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ مولانا سے ملاقاتیں ہوتی رہتی ہیں ضرورت پڑنے پر مولانا سے ملاقات کر لیتے ہیں۔ صحافی نے سوال کیا کہ عوامی مفاد اور مہنگائی کیلئے بھی آپ لوگ رات کو جاگتے ہیں؟ جس پر اسحاق ڈار نے جواب دیا کہ آپ کے خیال میں مہنگائی اسمگل ڈسچٹ میں ویسے ہی آ گئی۔ وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ آئینی ترمیم پر کمیٹی فیصلہ کرے گی، آئینی ترامیم پہلے کابینہ پھر ایوان میں لائیں گے۔

بقیہ جات 16

فراہمی کے لئے اصلاحات ناگزیر ہیں، جو بھی قانون سازی ہوگی وہ قوم کے اجتماعی مفاد میں ہوگی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اطلاعات نے کہا کہ کیسز کو نمٹانے میں کئی کئی دہائیاں لگ جاتی ہیں، عوام کو تیز ترین انصاف کی فراہمی کے لئے اقدامات ضروری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسپیشل کمیٹی میں تمام اتحادی جماعتیں موجود ہیں، بلاول بھٹو زرداری اور اسحاق ڈار صاحب نے چارٹر آف ڈیموکریسی کی بات کی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ قومی نوعیت کے معاملات میں جو بھی ترمیم ہوگی اس کا فائدہ پوری پاکستانی قوم کو ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ کئی مرتبہ کاز لسٹ جاری نہیں ہوتی، نوٹس نہیں دیئے جاتے اور آرڈر جاری ہو جاتے ہیں، اس حوالے سے توازن کو برقرار رکھنے کے لئے توازن کا نظام ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ نمبر گیم کے حوالے سے ہم پازیٹو ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان ہمارے پرانے اتحادی اور ساتھی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسا تاثر دیا جا رہا ہے مگر کسی مخصوص انسان کے لیے قانون سازی نہیں ہوگی، جو بھی ہوگا عوام کی بھلائی کے لیے اجتماعی طور پر ہوگا۔

بقیہ جات 17

اعظم نذیر تارڑ کے ہمراہ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری سے پارلیمنٹ ہاؤس میں ان کے چیمبر میں ملاقات کی۔ ذرائع کے مطابق اعظم نذیر تارڑ اور اسحاق ڈار اسپیکر چیمبر میں مشاورت کے بعد بلاول بھٹو کے پاس پہنچے، ملاقات میں خورشید شاہ اور نوید قمر بھی موجود تھے۔ ذرائع نے بتایا کہ بلاول بھٹو زرداری نے مولانا فضل الرحمان سے گزشتہ رات ہونے والی ملاقات پر اتحادی رہنماؤں کو اعتماد میں لیا۔ ذرائع کے مطابق اسحاق ڈار اور بلاول بھٹو زرداری کی آئینی ترمیم کے مسودے پر اتفاق رائے اور قومی اسمبلی وسینیٹ میں نمبر گیم پر مشاورت ہوئی۔

بقیہ جات 18

پہنچانا ضروری ہیں۔ ان خیالات کا اظہار اسپیکر ملک محمد احمد خان نے جمہوریت کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ جمہوریت آئین کی بالادستی، قانون کی حکمرانی، عدلیہ اور میڈیا کی آزادی کا نام ہے۔ قوم کو درپیش چیلنجز کا حل متحرک اور فعال جمہوری عمل میں مضمر ہے۔ اس دن کا مقصد عوام میں جمہوریت کے استحکام کے لئے شعور بیدار کرنا ہے۔ اسپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ جمہوری عمل کو ترقی کے ساتھ مربوط کرنا ہوگا، یہی بقا اور کامیابی کا راستہ ہے۔

بقیہ جات 19

کرنا ہے۔ یہ دن پہلی مرتبہ 2008ء میں منایا گیا تھا اور اس کے بعد سے یہ ہر سال تسلسل کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔ جمہوریت کے عالمی دن کے موقع پر صدر مملکت آصف علی زرداری نے اپنے پیغام میں کہا کہ قوم کو درپیش چیلنجز کا حل متحرک اور فعال جمہوری عمل میں مضمر ہے، انہوں نے پاکستان میں جمہوریت کو مستحکم کرنے کے لئے جمہوری اداروں کو مضبوط کرنے، ضروری اصلاحات کرنے اور اجتماعی طور پر کام کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے اس حوالے سے کہا کہ آج جمہوریت کی مضبوطی اور فروغ کے عزم کا اعادہ کرتے ہیں۔

بقیہ جات 20

ہوئے ہیں۔ محکمہ صحت پنجاب کے ترجمان نے بتایا ہے کہ راولپنڈی سے 33، اٹک اور میانوالی سے ڈینگی کا 1، 1 کیس رپورٹ ہوا ہے

بقیہ جات 21

ووٹ ڈالنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ مراسلے میں کہا گیا کہ مسلم لیگ ن کے تمام ممبران کے لیے آئینی ترمیم میں ووٹ ڈالنا لازمی ہے۔ پارلیمانی لیڈرز کے مراسلے میں کہا گیا ہے کہ کوئی بھی رکن ووٹ ڈالنے سے اجتناب نہ کرے۔

بقیہ جات 22

ٹریفک پولیس اہلکار 2 شہریوں کو پولیس وین میں لے جا رہے ہیں اور اسی دوران ٹریفک پولیس اہلکار وین میں موجود شہریوں کو مسلسل لاتیں مار رہے ہیں۔ ٹریفک پولیس نے مطابق رکشہ ڈرائیور کو ٹریفک رولز کی خلاف ورزی پر چالان کیا گیا، رکشے میں بیٹھی سواریوں نے ڈرائیور سے چالان لے کر پھاڑا تھا۔ ٹریفک پولیس کے مطابق سواریوں نے رکشہ ڈرائیور کے ساتھ مل کر اہلکاروں سے رائفل چھیننے کی کوشش بھی کی جبکہ وہ فرار ہونے کی کوشش بھی کر رہے تھے، کار سرکار میں مداخلت پر ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔

بقیہ جات 23

اور گیس کے ذخائر 17 سال تک کے استعمال کے لیے دستیاب ہو چکے ہیں۔ پاکستان پیٹرولیم انفارمیشن سروس کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق تیل کے دستیاب شدہ ذخائر دسمبر 2023ء کے 193 ملین بیرل کے مقابلے میں جون 2024ء میں 243 ملین بیرل تک پہنچ گئے۔ دوسری جانب، گیس کے ذخائر دسمبر 2023ء میں 10.18 ٹریلین کیوبک فٹ سے بڑھ کر جون 2024ء میں 47.18 ٹریلین کیوبک فٹ ہو گئے۔ ماہر توانائی حمدان احمد نے حکومتی اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ''خام تیل کی پیداوار میں 50 ملین بیرل اور گیس کے ذخائر میں 1.1 ٹریلین کیوبک فٹ اضافے کی وجہ نئی دریافتیں اور دستیاب شدہ ذخائر میں اعلیٰ سطح پر کی جانے والی حکومتی کاوشیں ہیں۔'' ان کامیابیوں کے حصول میں او جی ڈی سی، پاکستان پیٹرولیم لمیٹڈ، ماڑی پیٹرولیم کمپنی لمیٹڈ اور پاکستان آئل فیلڈز لمیٹڈ کا نمایاں کردار ہے۔ اس مثبت پیش رفت کے ساتھ توقع کی جاتی ہے کہ ایس آئی ایف سی کی معاونت سے کی گئی حکومتی اصلاحات گیس کے شعبے میں ایکسپلوریشن اور پروڈکشن سیکٹر کو پرکشش بنائیں گی۔ توانائی کے ماہرین کے مطابق مقامی ذخائر خام تیل ریفائنریوں کو ڈیزل کی 70 فیصد اور پیٹرول کی 30 فیصد مانگ کو پورا کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ ایس آئی ایف سی کی معاونت سے تیار کردہ نئی حکومتی پالیسیوں کی مدد سے ہائیڈروکاربن کی تلاش میں تیزی آئے گی جو اس شعبے کی ترقی کا پیش خیمہ ہے۔

بقیہ جات 24

جیو نیوز کے پروگرام جرگہ میں گفتگو کرتے ہوئے حنا ربانی کھر کا علی امین گنڈا پور کے حوالے سے کہنا تھا جن کو لگتا ہے کہ بات کرنے سے تبدیلی آئے گی، انہیں کالعدم ٹی ٹی پی کو واپس لانے کے معاہدے کے نتائج دیکھنے چاہئیں۔

بقیہ جات 25

روپے لاگت کے اس منصوبے کیلئے سوئس کمپنی 2 ارب روپے کی ادویات اور فنڈز فراہم کرے گی۔ پی سی ون کے مطابق وزارت صحت کی جانب سے بروقت پی سی ون تیار نہ کرنے کی وجہ سے منصوبہ رواں مالی سال کے پی ایس ڈی پی میں شامل نہیں ہو سکا، وفاق کے زیر انتظام علاقوں اسلام آباد، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں کینسر کے مریضوں کو مفت علاج کی سہولت فراہم کرنے کا اہم ترین منصوبہ بیوروکریسی کی روایتی سست کا شکار ہوگیا۔ دستاویز کے مطابق کینسر ٹریٹمنٹ کے اس منصوبے پر 2 ارب 87 کروڑ روپے لاگت آئے گی بین الاقوامی سوئس کمپنی روش منصوبے کیلئے ادویات سمیت 2 ارب روپے فراہم کرے گی باقی ماندہ 27 فیصد فنڈ یعنی 87 کروڑ روپے وفاقی حکومت فراہم کرے گی۔ وزارت ترقی ومنصوبہ بندی نے اگلے مالی سال اس منصوبے پی ایس ڈی پی میں شامل کرنے کی یقین دہانی کرا دی ہے منصوبے پر عمل درآمد سے 5 سال میں کینسر کے 741 مریضوں کا علاج ممکن ہوگا۔ ہر سال بریسٹ کینسر، پھیپھڑوں اور جگر سمیت کینسر کی مختلف اقسام میں مبتلا 150 مریض صحت یاب ہوسکیں گے۔ دستاویز کے مطابق کینسر کے ہر مریض کے علاج پر 10 لاکھ روپے سے زیادہ اخراجات آئیں گی منصوبے کی تکمیل کی اصل مدت جولائی 2024 سے جون 2029 مقرر تھی تاہم اب یہ منصوبہ اگلے مالی سال شروع ہونے کا امکان ہے۔

بقیہ جات 26

کے مطابق پی ٹی آئی کی جانب سے اراکین سینیٹ اور قومی اسمبلی کی دستاویزات آرٹیکل 63 اے اور سپریم کورٹ کے فیصلے کی روشنی جمع کروائی گئی ہیں۔ پی ٹی آئی نے اراکین سینیٹ وقومی اسمبلی کے دستخط سے تمام ریکارڈ قومی اسمبلی وسینیٹ سیکرٹریٹ میں جمع کروا دیا۔ دستاویز کے مطابق پاکستان تحریک انصاف کا کوئی بھی رکن آئینی ترمیم کے حق میں ووٹ نہیں دیگا اور پی ٹی آئی کے رکن قومی اسمبلی یا سینیٹر کے فلور کراسنگ کی صورت میں ووٹ شمار نہ کیا جائے۔ دستاویز میں کہا گیا کہ پی ٹی آئی کے تمام سینیٹرز نے تحریری طور پر آئینی ترمیمی بل کے حق میں ووٹ کاسٹ نہ کرنے کی یقین دہانی کروائی ہے۔

بقیہ جات 27

میں کامران مرتضیٰ نے کہا کہ آئینی ترمیم پر ہم اب اپنا مائنڈ اپلائی کر رہے ہیں، قوم دعا کرے کہ ہم سے کوئی غلطی نہ ہو جائے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے کچھ تجاویز آئی ہیں، ان پر پارٹی کے باقی رہنماؤں سے بھی مشاورت کی جائے گی، شوریٰ اور مجلس عاملہ کے ارکان سے بھی مشاورت کی جائے گی۔ جے یو آئی کے سینیٹر کامران مرتضیٰ کا کہنا ہے کہ تجاویز میں شاید کوئی چیز اچھی لگے اور کوئی بری لگے، جو چیز اچھی لگے گی اس پر اچھی بات کریں گے۔ کامران مرتضیٰ نے کہا کہ آئینی ترمیم پر پی ٹی آئی سمیت تمام جماعتوں کو اعتماد میں لیا جائے۔

بقیہ جات 28

اگر اپوزیشن یہ کہہ دے کہ ہمیں شکست ہوئی ہے، تو پھر توان کے پلے کچھ نہیں رہتا جس نے دکان پر سودا بیچنا ہوتا ہے وہ تو کہے گا کہ میرا سودا بہترین ہے۔ انہوں نے کہا کہ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کو توسیع دینے کی بات درست نہیں، جو بھی جوڈیشل ریفارمز آئیں گے، وہ اجتماعی نوعیت کی ہوں گی، انفرادی نہیں۔

بقیہ جات 29

مسافروں میں منکی پاکس علامات پائی گئی تھیں۔ رپورٹس کے مطابق تمام مشتبہ مسافروں کو سندھ حکومت کے انفیکشن ڈیزیز اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔

بقیہ جات 30

اپولیس کا کہنا ہے کہ سوشل میڈیا استعمال سے محکمہ کی ساکھ خراب ہوتی ہے۔ صوبے بھر کے ریجنل پولیس افسران اور ڈی پی اوز کو اس سلسلے میں ایک خط ارسال کیا گیا ہے جس میں سوشل میڈیا پالیسی کے اہم نکات درج ہیں۔ پالیسی کے مطابق پولیس افسران اور اہلکاروں پر پابندی ہوگی کہ وہ اپنے سوشل میڈیا پر پرسنل اکاؤنٹس کی پروفائل پکچر میں باوردی فوٹو اسلحہ، پولیس بیج یا دیگر شواہد اپلوڈ نہ کریں۔ پالیسی بیان میں کہا گیا کہ اس پابندی کا مقصد محکمہ پولیس کی سالمیت کو یقینی بنانا اور پولیس اہلکاروں کی سیکیورٹی کو برقرار رکھنا ہے۔ خط میں کہا گیا ہے کہ سوشل میڈیا پر ان معلومات کی موجودگی سے نہ صرف محکمہ پولیس کی ساکھ متاثر ہوسکتی ہے بلکہ دیگر پولیس اہلکاروں کی زندگیوں کو بھی خطرات لاحق ہوسکتے ہیں

بقیہ جات 31

کے لیے پاور سیکٹر کے تمام اداروں پر لازمی سروس ایکٹ نافذ کیا ہے۔ حکومت کی جانب سے سرکاری بجلی کمپنیوں کی نجکاری کی جارہی ہے، جس کے خلاف احتجاج کو روکنے کے لیے لازمی سروس ایکٹ کا نفاذ لاگو کر دیا گیا ہے، جس کے تحت احتجاج اور ہڑتال پر پابندی ہوگی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ڈسکوز، این ٹی ڈی سی، اور جنکو زیونین کی سرگرمیوں پر بھی پابندی عائد ہوگی، نجکاری پر ممکنہ طور پر یونین اور ملازمین احتجاج کر سکتے ہیں۔ لازمی سروس ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائی ہوگی۔

بقیہ جات 32

شب خون مارنے کے مترادف ہے، یہ ترامیم آئین سے غداری کے سوا کچھ نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ترامیم کیلئے جعلی اتحادی حکومت ٹولیوں کی شکل میں گھوم پھر رہی ہے، بغض عمران خان میں جعلی حکومت آئین روندنے کیلئے بھی تیار ہے، جعلی مینڈیٹ والے آئینی ترامیم کے ذریعے ایک بار پھر سپریم کورٹ پر حملہ آور ہو رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی اعلیٰ عدلیہ کے ساتھ کھڑی ہے، آزادی سلب نہیں کرنے دیں گے۔ صوبائی مشیر اطلاعات نے مزید کہا کہ سپریم کورٹ نے جعلی حکومت سے ملی ہوئی الیکشن کمیشن کے منہ پر بھی طمانچہ رسید کیا، الیکشن کمیشن نے ملک کی تباہی میں کوئی کسر نہیں چھوڑی ہے۔

بقیہ جات 33

مراسلے میں لکھا گیا کہ تمام سینیٹرز اور ارکان قومی اسمبلی پارلیمنٹ کے موجودہ اجلاس میں اپنی موجودگی یقینی بنائیں۔ مراسلے میں لکھا گیا کہ ارکان کو پارٹی قیادت کی ہدایات کے مطابق ہر قانون سازی پر ووٹ دینا ہے۔ اس سے قبل مسلم لیگ ن کے قومی اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر خواجہ آصف نے اراکین قومی اسمبلی کو جبکہ سینیٹ میں ن لیگ کے پارلیمانی لیڈر عرفان صدیقی نے ن لیگ کے سینیٹرز کو مراسلہ بھیجا تھا۔ مراسلے میں ن لیگ کے تمام ارکان کو ایوان میں حاضر رہنے اور آئینی ترمیم کے حق میں ووٹ ڈالنے کی ہدایت کی گئی تھی۔ مراسلے میں کہا گیا تھا کہ مسلم لیگ ن کے تمام ممبران کے لیے آئینی ترمیم میں ووٹ ڈالنا لازمی ہے، کوئی بھی رکن ووٹ ڈالنے سے اجتناب نہ کرے۔

بقیہ جات 34

فیصلہ کیا گیا ہے۔ پرو پاکستانی کی رپورٹ کے مطابق ایف بی آر نے کہا کہ رواں سال غلط یا نامکمل ٹیکس گوشوارے جمع کرانے والے ٹیکس دہندگان کے بینک اکاؤنٹس منجمد کر دیے جائیں گے۔ ایف بی آر حکام نے کہا کہ غلط یا نامکمل ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی صورت میں جرمانہ عائد کیا جائے گا ساتھ ہی جائیداد یا گاڑیاں خریدنے سے روکا جائے گا، ان کی یوٹیلیٹی سروسز بھی منقطع کردی جائے گی۔ اس کا مقصد درست اور مکمل ٹیکس فائلنگ کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔ علاوہ ازیں ایف بی آر اس بات کو یقینی بنانا چاہتا ہے کہ لوگ اپنے ٹیکس درست طریقے سے جمع کرائیں۔ غلط یا نامکمل ٹیکس ریٹرن پر ایک لاکھ روپے جرمانہ عائد ہوگا۔ ایف بی آر نے اس بات کو یقینی بنانے کے لیے نئے قوانین تجویز کیے ہیں کہ لوگ اپنے ٹیکس کی درست ادائیگی کریں۔ نئے سسٹم کے تحت ٹیکس قوانین پر عمل نہ کرنے والوں کے خلاف کارروائی اور ٹیکس کے نظام کو مضبوط بنانے میں مدد ملے گی۔

بقیہ جات 35

ہوئے موقع سے فرار ہوگئے۔ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے واقعہ کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ایس پی سٹی سے واقعہ کی رپورٹ طلب کرتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ ملزموں کی گرفتاری کے لیے سی سی ٹی وی کیمروں سمیت وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے بھی واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے سی سی پی او لاہور سے رپورٹ طلب کر لی۔ آئی جی پنجاب نے شہید کانسٹیبل ارشد کی لازوال قربانی کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ کانسٹیبل ارشد نے شہریوں کی جان و مال کی حفاظت کے دوران جام شہادت نوش کیا، شہید کانسٹیبل کے اہل خانہ کو تنہا نہیں چھوڑیں گے۔ آئی جی پنجاب نے ڈی آئی جی آپریشنز لاہور کو فائرنگ میں ملوث ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم دیا۔

بقیہ جات 36

میں کفر کی پیروی کریں، یہ محبت نہیں بے وفائی ہے۔ سیرت مصطفیٰ دنیا و آخرت کی بھلائی و کامرانی کی ضامن ہے۔ ملک میں نظام مصطفیٰ ﷺ کا نفاذ عدل وانصاف اور ترقی وخوشحالی کی ضمانت ہے۔ جماعت اسلامی ملک بھر میں ممبر سازی مہم کے تحت جمہوری اور آئینی طریقے سے اسلامی انقلاب کی راہ ہموار کر رہی ہے۔ دیانتدار قیادت کے اقتدار کے ایوانوں میں ہونے سے پاکستان میں قرآن وسنت کا نظام نافذ ہو سکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے شہر میں مختلف ممبر سازی کیمپوں اور سیرت النبی ﷺ کانفرنسز سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے مزید کہا کہ نبی اکرم کی محبت تبھی پوری ہوتی ہے کہ آپ کی سیرت کے جملہ پہلو ہمارے سامنے ہوں۔ ربیع الاوّل کا یہ مبارک مہینہ کہ جس میں نبی اکرم دنیا میں تشریف لائے اور اسی مہینے میں دنیا سے تشریف لے گئے، اس مہینے کو آپ کی ذات گرامی کے ساتھ ایک خاص نسبت ہے۔ اس نسبت کا بڑا بنیادی تقاضا یہ ہے کہ نبی اکرم کی سیرت کے ان تمام پہلوؤں کو اپنے پیش غلبہ اسلام کی جدوجہد اور انسانیت کی فلاح و بہبود اور ترقی بھرپور کوشش کی جائے۔

بقیہ جات 37

مزید 1500 سے زائد محکمانہ پروموشن کرنے جا رہے ہیں، جلد ہی 80 سے زائد سب انسپکٹرز کی انسپکٹر کے عہدے پر ترقی کا بورڈ منعقد ہوگا۔ ڈاکٹر عثمان انور نے مزید کہا کہ ڈی ایس پی بیٹ کا سب ڈویژنل پولیسنگ میں سپروائزری رول اور فیڈ بیک بہت اہم ہے، آئی جی پنجاب نے افسران سے خطاب میں کہا کہ لا اینڈ آرڈر، دہشت گردی اور مذہبی منافرت پولیس کو درپیش اہم ترین چیلنجز ہیں، سرحدی چیک پوسٹوں اور کچہ ایریا میں شرپسندوں کے سامنے سیسہ پلائی دیوار بنے رہیں، آئی جی پنجاب نے ہدایت کی کہ پروموشنز اور ویلفیئر کے جواب میں شہریوں کی بے لوث خدمت، بے خوف حفاظت کریں، جدید ٹیکنالوجی، ایڈوانس انفارمیشن کا استعمال، بہترین سروس ڈیلیوری، انصاف کی با آسانی فراہمی یقینی بنائیں، آئی جی پنجاب نے کہا کہ کانسٹیبلری کامیاب پولیسنگ کی بنیادی اکائی ہے، مستقل رابطہ اور مسائل کا حل ترجیح بنائیں۔

بقیہ جات 38

میں بریفنگ بھی دی۔ ذرائع کے مطابق حکومتی وفد نے ایم کیو ایم پاکستان کو اعتماد میں لیا، چیئرمین خالد مقبول کی پارٹی نے آئینی ترامیم پر حکومت کا ساتھ دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ ایم کیو ایم ترجمان نے حکومتی وفد سے پارٹی کی پارلیمانی قیادت کی ملاقات کی تصدیق کی اور کہا کہ دونوں وزراء نے مجوزہ ترمیمی بل پر قیادت کو اعتماد میں لیا ہے۔

بقیہ جات 39

رہنماؤں نے ملک میں جمہوری عمل کی بحالی اور استحکام کے لیے نمایاں خدمات انجام دیں ان کا غیر متزلزل عزم اور قربانیاں جمہوری اقدار کے تحفظ کے لیے ان کی مسلسل جدوجہد کی یاد دلاتی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے 29 جامعہ فریدیہ روڈ ڈویژنل پیپلز سیکرٹریٹ پر عہدیداران، کارکنان سے ایک اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر انہوں نے مزید کہا کہ این اے 171 رحیم یار خان ضمنی الیکشن میں مخدوم طاہر رشید الدین اور پاکستان پیپلز پارٹی کی عظیم الشان جیت پر چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ اس موقع پر پیپلز لائرز فورم پاکستان پیپلز پارٹی منتخب ڈویژنل صدر شیخ نجم الثاقب سینئر ایڈووکیٹ، سینئر نائب صدر رانا ساجد حبیب خان ایڈووکیٹ، نائب صدر میاں سہیل محسن ایڈووکیٹ، سمیت عہدیداران کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ پیپلز لائرز فورم پاکستان پیپلز پارٹی کا ہراول دستہ ہے انسانی حقوق اور جمہوری جدوجہد کے لیے ان کی قربانیاں تاریخ کا حصہ ہیں۔ پیپلز لائرز فورم پاکستان پیپلز پارٹی کا ایک طاقتور ستون ہے جمہوریت اور عدلیہ کی بحالی کیلئے جدوجہد اور قربانیوں سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔

بقیہ جات 40

وسلم کو اس جہاں میں رحمت بنا کر بھیجا گیا تھا اس مقصد کو پورا کریں وہ مقصد کیا ہے وہ مقصد یہی ہے کہ ہم انسانیت کی خدمت کریں اور ان کو ہر لمحہ فائدہ پہنچائیں یہی ہمارے آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام کی سیرت ہے اور یہی ہمیں زندگی میں کرنے کا حکم ہے ہمیں دلوں کو جوڑنے کا حکم ہے دلوں کو توڑنے کا حکم نہیں ہے ہمیں لوگوں کے کام آنے کا حکم ہے لوگوں کو نقصان پہنچانے کا حکم نہیں ہے ہمیں لوگوں سے محبت کرنے کا حکم ہے لوگوں سے نفرت پھیلانے کا حکم نہیں ہے ہمیں امن پھیلانے کا حکم ہے شر پھیلانے کا حکم نہیں ہے لہٰذا اس جلوس کا یہ اہم پیغام ہے کہ آہم سب سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم پر عمل پیرا ہوں اور آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خوشنودی اور آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام کی رضا حاصل کرے کیونکہ حضور کی رضا خدا کی رضا ہے حضور کی اطاعت خدا کی اطاعت ہے حضور کا فرمان خدا کا فرمان ہے اگر حضور راضی ہو جائیں تو خدا بھی راضی ہو جائے گا اور حضور کو راضی کرنے کا سب سے بہترین طریقہ یہی ہے کہ ہم سب سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم پر عمل پیرا ہوں جلوس میں میاں کاشف محمود، پروفیسر محمد عثمان صدیقی، سید حمایت رسول، سید شفاعت رسول قادری نے بھی خطاب کیا آخر پر ملکی ترقی سلامتی واستحکام اور ملکی معاشی مشکلات کے جلد حل کیلئے خصوصی دعا کی گئی

بقیہ جات 41

اور اک ہوا۔ بلاشبہ ایک انسان دوست پولیس آفیسر ہیں۔ عوامی کچہری کے دوران سائلین کے ساتھ جہاں ان کا رویہ نرم خو ہے وہیں فرائض منصبی میں کوتاہی کے مرتکب لوگوں کیلئے سخت رویہ اختیار کرتے ہیں تاکہ شریف شہریوں کو فوری انصاف کی فراہمی ممکن بنائی جاسکے

بقیہ جات 42

شاہراؤں، بازاروں اور مارکیٹوں میں تجاوزات کے خاتمہ کے لیے کارروائیاں کیں۔ اسسٹنٹ کمشنر نے گوجرانوالہ روڈ، فوارا چوک جلالپور روڈ، کچہری بازار، وچیکے چوک، الفیصل بازار اور دیگر بازاروں، شاہراؤں کا دورہ کرتے ہوئے دوکانوں کے آگے قائم عارضی تجاوزات ختم کروا دیں۔ ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق کا کہنا تھا کہ شہر بھر میں قائم تجاوزات سے مارکیٹوں، بازاروں میں خریداروں کے لیے پیدل چلنا مشکل ہو گیا ہے جبکہ جگہ جگہ قائم تجاوزات سے ٹریفک کے مسائل میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے دکانداروں کو واضح کیا کہ جس دکاندار نے اپنی حد سے تجاوز کرتے ہوئے سڑکوں پر اپنا تمام سامان رکھا یا اپنی دوکانوں کے تھڑے، سٹال لگوائے تو ان کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی اور انہیں بھاری جرمانوں اور مقدمات کا بھی سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ میونسپل کمیٹیوں کی جانب سے تمام بازاروں، مارکیٹوں میں تجاوزات کے خلاف بلاتفریق آپریشن جاری رہے گا اور اس سلسلہ میں اینٹی انکروچمنٹ ٹیمیں بھی قائم کی گئی ہیں جنہیں تجاوزات کے خاتمہ کے لیے خصوصی ہدایات جاری کی گئی ہیں۔

بقیہ جات 43

کے بعد بیرون ملک فرار ہو گیا تھا۔ تھانہ کھرڑیانوالہ پولیس نے ملزم کی گرفتاری کے بعد تفتیش کا عمل شروع کر دیا ہے۔

بقیہ جات 44

محمد تسلیم اختر راو، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید ندیم عباس، ضلعی افسران، ضلعی میلاد مصطفیٰ کمیٹی، مختلف مکاتب فکر کے علماء کرام سکھ، عیسائی برادری کے علاوہ سول سوسائٹی کے افراد اور شہریوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب و دیگر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ربیع الاول کا مہینہ رحمتوں اور برکتوں کا مہینہ ہے، نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا درس امن، محبت، اخوت، بردباری اور تحمل برداشت و درگذر کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں یہ دن صرف منانا ہی نہیں بلکہ درس پر عمل کرنا ہے جو درس ہمیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دیا۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ہمارے پیارے نبی پاک تمام جہانوں کے لیے رحمت بن کر آئے، نبی پاک کی محبت ہمارے اپنی نسلوں کو تربیت دیں کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے اسوہ حسنہ پر عمل کریں، ہمارے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی ہمارے لیئے بہترین نمونہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے محبوب ترین نبی ہیں جشن میلاد النبی کے دن کو جوش وخروش اور محبت سے منائیں گے۔

بقیہ جات 45

مصطفیٰ آباد کے نواحی گاؤں لکھنیکے کے رہائشی عمر خطاب نامی شخص نے تھانہ مصطفیٰ آباد میں مقدمہ درج کروایا کہ میرا 11/12 سالہ بیٹا محمد علی لاپتہ ہوگیا ہے، پولیس تھانہ مصطفیٰ آباد نے مقدمہ درج کر کے ایس ایچ او حسن عمران سعید کی زیرنگرانی سب انسپکٹر محمد صادق نے بچے کی تلاش شروع کر دی اور چند گھنٹوں کی انتھک محنت سے 12 سالہ محمد علی کو قصور سے تلاش کر کے والدین کے حوالے کر دیا، والدین نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ قصور پولیس کا اپنوں کو اپنوں سے ملانے کا سلسلہ قابل تحسین ہے، ہم ڈی پی او قصور محمد عیسیٰ خاں اور ایس ایچ او تھانہ مصطفیٰ آباد حسن عمران سعید، سب انسپکٹر محمد صادق کا شکریہ ادا کرتے ہیں، قصور پولیس کے اس سلسلہ کی قدر ان لوگوں کو ہے جن کے پیارے ان سے بچھڑ جاتے ہیں، ہم قصور پولیس سے مطالبہ کرتے ہیں کہ اس سلسلہ کو جاری رکھا جائے اور عوام کی دعائیں لی جائیں۔

بقیہ جات 46

کا چوتھا ستون ہے، اور صحافی ہماری قوم کی آنکھیں اور کان ہیں۔ ان کی فلاح و بہبود حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ عظمیٰ بخاری کو پریس کلب کا وزٹ گروپ لیڈر شاہد علی، صدر عبدالرحمن، سیکرٹری میاں کاشف فرید، جوائنٹ سیکرٹری محمد طاہر، فنانس سیکرٹری رانا محسن فاروق، ایگزیکٹو ممبران ندیم جاودانی، محمد اعظم نیازی، سابق سینئر نائب صدر غلام دستگیر، سابق نائب صدر خاور عباس نے کروایا۔ اس موقع پر دیگر عہدیداران اور ممبران کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔ عظمیٰ بخاری نے صحافیوں کی رہائشی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے فیصل آباد میں صحافی کالونی کے قیام کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت صحافیوں کے مسائل کو حل کرنے کے لیے ہر ممکن کوشش کرے گی اور اس کالونی کا قیام اس سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے۔ پریس کلب کے صدر اور دیگر عہدیداران نے وزیر اطلاعات کے اس اقدام کو سراہا اور فیصل آباد کی صحافی برادری کے لیے حکومتی تعاون پر شکریہ ادا کیا۔ وزیر اطلاعات کا یہ دورہ صحافیوں کی فلاح و بہبود کے لیے حکومت کی سنجیدگی کا مظہر ہے، اور اس سے فیصل آباد کی صحافی برادری کے مسائل کے حل میں اہم پیش رفت کی توقع ہے۔

بقیہ جات 47

دوران کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کے حصول کیلئے اب تک ساڑھے 8 لاکھ کاشتکار رجسٹریشن کرا چکے۔ اڑھائی لاکھ کسان کارڈز کی پرنٹنگ کے بعد فراہمی جاری ہے۔ 15 اکتوبر تک 5 لاکھ کارڈز ڈیلیور کردیئے جائیں گے۔ صوبہ میں تحصیل کی سطح پر 134 وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ فراہمی مراکز قائم۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کی فراہمی کا سلسلہ 15 اکتوبر تک جاری رہے گا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ گندم کے زرعی مداخل کی خریداری کیلئے استعمال ہوگا۔ ساہیوال ڈویژن میں 60 ہزار کاشتکار رجسٹریشن کرا چکے۔ ساہیوال ڈویژن میں 7 کسان کارڈ فراہمی مراکز قائم۔ کسان کارڈ ڈیلیوری سنٹرز پر محکمہ زراعت کے عملہ کو کاشتکاروں کی رہنمائی کی ہدایات جاری کردیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب گرین ٹریکٹر سکیم کے تحت 10 لاکھ روپے فی ٹریکٹر سبسڈی دی جائے گی۔ ساہیوال سمیت بہاولپور، ملتان اور سرگودھا میں ماڈل ایگری مالز قائم کئے جا رہے ہیں۔ ملکی تاریخ میں پہلی بار زرعی گریجوایٹس انٹرن شپ پروگرام متعارف کرایا گیا۔

بقیہ جات 48

میں بتایا گیا کہ 12 ربیع الاوّل کی ریلیوں، جلوسوں و محافل کی سکیورٹی کیلئے 8 ہزار سے زائد افسران و اہلکار فرائض سرانجام دیں گے۔ 8 ایس پیز، 29 ایس ڈی پی اوز، 83 ایس ایچ اوز اور 601 اپر سبارڈینیٹس ڈیوٹی پر تعینات ہوں گے۔ سی سی پی او لاہور نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جشن عید میلاد النبی ﷺ کی تقریبات کو فول پروف سکیورٹی مہیا کی جائے گی۔

بقیہ جات 49

کا بابرکت مہینہ مسلمانوں کیلئے باعث رحمت ہے اس ماہ مقدس میں ہمارے آقا دو جہاں ﷺ دنیا میں تشریف لائے ہمیں آپ کی سیرت طیبہ پر عمل پیرا ہونے کی ضرورت ہے اپنے دلوں کو عشق رسول ﷺ سے منور کرنا ہوگا ربیع الاول کے مہینہ میں زیادہ سے زیادہ درود وسلام کی محفلیں سجائی جائیں جلوس کے اختتام پر ملکی سلامتی اور عالم اسلام کیلئے خصوصی دعا کروائی گئی۔

بقیہ جات 50

موجدین کا رہائشی محمد اکرم اپنے گھر سے مویشیوں کے باڑہ میں جانوروں کو چارہ ڈالنے کے لیے گیا اور حویلی کے باہر سے نامعلوم چور شہری اکرم کی 125 موٹر سائیکل چرا کر لے گیا دوسری واردات میں جوڈیشل کالونی کے رہائشی شعبان چوہدری کے گھر کے باہر کھڑی 125 موٹر سائیکل نامعلوم چور کا شکار بن گئی پولیس نے دونوں واقعات کے مدعیان کی درخواستوں پر مقدمات درج کر لیے اور چوروں کو جلد گرفتار کرنے کا اعادہ کیا ہے دوسری جانب شہریوں میں آئے روز چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں کے سلسلہ کو بریک نہ لگنے پر تشویش پائی جاتی ہے شہریوں نے آر پی او گوجرانوالہ سے صورتحال بارے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ جات 51

رمیش سنگھ اروڑہ نے مسیحی طلباء میں لیپ ٹاپس تقسیم کرنے کی تقریب میں بھی شرکت کی، جہاں بشپ آزک انور فیصل کی جانب سے قرعہ اندازی کے ذریعے 10 مستحق مسیحی طلباء میں لیپ ٹاپس تقسیم کیے گئے۔ اس کے علاوہ، صوبائی وزیر نے 10 مستحق بیروزگار افراد میں فی کس 50 ہزار روپے تقسیم کیے تاکہ ان کی مالی معاونت اور زندگی کی بہتری میں مدد فراہم کی جاسکے۔ اس موقع پر رمیش سنگھ اروڑہ نے اپنے خطاب میں کہا کہ ''وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے مذہبی اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کے نتیجے میں ہر مذہب کے افراد پہلے سے کہیں زیادہ مطمئن اور پرسکون ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے مذہبی اقلیتوں کو اپنے سر کا تاج قرار دیا ہے۔

بقیہ جات 52

کے شکایت درج کروا سکتے ہیں۔ یہ بات انہوں نے بنیادی مرکز صحت آگوکی کی او پی ڈی، لیبارٹری، فارمیسی اور ای پی آئی کاونٹر کی انسپکشن کے دوران بتائی۔ قبل ازیں ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین نے گورنمنٹ انسٹیٹیوٹ آف سلولرز سیالکوٹ کا بھی دورہ کیا اور سٹاف کی حاضری چیک کی اور کلاس رومز کے معائنہ کے دوران زیر تعلیم بچوں سے سوال و جواب کئے۔ انہوں نے اسپیشل ایجوکیشن کے مقامی حکام کو ہدایت کی کہ بچوں سے انتہائی اخلاق اور شائستگی سے پیش آیا جائے تاکہ ان کا سیکھنے کی صلاحیت میں نکھار پیدا ہو سکے اور کم از کم یہ بچے گھر والوں یا معاشرے کیلئے بوجھ نہ بنے اور اپنے روزمرہ کے کام کرنے کے علاوہ جہاں تک ممکن ہو سکے معاشی سرگرمیوں کا حصہ بن سکیں۔

بقیہ جات 53

پیپلز پارٹی کے زیر اہتمام سالگرہ کے کیک کاٹے جائیں گے اور بلاول بھٹو کی درازی عمر کیلئے دعائیں مانگی جائیں گی۔ بلاول بھٹو زرداری سابق وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو کے نواسے، محترمہ بے نظیر بھٹو اور صدر پاکستان آصف علی زرداری کے بڑے فرزند ہیں۔ بلاول بھٹو زرداری 21 ستمبر 1988ء کو پیدا ہوئے۔ بلاول بھٹو پاکستان کے وزیر خارجہ بھی رہ چکے ہیں۔

بقیہ جات 54

میں کہا ہے کہ نبی اکرم ﷺ کی حیات طیبہ قیامت تک کے انسانوں کیلئے مشعل راہ کی حیثیت رکھتی ہے جس کو اپنا کر مسلمان اپنا کھویا ہوا مقام حاصل کر سکتے ہیں، حضور ﷺ کی حیات طیبہ ایک درخشاں پہلو ہے حضور اس دنیا میں رحمت بن کر آئے آپ ﷺ جانوروں و حیوانوں کیلئے بھی رحمت بن کر آئے حضور ﷺ کے آنے سے دنیا سے جہالت کا خاتمہ ہوا اور معاشرے کو نئی تازگی ملی، نبی کریم ﷺ کی زندگی کا ہر ایک پہلو ہمارے لئے باعث فخر ہے حضور ﷺ کی سنت کو زندہ کر کے ہم کفر کو شکست دے سکتے ہیں ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم صحیح معنوں میں حضور ﷺ اور صحابہ کرام کی زندگیوں کو اپنائیں۔

بقیہ جات 55

تیسری بار اقتدار میں آنے کے بعد روزگار ایک اہم مسئلے کے طور پر ابھرا۔ چندن کمار کا کہنا ہے کہ مودی سرکار نے 250 ملین نوکریاں دینے کا دعویٰ کیا تھا جس کا سچ سے دور دور تک کوئی واسطہ نہیں۔ مایوس شدہ نوجوان کا کہنا تھا کہ گریجویشن کرنے کے بعد ہمیں نوکری نہیں ملتی اور ہم پورے ملک میں بھٹکتے رہتے ہیں۔ نئی دہلی میں قائم سینٹر فار مانیٹرنگ انڈین اکانومی کے مطابق مارچ 2024 میں بھارت میں بے روزگاری کی شرح 7.6 فیصد رہی۔ انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن اور انسٹی ٹیوٹ آف ہیومن ڈویلپمنٹ کی جانب سے اس سال مارچ میں جاری کردہ ایک رپورٹ کے مطابق بے روزگار نوجوانوں کی ایک بڑی اکثریت کم از کم ثانوی تعلیم کے ساتھ تعلیم یافتہ ہیں۔ رپورٹ کے مطابق سن 2000 میں میں صرف 2.35 فیصد بے روزگار نوجوان تعلیم یافتہ تھے جبکہ 2022 تک یہ تعداد دگنی ہو کر 66 فیصد ہو گئی، دوسرے دور اقتدار میں مودی سرکار تعلیم یافتہ نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنے میں کامیاب نہیں رہی جسکے باعث مودی کا ووٹ بینک بھی شدید متاثر ہوا۔ بڑھتی ہوئی بے روزگاری کے باعث بھارتی نوجوانوں میں خودکشی کی شرح میں بھی اضافہ دیکھا گیا، بھارت میں بے روزگاری سنگین حد تک بڑھ چکی ہے لیکن مودی سرکار خاموش ہے۔

بقیہ جات 56

ایکسپائرڈ ہیں یا ان کی کمپنیوں نے اقاموں اور ورک پرمٹ کی تجدید نہیں کرائی انہیں دو ماہ کی مہلت دی گئی ہے، جو 30 اکتوبر کو ختم ہو جائے گی۔ عرب ٹی وی کے مطابق غیر ملکیوں کے امور کے ادارے کے معاون ڈائریکٹر نے کہا ہے کہ اقامہ قوانین کی خلاف ورزی کے لیے شروع کی گئی اصلاح حال کی مہم میں ان افراد کو ترجیح دی جائے گی جن کے اقامے اور ورک پرمٹ میں ان کی کمپنیوں کی طرف سے تاخیر کے باعث تجدید یا اجرا نہیں ہو سکا۔ انہوں نے کہا کہ دبئی میں مقیم ایسے غیر ملکی جن کے اقامے ایکسپائرڈ ہیں یا ان کی کمپنیوں نے اقاموں اور ورک پرمٹ کی تجدید نہیں کرائی انہیں دو ماہ کی مہلت دی گئی ہے۔

بقیہ جات 57

دوسرا شخص شدید زخمی ہو گیا ریسکیو 1122 ٹیم نے زخمی شخص کو طبی امداد کے لیے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال جھنگ منتقل کیا ریسکیو 1122 کے مطابق حادثہ میں جاں بحق ہونیوالا 20 سالہ جاوید اسلم لاہور کا رہائشی ہے جبکہ زخمی ہونیوالا 31 سالہ عمران علی منڈی بہاؤالدین کا رہائشی بتایا گیا ہے

بقیہ جات 58

سے بھریں اور آپ ﷺ کی تعلیمات کو اپنا کر اپنی دنیا اور آخرت سنواریں۔ ان خیالات کا اظہار پروجیکٹ انچارج رائل آرچرڈ ساہیوال ملک شعیب ریاض نے 12 ربیع الاول کے حوالے سے منعقدہ اجلاس میں کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کی رسالت کو صرف انسانوں تک محدود نہیں فرمایا بلکہ آپ ﷺ کو رحمۃ اللعالمین بنا کر بھیجا گیا۔ ہمارے لیئے آپ ﷺ کی سیرت میں زندگی گزارنے کے حوالے سے ہر طرح کی رہنمائی موجود ہے آپ ﷺ کی زندگی ہر دور کے انسان کے لیے ایک کامل نمونہ ہے۔ دنیا بھر میں ماہ ربیع الاول کے اندر آپ کی ولادت کی خوشی میں مختلف تقاریب، کانفرنسز اور محافل کے انعقاد کیا جاتا ہے۔ اس حوالے سے رائل آرچرڈ ساہیوال میں بھی ہر سال کی طرح پورے مذہبی جوش وجذبے سے جامع مسجد المصطفیٰ میں ایک پر وقار تقریب کا انعقاد کر رہا ہے۔ پروجیکٹ انچارج ملک شعیب ریاض نے اس حوالے سے جامع مسجد المصطفیٰ کا دورہ کیا اور مسجد انتظامیہ کو جامع مسجد المصطفیٰ کے ساتھ ساتھ پروجیکٹ کے داخلی اور خارجی راستوں کو برقی قمقموں سے مزین کرنے کی ہدایات کیں اور محفل کے انعقاد کے حوالے سے انہیں اعتماد میں لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی منیجر سیلز اینڈ مارکیٹنگ مشہود جاوید، فہد خالد، محمد ارشد اور دیگر سینئر سٹاف ممبران بھی موجود تھے۔

بقیہ جات 59

رہنما چوہدری باغ علی نے سینئر صحافیوں کیساتھ خصوصی نشست کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ میں پرسٹی ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ رانا عمر فاروق سے ملا تو انکے حسن اخلاق و معاملہ فہمی کا ادراک ہوا۔ بلاشبہ ایک انسان دوست پولیس آفیسر ہیں۔ عوامی کچہری کے دوران سائلین کے ساتھ جہاں ان کا رویہ نرم خو ہے وہیں فرائض منصبی میں کوتاہی کے مرتکب لوگوں کیلئے سخت رویہ اختیار کرتے ہیں تاکہ شریف شہریوں کو فوری انصاف کی فراہمی ممکن بنائی جاسکے

بقیہ جات 60

۔ حریت پسند پہلے سے کہیں زیادہ پر عزم ہیں، بھارتی فوج کا مورال پست ہے۔ حریت پسندوں نے بھارتی فوجیوں کو ناکوں چنے چبوا دیے ہیں۔ ہندوستانی افواج کشمیری مجاہدین کی گوریلا جنگی حکمت عملیوں کو سمجھنے سے قاصر ہیں۔ مجاہدین باڈی کیمروں کا استعمال کرتے ہوئے گھات لگانے کی فلم بناتے ہیں۔ عسکریت پسند اپنے اہداف کو درستگی کے ساتھ نشانہ بناتے ہیں اور ناہموار پہاڑی علاقے میں غائب ہو جاتے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق کشمیری مجاہدین اب بہت بہتر تربیت یافتہ ہیں اور جنگی ساز وسامان کی ترسیل کے لئے وادی کے اندر روٹس کا استعمال کرتے ہیں۔

بقیہ جات 61

دارارقم سکول سسٹم ملک بھر میں جس طرح تعلیمی شعبہ میں اپنی خدمات سرانجام دے رہا ہے وہ قابل ستائش ہے دارارقم سکول سے وابستہ افراد، اساتذہ بچوں کے بہتر مستقبل کے ضامن ہیں سائنس کے دور میں ٹیکنالوجی کی ترقی کے بغیر آگے نہیں بڑھ سکتی وہ دارارقم کے زیر اہتمام پرنسپل کنونشن سے خطاب کر رہے تھے صدارت مینجنگ ڈائریکٹر محمد یاسین خان نے کی۔ اس موقع پر محمد عمران مرزا، سہیل مبشر، انجینئر اشتیاق احمد، محمد عرفان باجوہ، محمد سلیم، صابر حسین بٹ، محترمہ میمونہ، میڈم عائشہ، اعجاز الحق سمیت متعدد ذمہ داران نے بھی خطاب کیا۔ محمد یاسین خان نے کہا کہ دارارقم سکولز کا نظام تعلیم دنیا و آخرت میں کامیابی کی ضمانت ہے اساتذہ کرام کی بہتر منصوبہ بندی اور درس وتدریس میں انقلاب برپا کر سکتی ہے روزانہ کی بنیاد پر پلاننگ کے تحت طلباء کو تعلیم سے شاندار نتائج حاصل جاسکتے ہیں۔

بقیہ جات 62

میلاد میں سابق ضلع ناظم کرنل (ر) علی احمد اعوان، سابق صدر بار ملک وقاص رضا اعوان، حافظ آباد بخانہ کے چیف ایگزیکٹو ملک حسنین اعوان، ممتاز ماہرین تعلیم ظہیر احمد بھون، پروفیسر کاشف جلال بیگ، عمر دراز عطاری، محمد مدثر عطاری سمیت شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ مولانا محمد وسیم عطاری کا کہنا تھا کہ میلاد النبی ﷺ کا اصل مقصد یہی ہے کہ نبی کریم ﷺ کی تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے اپنے آپ کو، والدین کو، گھر والوں کو، اولاد اور مسلمان بھائیوں کو نفع پہنچایا جائے۔ گھر والوں، والدین اور اپنے آپ کو اس طرح نفع پہنچا سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے احکام بجا لا کر اور عبادات ادا کر کے اور ہر وہ کام کر کے جس کی وجہ سے انسان خود اور اس کے گھر والے جنت کی طرف چلے جائیں اور آخرت میں نیک بختی ان کا نصیب بنے۔

بقیہ جات 63

معاشی ترقی کے لیے کام کرنا ہوگا، ترقی کا کوئی بھی شعبہ ہو آج عالمی مسابقت میں پاکستان بہت پیچھے ہے۔ احسن اقبال کا کہنا تھا کہ ہمیں محنت، جدت، معیار اور علم پر مبنی معیشت کو فروغ دینا ہوگا، ہمارا پختہ عزم ہے کہ پاکستان کو 2035 تک 1 ہزار ارب ڈالر کی معیشت بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ اس عمل کی تکمیل کے لیے جمہوری استحکام اور پالیسیوں میں تسلسل کی ضرورت ہے، جمہوری عمل ترقی کیساتھ مربوط کرنا ہوگا، یہی بقا اور کامیابی کا راستہ ہے۔

بقیہ جات 64

کے والد عمر خطاب کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے بچے کی تلاش شروع کی گئی۔ مصطفیٰ آباد: بچے کی عمر 11 سال اور بچے کا نام محمد علی ہے جو کہ لکھنیکے قصور کا رہائشی ہے مصطفیٰ آباد: بچے کی برآمدگی پر والدین نے مصطفیٰ آباد کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ جات 65

سماجی، مذہبی جماعتوں کے نمائندوں، صحافیوں نے انجمن طلبہ اسلام کنگن پور کے سالانہ انتخابات میں منتخب ہونے والے نمائندوں ناظم چوہدری عدیل رضا خاں، جنرل سیکرٹری یاسر امین، سینئر نائب ناظم محمد عامر بشیر، نائب ناظم عبداللہ سہیل، جوائنٹ سیکرٹری علی قمر پنوں، فنانس سیکرٹری سعد رؤف ملک، پریس سیکرٹری حمزہ فریدی، چیئرمین طلبہ امور عبدالمتین طاہر، چیئرمین بلڈ کمیٹی طلحہ سرور، چیئرمین میڈیا سیل احسان شاہ، چیئرمین سپورٹس کمیٹی جابر میو اور چیئرمین الیکشن کمیٹی مہر بلال کو مبارکباد دیتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور راہ حق پر استقامت کی دعائیں دیں۔

بقیہ جات 66

کے بعد انجینیر جواد ابریز خان ایڈووکیٹ کیساتھ نیک تمناؤں کا اظہار کیا اور پرتکلف ضیافت کا اہتمام کیا۔ اس موقع پر جواد ابریز خان نے کہا کہ ایس۔ اینڈ۔ اے ایسوسی ایٹس کی محبتوں کا مقروض ہیں اور سینئر لاء آفیسر ملک شہباز احمد اعوان ایڈووکیٹ کی قائدانہ صلاحیتوں کے معترف وممنون ہیں جس طرح سے انہوں نے ایس۔ اینڈ۔ اے ایسوسی ایٹس کو پھولوں کے ایک گلدستے میں سمیٹ کر اس قدر عزت دی کہ اس سے ملک شہباز احمد ایسوسی ایٹس کا ہر شریک معزز ممبر انکی تہہ دل سے عزت و تکریم کرتا ہے۔ ہم انشاءاللہ اپنے قائد وروح رواں ملک شہباز احمد ایڈووکیٹ ہائی کورٹس کے ہمقدم وہمرقاب ہیں۔

بقیہ جات 67

منڈی بنانے اور پراجیکٹ کو 18 ماہ میں مکمل کرنے کی ہدایت دیدی۔ راوی اربن ڈویلپمنٹ اتھارٹی اور پنجاب ایگریکلچر مارکیٹنگ ریگولیٹری اتھارٹی کے باہمی ایم او یو پر دستخط کے بعد منڈی کے قیام کے لئے کارروائی شروع ہوگی۔ پاکستان کی پہلی ماڈرن اینڈ اینوویٹو سبزی وفروٹ مارکیٹ 300 ایکٹر پر بنے گی جس کا انفراسٹرکچر عالمی معیار کا ہوگا۔ ماڈرن اینڈ اینوویٹو ویجیٹیبل وفروٹ مارکیٹ کو ایکسپورٹ زون بنایا جائے گا، کالا خطائی کی ماڈرن اینڈ اینوویٹو ویجیٹیبل وفروٹ مارکیٹ کو ایکسپورٹ حب بنایا جائے گا، ماڈرن اینڈ اینوویٹو ویجیٹیبل وفروٹ مارکیٹ کو مختلف راستوں سے آمد ورفت کے لئے ہر طرف سے رسائی حاصل ہوگی۔

بقیہ جات 68

آف پاکستان کے جاری کردہ تازہ ترین اعداد وشمار کے مطابق بینکوں کی شرح سود میں بھی اسٹیٹ بینک کی طرف سے 200 بیسز پوائنٹس کی کمی کی گئی ہے۔ اپریل 2020 کے بعد سب سے نمایاں کمی ہے جبکہ ڈالر کی قیمت میں بھی استحکام دکھائی دے رہا ہے۔ حالات خاص طور پر ملک کی معاشی حالت میں نمایاں طور پر بہتری آرہی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق اگست 2024 میں وفاقی حکومت نے ایندھن کی قیمتوں میں کمی جو یقینی طور پر پاکستان میں سرمایہ کاروں کے اعتماد کی حوصلہ افزائی کرے گی۔

بقیہ جات 69

ملزمان کے قبضہ سے 2990 گرام چرس برآمد ہوئی۔ گرفتار ملزمان میں حذیفہ، عمر خیام، رضا، شاہد اور اظہر شامل ہیں۔ گرفتار منشیات فروش ملزمان کیخلاف تھانہ محمد والا میں منشیات کی دفعات کے مقدمات درج ہو چکے ہیں اور مزید تفتیش کا عمل جاری ہے۔ اس حوالے سے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کا کہنا تھا کہ ضلع بھر میں منشیات فروشوں کیخلاف سپیشل مہم کے تحت کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ٹھوس شواہد اور معیاری تفتیش کو یقینی بناتے ہوئے منشیات فروشوں کو سزائیں دلوائی جا رہی ہیں۔

بقیہ جات 70

ترقیاتی کاموں کا آغاز کو چکا ہے جس میں نور پور نورنگا براستہ مبار کپورتا چوک بھٹہ ٹیل روڈ کا کام شروع ہو چکا ہے، میاں عثمان نجیب اویسی نے خبریں سے گفتگو کرتے ہوئے ایک بیان میں کہا ہے کہ حلقے کی محرومیوں کا خاتمہ میری اولین ترجیح ہے جلد پورے حلقے میں ترقیاتی کاموں کا جال بچھا دیں گے، مسلم لیگ ن نے ہمیشہ ترقی کا سفر جاری رکھا ہے اور عوام کو ریلیف دینے کے لئے وزیر اعظم میاں شہباز شریف ہر ممکن کوشش کر رہے ہیں جلد ملک ترقی کی نئی راہوں پر گامزن ہوگا۔

بعدالت جناب کلیم اسلم اعوان صاحب جج فیملی کورٹ لالیاں

عنوان: عصمت بی بی وغیرہ بنام امان اللہ

دعویٰ: برائے حصول ڈگری خرچہ نان ونفقہ وغیرہ

اشتہار بنام امان اللہ ولد خضر حیات قوم ترکھان سکنہ محمد والا تحصیل لالیاں ضلع چنیوٹ کو۔ ہرگاہ مقدمہ بالا عنوان میں مدعا علیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا لیکن آپ عدالت حاضر نہی ہوئے لہٰذا اب بذریعہ اخبار اشتہار آپکو مطلع کیا جاتا ہے مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 24-09-18 پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت حاضر ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔ اور کوئی عذر قبول نہی ہوگا۔

دستخط مجاز ومہر عدالت

لاہور: پولیس اہلکاروں پر مشکوک شخص کی فائرنگ، گشت پر مامور کانسٹیبل شہید

پولیس اہلکاروں نے سانڈہ روڈ کے قریب مشکوک موٹر سائیکل سواروں کو رکنے کا اشارہ کیا، ملزمان نے فائرنگ کر دی

آئی جی نے نوٹس لیتے ہوئے سی سی پی او لاہور سے رپورٹ طلب کر لی، شہید کانسٹیبل ارشد کی قربانی کو خراج عقیدت

لاہور (این این آئی) اسلامپورہ کے علاقے میں پولیس اہلکاروں پر مشکوک افراد کی فائرنگ سے کانسٹیبل شہید ہو گیا۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے نوٹس لیتے ہوئے سی سی پی او لاہور سے رپورٹ طلب کر لی۔ بتایا گیا ہے کہ گشت پر مامور پولیس اہلکاروں نے سانڈہ روڈ کے قریب مشکوک موٹر سائیکل سواروں کو رکنے کا اشارہ کیا ... (صفحہ 7بقیہ 35)

پاکستان میں اسلامی نظام نافذ کیا جائے، ضیاء الدین انصاری

دیانتدار قیادت کے اقتدار کے ایوانوں میں ہونے سے ہی پاکستان میں قرآن وسنت کا نظام نافذ ہو سکتا ہے، امیر جماعت اسلامی لاہور کا مختلف ممبر سازی کیمپوں اور سیرت النبی ﷺ کانفرنس سے خطاب

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ ... (صفحہ 7بقیہ 36)

لاہور: امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ شاہدرہ میں ممبر سازی کیمپ کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں۔

فیصل آباد: دارالعلوم نوریہ رضویہ بلاک جامع مسجد گلبرگ کے زیر اہتمام جشن عید میلادالنبی ﷺ کے حوالے سے محفل ... سید شفاعت رسول، حاجی منیر نورانی، غلام مصطفیٰ ودیگر بھی موجود ہیں۔

ہم میلاد حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو راضی کرنے کیلئے مناتے ہیں، پیر سید شفاعت رسول

ہمیں چاہیے کہ اپنی زندگی میں آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اتباع کریں

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) ... (صفحہ 7بقیہ 40)

آئی جی پنجاب کی جانب سے ڈی ایس پی کے عہدے پر پروموٹ 28 افسران کو نئے رینک لگا دیئے گئے

اس سال مختلف کیڈرز اور عہدوں پر مزید 1500 سے زائد محکمانہ پروموشن کرنے جا رہے ہیں، آئی جی پنجاب

لاہور: آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور ودیگر سینئر افسران ڈی ایس پی رینگ پر پروموٹ ہونیوالے افسران کو رینگ لگا رہے ہیں۔

لاہور (خبر نگار) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے انسپکٹرز سے ڈی ایس پی عہدے پر پروموٹ ہونے والے 28 افسران کو نئے عہدے کے رینک لگائے۔ سنٹرل پولیس آفس میں انسپکٹر سے ڈی ایس پی کے عہدے پر ترقی پانے والے 28 افسران کو رینک لگانے کی تقریب ... (صفحہ 7بقیہ 37)

آئینی ترمیم، اسحاق ڈار نے ایم کیو ایم کو اعتماد میں لے لیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ... (صفحہ 7بقیہ 38)

حافظ آباد: شہر بھر میں تجاوزات کے خلاف آپریشن کلین اپ شروع

شاہراہوں، بازاروں اور مارکیٹوں میں تجاوزات کے خاتمے کے لیے کارروائیاں

جگہ جگہ قائم تجاوزات سے ٹریفک کے مسائل میں بھی اضافہ ہو رہا ہے، ڈپٹی کمشنر

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ... (صفحہ 7بقیہ 42)

حافظ آباد: اسسٹنٹ کمشنر منور حسین، ٹریفک پولیس، میونسپل کمیٹی اور دیگر ریونیو افسران کے ہمراہ شہر کے مختلف مقامات شاہراہوں، بازاروں سے تجاوزات کے خلاف آپریشن کر رہے ہیں۔

مفرور ملزم قاسم کو انٹرپول کی مدد سے گرفتار کر لیا

کھرڑیانوالہ (نمائندہ قوت) تھانہ کھرڑیانوالہ پولیس نے دو سال قبل اقدام قتل کے الزام میں مفرور ملزم قاسم کو انٹرپول کی مدد سے گرفتار کر لیا۔ ملزم قاسم نے سلیمان دستگیر پر فائرنگ کر کے اسے زخمی کیا تھا اور اس (صفحہ 7بقیہ 43)

نکانہ صاحب: ماہ ربیع الاول کی مناسبت سے سیرت النبی کانفرنس تقریب کا انعقاد

علماء کرام سکھ، عیسائی برادری کے علاوہ سول سوسائٹی کے افراد اور شہریوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی

نکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر ضلعی انتظامیہ نکانہ صاحب کے زیر اہتمام ماہ ربیع الاول کی مناسبت سے سیرت النبی کانفرنس کی تقریب آفیسر کلب نکانہ میں منعقد ہوئی۔ تقریب میں ڈپٹی کمشنر نکانہ صاحب (صفحہ 7بقیہ 44)

نکانہ صاحب: ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راؤ اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید ندیم عباس سیرت النبی کانفرنس کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں۔

ہماری قوم کے مسائل کا حل جمہوری عمل میں مضمر ہے، مہر غلام فرید کاٹھیا

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) رہنماء پاکستان پیپلز پارٹی ... ہماری قوم کے مسائل کا حل جمہوری عمل میں مضمر ہے پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ جمہوری اقدار کی پاسداری کی ہے اور اس بات کو یقینی بنایا ہے کہ پاکستان میں جمہوریت پھلے پھولے۔ قائد عوام سابق وزیراعظم شہید ذوالفقار علی بھٹو، سابق وزیراعظم پاکستان شہید بے نظیر بھٹو جیسے (صفحہ 7بقیہ 39)

ڈی پی او رانا عمر فاروق لاچار شہریوں کی امید ہیں، چوہدری باغ علی

ڈی پی او سیالکوٹ انسان دوست شخصیت ہیں۔ معروف بزنس مین

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) پریشان حال و لاچار سائلین کی آخری امید ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ ہیں۔ سیالکوٹ پولیس میں چند کالی بھیڑیں نکال کر مجموعی طور پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ کے نیچے فرائض منصبی سرانجام دینے والے قابل پولیس آفیسران وملازمین ہیں۔ ان باتوں کا اظہار سیالکوٹ کے علاقہ اگوکی ماڈل ٹاؤن کے معروف بزنس مین وسماجی رہنما چوہدری باغ علی نے سینئر صحافیوں کیساتھ خصوصی نشست کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ میں پرسنلی ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ رانا عمر فاروق سے ملا تو انکے حسن اخلاق و معاملہ فہمی کا (صفحہ 7بقیہ 41)

مصطفیٰ آباد: سب انسپکٹر محمد صادق للھنیکے 12 سالہ بچہ والدین کے حوالے کر دیا گیا

پولیس تھانہ مصطفیٰ آباد نے 12 سالہ لڑکے کو تلاش کر کے والدین کے حوالے کر دیا

سب انسپکٹر ٹیم کے ہمراہ چند گھنٹوں کی کاوش سے بچے کو قصور سے ڈھونڈ نکالا

مصطفیٰ آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی+محمد فیصل خان) پولیس تھانہ مصطفیٰ آباد نے 12 سالہ لڑکے کو تلاش کر کے والدین کے حوالے کر دیا: نواحی گاؤں للھنیکے کے رہائشی عمر خطاب نے مقدمہ درج کروایا کہ میرا بیٹا محمد علی لاپتہ ہو گیا ہے، سب انسپکٹر محمد صادق نے اپنی ٹیم کے ہمراہ چند گھنٹوں کی کاوش سے بچے کو قصور سے ڈھونڈ نکالا، والدین کی قصور پولیس کو دعائیں، تفصیلات کے مطابق (صفحہ 7بقیہ 45)

وزیر اطلاعات پنجاب کا فیصل آباد پریس کلب کیلئے 25 لاکھ گرانٹ کا اعلان

میڈیا ریاست کا چوتھا ستون ہے، اور صحافی ہماری قوم کی آنکھیں اور کان ہیں، عظمیٰ بخاری

حکومت صحافیوں کے مسائل کو حل کرنے کے لیے ہر ممکن کوشش کرے گی

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے آج فیصل آباد پریس کلب کا دورہ کیا اور صحافی برادری کے لیے اہم اعلانات کیے۔ اپنے دورے کے دوران انہوں نے پریس کلب کے لیے 25 لاکھ روپے کی گرانٹ کا اعلان کیا تاکہ صحافیوں کی فلاح و بہبود کے لیے مزید اقدامات کیے جا سکیں۔ اس موقع پر عظمیٰ بخاری نے کہا، "میڈیا ریاست (صفحہ 7بقیہ 46)

فیصل آباد: پریس کلب میں وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بکاری کا گروپ لیڈر شاہد علی، صدر عبدالرحمان، سیکرٹری میاں کاشف فرید، جوائنٹ سیکرٹری محمد طاہر، فنانس سیکرٹری رانا محسن فارق، ایگزیکٹو ممبران ندیم جاودانی، محمد اعظم نیازی، سابق سینئر نائب صدر غلام دستگیر، سابق نائب صدر خاور عباس ودیگر ممبران کے ہمراہ گروپ فوٹو۔

اب تک ساڑھے 8 لاکھ کاشتکار رجسٹریشن کرا چکے، سید عاشق حسین کرمانی

صوبہ میں تحصیل کی سطح پر 134 وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ فراہمی مراکز قائم

ساہیوال سمیت بہاولپور، ملتان اور سرگودھا میں ماڈل ایگری مالز قائم کئے جا رہے ہیں

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) سید عاشق حسین کرمانی وزیر زراعت، لائیو سٹاک وڈیری ڈویلپمنٹ پنجاب کا ممبران صوبائی اسمبلی کے ہمراہ ساہیوال میں کسان کارڈ فراہمی مرکز کا دورہ۔ صوبائی وزیر نے کسان کارڈ فراہمی سنٹر پر انتظامات کا جائزہ لیا۔ وزیر زراعت، لائیو سٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کسان کارڈ فراہمی سنٹر کے دورہ کے (صفحہ 7بقیہ 47)

وزیر زراعت ولائیو سٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی ضلع ساہیوال میں فراہمی مرکز برائے وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کا دورہ کر رہے ہیں۔

وارداتوں کو بریک نہ لگ سکی شہری روزانہ کی بنیاد پر موٹر سائیکلوں سے محروم ہونے لگے

وزیر آباد (نامہ نگار) موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں کو بریک نہ لگ سکی شہری روزانہ کی بنیاد پر موٹر سائیکلوں سے محروم ہونے لگے گلہ موجدین اور جوڈیشل کالونی کے شہری قیمتی موٹر سائیکل گنوا بیٹھے مقدمات درج پولیس کی جانب سے روایتی تسلیاں۔ وزیر آباد کے علاقہ گلہ (صفحہ 7بقیہ 50)

جامع تعلیم القران محلہ چاہ ٹبیاں والا سے جلوس نکالا گیا

جلوس کی قیادت معروف عالم دین مفتی ڈاکٹر علامہ امتیاز احمد حقانی نے کی

ربیع الاول کے مہینہ میں زیادہ سے زیادہ درود وسلام کی محفلیں سجانی چاہیں

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) جشن عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلہ میں جامع تعلیم القران محلہ چاہ ٹبیاں والا سے جلوس نکالا گیا جس میں سینکڑوں عاشقان مصطفیٰ ﷺ نے شرکت کی جلوس کی قیادت معروف عالم دین مفتی ڈاکٹر علامہ امتیاز احمد حقانی نے کی جلوس میں ادارہ ہذا کے بچوں اور اساتذہ اکرام نے کثیر تعداد میں شرکت کی، فضا مرحبا یا مصطفیٰ کے نعروں سے گونجتی رہی اس موقع پر مفتی ڈاکٹر علامہ امتیاز احمد حقانی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ربیع الاول (صفحہ 7بقیہ 49)

سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ کی زیر صدارت کیپٹل سٹی پولیس ہیڈکوارٹرز میں اہم اجلاس

لاہور (این این آئی) سربراہ لاہور پولیس بلال صدیق کمیانہ کی زیر صدارت کیپٹل سٹی پولیس ہیڈکوارٹرز میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں 12 ربیع الاوّل کی تقریبات کے سکیورٹی انتظامات اور محکمہ پولیس کے ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بریفنگ (صفحہ 7بقیہ 48)

مصطفیٰ آباد: سب انسپکٹر محمد صادق للھنیکے کے رہائشی 12 سالہ بچے محمد علی کو تلاش کر کے انکے والدین کے حوالے کر رہے ہیں۔

جمہوری عمل میں تعطل سے سیاسی عدم استحکام، معاشی بدحالی پیدا ہوئی، احسن اقبال

روشن مستقبل جمہوری عمل کے تسلسل اور اداروں کے استحکام سے جڑا ہے، ہمیں باہمی اختلافات بھلا کر جمہوری اداروں کو مضبوط کرنا ہوگا

ہمیں محنت، جدت، معیار اور علم پر مبنی معیشت کو فروغ دینا ہوگا، ہمارا پختہ عزم ہے کہ پاکستان کو 2035 تک 1 ہزار ارب ڈالر کی معیشت بنائیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ جمہوری عمل میں تعطل سے سیاسی عدم استحکام، معاشی بدحالی پیدا ہوئی۔ جمہوریت کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا کہ روشن مستقبل جمہوری عمل کے تسلسل اور اداروں کے استحکام سے جڑا ہے، ہمیں باہمی اختلافات بھلا کر جمہوری اداروں کو مضبوط کرنا ہوگا، ماضی میں بار بار جمہوری عمل میں تعطل پیدا کیا گیا، جمہوری عمل میں تعطل سے سیاسی عدم استحکام، معاشی بدحالی پیدا ہوئی۔ احسن اقبال نے کہا کہ ہم سب کو مل کر جمہوری عمل کے فروغ اور (صفحہ 7بقیہ 63)

چنیوٹ: جشن عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں نکالے گئے جلوس کی قیادت مفتی علامہ امتیاز احمد حقانی کرتے ہوئے۔

حکومت مذہبی اقلیتوں کیلئے تاریخ ساز کام کر رہی ہے، رمیش سنگھ اروڑہ

مریم نواز شریف کے مذہبی اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کے نتیجے میں ہر مذہب کا فرد مطمئن اور پرسکون ہے

تقریب میں سابق وفاقی وزیر خلیل جارج، غیر ملکی پاسٹرز اور عیسائی برادری کے افراد کی شرکت

لاہور: صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ، میاں چنوں میں مسیحی براری کی دعائیہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر اقلیتی امور، رمیش سنگھ اروڑہ، نے گزشتہ روز میاں چنوں کے نواحی علاقے روبنس آباد چک 136 سول ایل کے دورے کے دوران مسیحی برادری کی ایک دعائیہ تقریب میں خصوصی طور پر شرکت کی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر میاں چنوں نے مذہبی اقلیتی برادری کے ہمراہ صوبائی وزیر کا پرتپاک استقبال کیا جبکہ تقریب میں ملک کی ترقی اور سلامتی کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں۔ (صفحہ 7بقیہ 51)

ملک شہباز احمد ایڈووکیٹ پروقار قائد ہیں۔ جواد ابریز خان

ایس۔ اینڈ۔ اے ایسوسی ایٹس گلدستے کی مانند ہیں۔ راحت نذیر وینس

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) انجینیر جواد ابریز خان ایڈووکیٹ کی سالگرہ کی پروقار تقریب ایس۔ اینڈ۔ اے نشاط پارک آفس میں منعقد ہوئی۔ ایس۔ ایںڈ۔ اے ایسوسی ایٹس کی روح رواں ملک شہباز احمد اعوان، بیرسٹر وقاص ابریز خان، سیکرٹری جنرل سیالکوٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ چوہدری راحت نذیر وینس، چوہدری حسن علی بھلی امیدوار پنجاب بار کونسل سیالکوٹ سیٹ، جنید ذاکر اعوان، شہزادور ابریز خان، ملک فہد اعوان ایڈووکیٹ نے کیک کٹنگ (صفحہ 7بقیہ 66)

پنجاب پولیس کو دو انتہائی مطلوب ملزمان متحدہ عرب امارات سے گرفتار

لاہور (این این آئی) پنجاب پولیس کو قتل کے مقدمات میں مطلوب دو انتہائی خطرناک اشتہاری ملزموں کو متحدہ عرب امارات سے گرفتار کر لیا گیا۔ اشتہاری عمران عرف شعیبو نے 2006 میں گوجرانوالہ میں شہری کو گولیاں مار کر قتل کیا تھا۔

مصطفیٰ آباد: انجمن طلبہ اسلام کنگن پور کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد

مصطفیٰ آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) انجمن طلبہ اسلام کنگن پور کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد، امید کرتے ہیں کہ ناظم چوہدری عدیل رضا خاں اور جنرل سیکرٹری یاسر امین اپنی ٹیم کے ہمراہ بہترین خدمات ادا کریں گے، تفصیلات کے مطابق مصطفیٰ آباد کی سیاسی، (صفحہ 7بقیہ 65)

رسول کریم ﷺ کی ذات سے ہمیشہ ہر ایک کو فائدہ پہنچا، مولانا محمد وسیم عطاری

رسول کی حرام کردہ اور بتائی ہوئی منہیات ومنکرات سے اجتناب کیا جانا بھی ضروری ہے

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) دعوت اسلامی کے ضلعی نگران مولانا محمد وسیم عطاری نے کہا ہے کہ رسول کریم ﷺ کی ذات سے ہمیشہ ہر ایک کو فائدہ پہنچا۔ آپ ﷺ نے انسانیت کو پیار ومحبت کا درس دے کر نفرت کو ختم کیا اور ایک بہترین معاشرے کی بنیاد رکھی۔ ان خیالات کا اظہار وہ حافظ آباد جھنانہ میں منعقدہ میلاد کی محفل سے خطاب کے دوران کر رہے تھے۔ محفل (صفحہ 7بقیہ 62)

حافظ آباد: حافظ آباد جھنانہ میں منعقدہ محفل میلاد سے دعوت اسلامی کے ضلعی نگران مولانا محمد وسیم عطاری، سابق ضلع ناظم کرنل (ر) علی احمد اعوان ودیگر خطاب کر رہے ہیں۔

بلاول بھٹو زرداری کی 36 ویں سالگرہ 21 ستمبر کو منائی جائے گی

مکوآنہ (این این آئی) سابق وزیر اعظم محترمہ بے نظیر بھٹو کے فرزند بلاول بھٹو زرداری کی 36 ویں سالگرہ 21 ستمبر کو منائی جائے گی اس سلسلے فیصل آباد سمیت ملک بھر میں (صفحہ 7بقیہ 53)

ادویات کی مفت فراہمی کو بھی یقینی بنایا جا رہا ہے، ڈپٹی کمشنر

شہری 1033 ہیلپ لائن کا کال کر کے شکایت درج کروا سکتے ہیں

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت کے مطابق عوام الناس کو صحت کی معیاری سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے سرکاری ہسپتالوں، بنیادی و دیہی مراکز صحت پر ڈاکٹرز اور سٹاف کی ڈیوٹی پر حاضری اور مریضوں کو علاج معالجے کی سہولیات کے ساتھ ان کو ادویات کی مفت فراہمی کو بھی یقینی بنایا جا رہا ہے، بنیادی مراکز صحت پر ادویات کی عدم دستیابی پر شہری 1033 ہیلپ لائن کا کال کر (صفحہ 7بقیہ 52)

سیالکوٹ: ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین بنیادی مرکز صحت اگوکی اور گورنمنٹ انسٹی ٹیوٹ فار سلولر زرز کا معائنہ کر رہے ہیں۔

آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا اسوہ حسنہ تمام انسانیت کے لیے مشعل راہ ہے، علامہ مفتی محمد نوید اقبال چشتی

نکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا اسوہ حسنہ تمام انسانیت کے لیے مشعل راہ ہے علامہ مفتی محمد نوید اقبال چشتی۔ جامع مسجد خضراء المعروف مسجد شیخاں کے خطیب علامہ مفتی محمد نوید اقبال چشتی نے اپنے بیان (صفحہ 7بقیہ 54)

لالیاں: پولیس نے مختلف علاقوں سے 5 منشیات فروشوں کو گرفتار کر لیا

گرفتار ملزمان میں حذیفہ، عمر خیام، رضا، شاہد اور اظہر شامل ہیں

لالیاں (رانا کاشف کلیم سے) تھانہ محمد والا پولیس نے مختلف علاقوں سے 5 منشیات فروشوں کو گرفتار کر لیا۔ 2990 گرام چرس برآمد۔ تفصیلات کے مطابق ریجنل پولیس آفیسر ڈاکٹر محمد عابد خان کی ہدایت پر ضلع بھر میں منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ تھانہ محمد والا پولیس نے مختلف علاقوں سے 5 منشیات فروشوں کو گرفتار کیا۔ گرفتار منشیات فروش (صفحہ 7بقیہ 69)

وزیر اعلیٰ لاہور میں جلد ماڈرن اینڈ اینوویٹو سبزی منڈی کا سنگ بنیاد رکھیں گی

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف لاہور میں جلد ماڈرن اینڈ اینوویٹو سبزی منڈی کا سنگ بنیاد رکھیں گی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے ماڈرن اینڈ اینوویٹو ویجیٹیبل وفروٹ مارکیٹ کو ایشیاء کی بہترین (صفحہ 7بقیہ 67)

پاکستان کی معیشت بہتری کی جانب گامزن، ڈیفالٹ کا خطرہ ٹل گیا، اسٹیٹ بینک

کراچی (این این آئی) پاکستان کے ڈیفالٹ کا خطرہ ٹل گیا۔ اسٹیٹ بینک پاکستان کے پاس ایف ای آر (زرمبادلہ کے ذخائر) 30 ملین ڈالر سے بڑھ کر ستمبر 2024 میں 9.466 ارب ڈالر تک پہنچ گئے۔ اسٹیٹ بینک (صفحہ 7بقیہ 68)

سرکاری سطح پر تعلیم کو ترجیح نہیں دی جا رہی، لیاقت بلوچ

سرکاری تعلیمی ادارے اپنی ذمہ داریاں نہیں نبھا رہے، نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان

وزیر آباد (نامہ نگار) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ سرکاری سطح پر تعلیم کو ترجیح نہیں دی جا رہی سرکاری تعلیمی ادارے اپنی ذمہ داریاں نہیں نبھا رہے جسکی وجہ سے پرائیویٹ سیکٹر کو آگے آنا پڑا قرآن وسنت کی بنیادی تعلیم اور جدید تعلیم کا ملاپ ہی بنیادی ضرورت ہے نوجوانوں کے روشن مستقبل کے لئے اسلامی تعلیمات ناگزیر ہیں (صفحہ 7بقیہ 61)

مقبوضہ کشمیر میں حریت پسندوں نے بھارتی فوج پر خوف طاری کر دیا

انتخابات سے قبل مقبوضہ کشمیر میں حریت پسندوں کے حملوں نے بھارتی افواج کو حیران کر دیا، رپورٹ

لندن (این این آئی) مقبوضہ کشمیر میں حریت پسندوں نے بھارتی فوج پر خوف طاری کر دیا۔ برطانوی اخبار دی گارڈین نے بھارتی افواج اور حکومت کا بیانیہ اڑا کے رکھ دیا۔ برطانوی اخبار کی رپورٹ میں کہا گیا کہ انتخابات سے قبل مقبوضہ کشمیر میں حریت پسندوں کے حملوں نے بھارتی افواج کو حیران کر دیا۔ حریت پسندوں نے بھارتی فوجیوں کو ناکوں چنے چبوا دیئے ہیں (صفحہ 7بقیہ 60)

دبئی میں غیر قانونی تارکین کے لیے مہلت 30 اکتوبر کو ختم ہو جائے گی، صلاح القمزی

دبئی (این این آئی) دبئی میں غیر ملکیوں کے امور کے ادارے کے معاون ڈائریکٹر بریگیڈیئر صلاح القمزی نے کہا ہے کہ امارات میں مقیم ایسے غیر ملکی جن کے اقامے (صفحہ 7بقیہ 56)

مودی کا دور اقتدار: بھارت میں بیروزگاری/غربت میں اضافہ

بے روزگاری کے باعث بھارتی نوجوانوں میں خودکشی کی شرح میں بھی اضافہ ہوا، عالمی میڈیا

نئی دہلی (این این آئی) مودی کے بھارت میں تعلیم یافتہ نوجوان روزگار سے محروم ہیں، مودی کے بھارت میں نوجوان بے روزگاری کے بوجھ تلے دب چکے ہیں۔ عالمی میڈیا کے مطابق ایشیا کی نام نہاد تیسری بڑی معیشت اپنے نوجوانوں کو روزگار تک فراہم نہیں کر پا رہی۔ مودی حکومت نے نوجوانوں کو مایوسی کے سوا کچھ نہیں دیا جس کی ایک مثال یہ ہے کہ ایک سال میں ایک نوجوان نے 50 انٹرویوز دیئے لیکن اسے چپڑاسی کی نوکری بھی نہ مل سکی۔ 29 سالہ چندن کمار ڈگری کا حامل ہے لیکن پچھلے 12 سال سے نوکری کی تلاش میں ہے۔ ایک رپورٹ کے مطابق مودی کے (صفحہ 7بقیہ 55)

برتھ سرٹیفکیٹ فیس خاتمہ اچھا فیصلہ ہے، روبینہ خالد

وزیر اعلیٰ سندھ اور کابینہ کے ارکان کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام (بی آئی ایس پی) کی چیئرپرسن سینیٹر روبینہ خالد نے سندھ حکومت کی جانب سے برتھ سرٹیفکیٹ کی فیس کے خاتمے کی منظوری دینے پر وزیر اعلیٰ سندھ اور کابینہ کے ارکان کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا ہے۔ انہوں نے اس فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ سندھ کابینہ کے حالیہ اجلاس کے دوران کئے گئے فیصلہ کے صوبے کے پسماندہ خاندانوں پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔

حلقے کی محرومیوں کا خاتمہ اولین ترجیح ہے، ترقیاتی کاموں کا آغاز ہو چکا، میاں عثمان نجیب اویسی

عوام کو ریلیف دینے کے لئے وزیر اعظم میاں شہباز شریف ہر ممکن کوشش کر رہے ہیں جلد ملک ترقی کی نئی راہوں پر گامزن ہوگا

بہاولپور (ملک محمد اعجاز) حلقے کی محرومیوں کا خاتمہ اولین ترجیح ہے، ترقیاتی کاموں کا آغاز ہو چکا جلد تبدیلی نظر آئے گی، میاں عثمان نجیب اویسی۔ تفصیل کے مطابق ایم این اے و پارلیمانی سیکرٹری ریلوے میاں عثمان نجیب اویسی کی کاوشوں سے حلقہ این اے 167 میں (صفحہ 7بقیہ 70)

بہاولپور: نور پور تا چوک بھٹہ میٹل روڈ کا کام شروع ہے۔

ماہ ربیع الاول منبع انوار ورحمت کا مظہر ہے، ملک شعیب ریاض

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ماہ ربیع الاول منبع انوار ورحمت کا مظہر ہے اور عالم اسلام اس ماہ میں آپ ﷺ کی آمد کا جشن ہر سال ہی نہایت عقیدت واحترام کے ساتھ مناتے ہیں۔ ہم پر یہ اللہ تعالیٰ کا بہت بڑا فضل ہے کہ اس نے ہمیں اپنے محبوب ﷺ کا امتی بنایا اور یہ سعادت بخشی کہ ہم بھی اس کے محبوب ﷺ کی پیدائش پر خوشی اور مسرت کا اظہار کرتے ہوئے اپنے دامن کو رحمتوں اور انوار وتجلیات (صفحہ 7بقیہ 58)

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔ آفس نمبر 2 ابا سین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

جھنگ: کراسنگ کے دوران ٹرک اور لوڈر رکشہ میں تصادم، ایک شخص جان سے چلا گیا

ٹرک اور لوڈر رکشہ کے درمیان خوفناک تصادم ہوا جس کے نتیجہ میں لوڈر رکشہ کو آگ لگ گئی جس سے ایک شخص جانبر نہ ہو سکا

جھنگ (بیورو رپورٹ) کراسنگ کے دوران ٹرک اور لوڈر رکشہ میں تصادم کے نتیجہ میں ایک شخص جاں بحق جبکہ دوسرا زخمی ہو گیا تفصیلات کے مطابق چنیوٹ روڈ پر 9 میل کے مقام پر ٹرک اور لوڈر رکشہ کے درمیان حادثے کا واقعہ پیش آیا جہاں پر کراسنگ کے دوران ٹرک اور لوڈر رکشہ کے درمیان خوفناک تصادم ہوا جس کے نتیجہ میں لوڈر رکشہ کو آگ لگ گئی جس سے ایک شخص مکمل طور پر جل کر جاں بحق ہو گیا جبکہ (صفحہ 7بقیہ 57)

جھنگ: چنیوٹ روڈ پر 9 میل کے قریب ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہونیوالا شخص دوسری جانب ریسکیو 1122 کی جانب زخمی شخص کو طبی امداد دی جا رہی ہے۔